★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداداللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 منگل 29 جمادی الاول 1446ھ 03 دسمبر 2024ء 17 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) شمارہ نمبر 48

فرمان الٰہی **اللہ ایک ہے** تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

تحریک انصاف ڈی چوک میں سیکڑوں کارکنوں کی شہادت کے دعوے سے دستبردار

اخبار اور ٹی وی کی سہولت نہ ہونے کے باعث بانی کو کوئی پتا نہیں تھا کہ اسلام آباد میں 26 نومبر کو کیا ہوا، بانی کا پیغام ہے کہ پارلیمنٹ میں یہ معاملہ اٹھائیں احتجاج کریں، آگے کے لائحہ عمل کا اعلان بانی پی ٹی آئی بعد میں کریں گے

ڈی چوک آنا کوئی مقصد نہیں تھا اور نہ ہی ہر لیڈر کو کہا گیا تھا کہ سب ڈی چوک پہنچو، کسی بھی لیڈر کو اسی وقت ریلی کے ساتھ ڈی چوک آنے کا نہیں کہا گیا تھا، سب لوگ اپنی اپنی خدمات سرانجام دے رہے تھے، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف نے ایک بڑا یوٹرن لے لیا۔ پی ٹی آئی 26 نومبر کی رات ڈی چوک میں سکیورٹی فورسز کے کریک ڈاؤن میں اپنے سیکڑوں کارکنوں کے جاں بحق ہونے کے دعوے سے دستبردار ہوگئی اور صرف 12 کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کردی۔ اڈیالہ جیل راولپنڈی میں بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات کے بعد چیئرمین پی ٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

آئینی عدالت کا قیام، کے پی حکومت کا اسمبلی میں قرارداد نہ لانے کا فیصلہ

26 ویں آئینی ترامیم کو ہم مانتے ہی نہیں تو کیسے آئینی عدالتوں کے قیام کا فیصلہ مانیں، وزیر قانون

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے آئینی عدالتوں کے قیام کیلئے صوبائی اسمبلی میں قرارداد نہ لانے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ صوبائی وزیر قانون آفتاب عالم کا کہنا ہے کہ 26 ویں آئینی ترامیم کو ہم مانتے ہی نہیں تو کیسے آئینی عدالتوں کے قیام کا فیصلہ مانیں، اسی لیے خیبر پختونخوا حکومت نے 26 ویں ا؟ یکی ترمیم کے تحت ا؟ یکی عدالتوں کے قیام کے لیے قرارداد صوبائی اسمبلی میں پیش نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالے سے کابینہ نے بھی منظوری دی ہے کہ آئینی عدالتوں کے قیام کیلئے قرارداد اسمبلی میں پیش نہیں کرنی، اس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

یواے ای دنیا بھر میں جدت اور ترقی کی قابل تقلید مثال ہے، مریم نواز شریف

پاکستان کی ورک فورس نے متحدہ عرب امارات کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کیا، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (خبرنگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات (یواے ای) دنیا بھر میں جدت اور ترقی کی قابل تقلید مثال ہے۔ اپنے ایک بیان میں مریم نواز شریف نے متحدہ عرب امارات کے عوام کو 53 ویں قومی دن پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

بلاول بھٹو زرداری کی زیر صدارت اجلاس، دہشت گردی کے واقعات پر اظہار تشویش

سیاسی معاملات پر اتفاق رائے قائم کرنے کیلئے اراکین سیاسی جماعتوں سے رابطہ کریں، بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رابطہ کمیٹی کا اجلاس پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی زیر صدارت بلاول ہاؤس میں ہوا، جس کا مقصد موجودہ سیاسی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے حکمت عملی اور غوروخوض کرنا تھا۔ اراکین نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف پاکستان میں مختلف شعبوں میں سعودی عرب کی سرمایہ کاری کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

70 مہینوں بعد مہنگائی کم ترین سطح پر آ گئی، وزیراعظم

مہنگائی وہ واحد ٹول ہے جس سے غریب آدمی کی زندگی میں مزید مشکل یا آسودگی لے کر آتا ہے، امید کی جانی چاہیے کہ اسٹیٹ بینک کی اگلی میٹنگ میں پالیسی ریٹ میں مزید بہتری کے امکانات ہوں گے فیصلہ مرکزی بینک نے کرنا ہے

پچھلے دنوں دھرنوں کے باعث ملک میں ہیجانی کیفیت رہی، خاص طور پر اسلام آباد میں ہر طرف افراتفری کا سامان تھا، ہر طرف توڑ پھوڑ کی جارہی تھی، اپنے انتہائی غلط اور غیر قانونی ہتھکنڈوں سے ملک کی بے عزتی کرائی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ 70 مہینوں بعد مہنگائی کم ترین سطح پر آگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ 70 مہینوں بعد مہنگائی کم ترین سطح پر آگئی ہے، مہنگائی کم ترین سطح پر آنا پاکستان کے لیے اچھی خبر ہے، 2018 میں نوازشریف کے دور حکومت میں مہنگائی 5.3 فیصد تھی، اس مہینے میں یہ 9.4 فیصد پر پہنچی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مہنگائی وہ واحد ٹول ہے جس سے غریب آدمی کی زندگی میں مزید مشکل یا آسودگی لے کر آتا ہے، اس سے عام آدمی کا بوجھ کم ہوگا، امید کی جانی چاہیے کہ اسٹیٹ بینک کی اگلی میٹنگ میں پالیسی ریٹ میں مزید بہتری کے امکانات ہوں گے جس کا فیصلہ مرکزی بینک نے کرنا ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پچھلے دنوں دھرنوں کے باعث ملک میں ہیجانی کیفیت رہی، خاص طور پر اسلام آباد میں ہر طرف افراتفری کا سامان تھا، ہر طرف توڑ پھوڑ کی جارہی تھی، اپنے انتہائی غلط اور غیر قانونی ہتھکنڈوں سے ملک کی بے عزتی کرائی گئی، ایک دن میں اسٹاک ایکسچینج ساڑھے 3 ہزار پوائنٹس نیچے گری، جب یہ مظاہرین ڈی چوک سے پیچھے ہٹے تو اسٹاک مارکیٹ نے دوبارہ چھلانگ لگائی اور مارکیٹ خسارے میں کمی ہوئی اور منافع میں اضافہ ہوا۔

ہمیں متحدہ عرب امارات کے ترقی اور خوشحالی کے شاندار سفر پر فخر ہے

وزیراعظم کی متحدہ عرب امارات کی قیادت اور عوام کو 53 ویں قومی دن پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے متحدہ عرب امارات (یواے ای) کی قیادت اور عوام کو 53 ویں قومی دن پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ہمیں متحدہ عرب امارات کے ترقی اور خوشحالی کے شاندار سفر پر فخر ہے جو عزت مآب شیخ زاید بن سلطان النہیان مرحوم کی دانشمندی اور فہم وفراست کی وجہ سے ممکن ہوا۔ انہوں نے کہا کہ جدت کے اس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

عمران خان 28 ستمبر، 4 اکتوبر اور 5 اکتوبر کے 6 مقدمات میں بھی گرفتار

24 نومبر احتجاج کے 28 مقدمات میں تاحال گرفتاری نہیں ڈالی گئی، ریمانڈ لیا جائیگا

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی 28 ستمبر، 4 اکتوبر اور 5 اکتوبر کے 6 مقدمات میں گرفتاری ڈال دی گئی جبکہ 24 نومبر احتجاج کے 28 مقدمات میں تاحال گرفتاری نہیں ڈالی گئی۔ سابق وزیراعظم کا ان 6 مقدمات میں 7 روزہ جسمانی ریمانڈ لیا جائے گا، تمام 6 تھانوں کے تفتیشی افسران نے گرفتاری ڈال کر سات روزہ جسمانی ریمانڈ کی درخواستیں عدالت پیش کردیں۔ گرفتاری رپورٹ عدالت پیش کردی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

پاکستان کو کوئی سازش تباہی کی طرف نہیں لے جاسکتی، رانا مشہود

آپ خوشحال پاکستان کا ہراول دستہ ہیں، پاکستان کی اساس پر بار بار حملے ہو رہے ہیں، تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) وزیراعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان کا کہنا ہے کہ پاکستان کو کوئی سازش تباہی کی طرف نہیں لے جا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کا پہلا اجلاس

وزیراعلیٰ نے پیرا کو 3 ماہ میں فنکشنل کرنے کا ٹارگٹ مقرر کر دیا، ایڈمنسٹریشن و لاجسٹک، فنانس، لیگل اور ٹیکنیکل کمیٹیوں کے قیام کی منظوری

مریم نواز کی پیرا میں تعیناتیاں، ہائرنگ کیلئے شفافیت اور میرٹ یقینی بنانے کا حکم، مانیٹرنگ کا موثر نظام وضع کرنے کی ہدایت

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کا پہلا باضابطہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پیرا دفاتر کے قیام، تعیناتی، قواعد وضوابط اور دیگر امور کی منظوری دی گئی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پیرا میں تعیناتیاں، ہائرنگ کے لئے شفافیت اور میرٹ یقینی بنانے کا حکم دیا اور پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی میں مانیٹرنگ کا موثر نظام وضع کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں پیرا سے متعلق 4 کمیٹیوں کے قیام کی منظوری دی گئی۔ جس میں ایڈمنسٹریشن لا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان یونیورسٹی آف فیصل آباد کے کانووکیشن کے دوران طلبہ میں اسناد و سرٹیفکیٹس تقسیم کر رہے ہیں

کرم کا مسئلہ دہشتگردی نہیں، چند عناصر دو مسلکوں میں نفرتیں پھیلا رہے ہیں، علی امین گنڈاپور

مقامی عمائدین شرپسند عناصر کی نشاندہی میں تعاون کریں، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کا اجلاس سے خطاب

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے واضح کیا ہے کہ کرم کا مسئلہ دہشتگردی نہیں بلکہ چند شرپسند عناصر دو مسلکوں کے لوگوں میں نفرتیں پھیلا رہے ہیں، مقامی عمائدین شرپسند عناصر کی نشاندہی میں تعاون کریں۔ وزیراعلیٰ علی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

حکومت کو گورنر راج جیسے فیصلے کرنے کا شوق نہیں، مجبور کیا جارہا ہے، طلال چوہدری

ہم سیاسی حکومت ہیں ایسا اقدام نہیں کرنا چاہتے ہیں، یہ آخری وارننگ ہے، نجی ٹی وی سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ ن کے رہنما طلال چوہدری کا کہنا ہے کہ حکومت کو گورنر راج جیسے فیصلے کرنے کا شوق نہیں لیکن مجبور کیا جارہا ہے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے پی ٹی آئی حکومت نیشنل ایکشن پلان پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

ڈی آئی خان میں فائرنگ، وزیراعلیٰ کے پی گنڈاپور کے رشتے دار جاں بحق

مقتول ثقلین گنڈاپور کے والد اسماعیل خان وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کے رشتے میں چچا ہیں

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈی آئی خان کی تحصیل کلاچی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کے رشتے دار ثقلین خان گنڈاپور جاں بحق ہوگئے۔ خاندانی ذرائع کے مطابق مقتول ثقلین گنڈاپور کے والد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

مجھ پر موٹر سائیکل چوری کے 3 مقدمے بنے، عمر ایوب

پشاور ہائی کورٹ نے عمر ایوب اور فیصل امین کو 21 دسمبر تک راہداری ضمانت دے دی

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے عمر ایوب اور فیصل امین کو 21 دسمبر تک راہداری ضمانت دے دی۔ پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب اور فیصل امین کی راہداری ضمانت کی درخواستوں پر جسٹس شکیل احمد نے سماعت کی۔ سماعت کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

پنجاب حکومت فنڈز کیلئے اتفاق کر چکی، 5 دسمبر سے ممبران فارم حاصل کر سکیں گے، ارشد انصاری

فارم کے ساتھ پلاٹ کے ترقیاتی کاموں کی دس فیصد ڈاؤن پیمنٹ دینی ہوگی جو کہ تقریباً ایک لاکھ بیس ہزار ہوگی

جو ممبران پہلے درخواست کے ساتھ روڈ اکو دو ہزار روپے ادا کر چکے ہیں ان سے فارم فیس نہیں لی جائے گی

لاہور (خبرنگار) لاہور پریس کلب کی گورننگ باڈی کا اجلاس صدر ارشد انصاری کی زیر صدارت منعقد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

اسلام آباد، وزیر مملکت برائے آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ 45 ویں آر اینڈ ڈی فنڈ پالیسی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

کرتار پور راہداری سے دوستی کے دروازے کھلے ہیں، بابر علاؤالدین

روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں سکھ یاتری مذہبی سیاحت کے ساتھ ساتھ اپنے مقدس مقامات کی زیارت کر رہے ہیں

کرتار پور راہداری "دونوں اطراف کے پنجاب" کو قریب لانے میں انتہائی اہم کردار ادا کر رہی ہے

لاہور (خبرنگار) چیئرپرسن وزیراعلیٰ ڈائریکٹوریٹ فار ایویلوایشن، فیڈبیک اینڈ مانیٹرنگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

لاہور، صدر ن لیگ لاہور سیف الملوک کھوکھر اور فیصل ایوب کھوکھر کھلی کچہری میں عوامی مسائل سن رہے ہیں

اب سختی کا وقت ہے، غلط چیزوں سے نہیں نمٹیں گے تو یہ بڑھیں گی، فیصل کریم کنڈی

دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے کے وسائل سے متعلق 5 دسمبر کو آل پارٹیز کانفرنس بلائی ہے، جرگے سے خطاب

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ اب سختی کا وقت ہے، غلط چیزوں سے نہیں نمٹیں گے تو یہ بڑھیں گی۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے جرگے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے اور صوبے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

راولپنڈی، 9 مئی کے 13 مقدمات کی سماعت 16 دسمبر تک ملتوی

اے ٹی سی راولپنڈی کے جج امجد علی شاہ نے 9 مئی کے 13 مقدمات کی سماعت کی

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت راولپنڈی نے 9 مئی کے 13 مقدمات کی سماعت 16 دسمبر تک ملتوی کر دی۔ اے ٹی سی راولپنڈی کے جج امجد علی شاہ نے 9 مئی کے 13 مقدمات کی سماعت کی۔ دوران سماعت مقدمات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

پشاور، نوجوان سکواش چیمپئن دانش اطلس گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے ملاقات کر رہے ہیں

ای او بی آئی کی پینشن میں اضافہ نہ ہونے کیخلاف کیس میں تفصیلی رپورٹ طلب

ای او بی آئی پینشنرز کیس کی سماعت غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے ای او بی آئی کی پینشن میں اضافہ نہ ہونے کے خلاف کیس میں تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ جسٹس امین الدین کی سربراہی میں 6 رکنی آئینی بینچ نے ای او بی آئی پینشنرز کیس کی 16

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

سپیکر قومی اسمبلی کا سابق ایم این اے مولانا خلیل احمد مخلص کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سابق ممبر قومی اسمبلی مولانا خلیل احمد مخلص کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو قومی اسمبلی سیکرٹریٹ ڈائریکٹر جنرل میڈیا سے جاری بیان کے مطابق سپیکر قومی اسمبلی نے مولانا خلیل احمد مخلص کی وفات پر دکھ اور افسوس کا اظہار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کی تعیناتی کا کیس: سپریم کورٹ کا آئینی بینچ ٹوٹ گیا

جسٹس امین الدین اور جسٹس جمال مندوخیل نے کیس سننے سے معذرت کرلی، کیس دوسرے آئینی بینچ میں مقرر کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان میں چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ عالیہ نیلم کی تعیناتی کیس کا آئینی بینچ ٹوٹ گیا۔ جسٹس امین الدین اور جسٹس جمال مندوخیل نے کیس سننے سے معذرت کرلی۔ آئینی بینچ نے کیس دوسرے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

جلاؤ گھیراؤ کیس، شاہ محمود قریشی، یاسمین راشد دیگر کی فرد جرم کیخلاف درخواستیں خارج

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے اشتعال انگیز تقاریر اور جلاؤ گھیرا کے مقدمات میں پی ٹی آئی رہنماؤں ڈاکٹر یاسمین راشد اور شاہ محمود قریشی سمیت دیگر کی فرد جرم کیخلاف درخواستیں خارج کردیں۔ لاہور کی انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ارشد جاوید نے کوٹ لکھپت جیل میں 9 مئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

کراچی کا فضائی معیار انتہائی درجے تک مضر صحت، آلودگی میں تیسرا نمبر

لاہور آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست ہے، بھارتی دارالحکومت نئی دہلی کا دوسرا نمبر

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سب سے بڑے شہر کراچی کا فضائی معیار انتہائی درجے تک مضر صحت ہے۔ بین الاقوامی ویب سائٹ ایئر کوالٹی انڈیکس کی درجہ بندی کے مطابق کراچی آلودہ ترین شہروں میں آج تیسرے نمبر پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

عافیہ صدیقی کیس: وزیراعظم کے مالی معاونت کی سمری پر دستخط کردیئے

ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال دوگل نے اسلام آباد ہائی کورٹ کو آگاہ کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں عافیہ صدیقی کی صحت یابی اور رہائی سے متعلق ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کی درخواست پر اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ جسٹس سردار اعجاز اسحاق خان نے کیس کی سماعت کی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے عافیہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی قومی دن پر متحدہ عرب امارات کی حکومت اور عوام کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے قومی دن پر متحدہ عرب امارات کی حکومت، سفیر اور عوام کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ قومی دن پر یواے ای کے بہن بھائیوں کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں۔ یواے ای کا قومی دن پاکستان کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

چنیوٹ، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

وزیراعظم کا سلمان مسعود کے والد کے انتقال پر افسوس کا اظہار

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے "دی نیشن" کے ایڈیٹر سلمان مسعود کے والد مسعود احمد کے انتقال پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مرحوم کی بلندی درجات کی دعا اور ان کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت کی۔ وزیراعظم نے سلمان مسعود اور ان کے خاندان کے لئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

محکمہ صحت کے ریٹائرڈ ڈاکٹر کی پنشن روکنے پر جواب طلب

سندھ ہائیکورٹ نے محکمہ صحت، اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ اور دیگر فریقین کو نوٹسز جاری کردیے

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے محکمہ صحت سے ریٹائرڈ ڈاکٹر پریتم کی پنشن روکنے کے خلاف دائر درخواست پر محکمہ صحت، اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ اور دیگر فریقین کو نوٹسز جاری کردیے۔ عدالت نے تمام فریقین سے 9 دسمبر تک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

وفاقی وزیر پاور اویس لغاری 3 روزہ دورے پر روس روانہ

اویس لغاری پاک روس بین الحکومتی کمیشن میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پاور اویس لغاری 3 روزہ سرکاری دورے پر روس روانہ ہو گئے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ پاکستان اور روس کے بین الحکومتی کمیشن میں پاکستان کی نمائندگی کریں گے۔ ذرائع کے مطابق اویس لغاری پاک روس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

حکومت نہتے لوگوں کو دہشتگرد قرار دے رہی ہے، مسرت جمشید چیمہ

لوکل، انٹرنیشنل میڈیا موجود تھا کسی نے مظاہرین کو گولیاں چلاتے نہیں دیکھا، سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ حکومت نہتے لوگوں کو دہشتگرد قرار دے رہی ہے۔ ایکس پر جاری اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ تمام لوکل اور انٹرنیشنل میڈیا گراؤنڈ پر موجود تھا، کسی ایک نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور سے کرم کے معاملے پر قائم گرینڈ جرگے کے ممبران کی ملاقات

کرم کے مسئلے کے حل کے لئے باضابطہ مذاکرات کے آغاز اور دیگر معاملات پر تبادلہ خیال

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور سے کرم کے معاملے پر قائم گرینڈ جرگے کے ممبران نے ملاقات کی ہے، مشیر برائے اطلاعات بیرسٹر سیف بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ملاقات میں کرم کے مسئلے کے حل کے لئے باضابطہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

وزیراعلیٰ پنجاب نے نئے بلدیاتی بل کے مسودے کی منظوری دیدی

نئے نظام کے تحت بلدیاتی انتخابات جماعتی بنیادوں اور یونین کونسل کی بنیاد پر ہوں گے

نئے مسودے میں سابق وزیراعلیٰ حمزہ شہباز کے دور کی تمام اصلاحات شامل ہیں جس کے تحت میونسپل کارپوریشن قائم کی جائیں گی

لاہور (خبرنگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے نئے بلدیاتی بل کے مسودے کی منظوری دیدی۔ پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

انٹرنیٹ اسپیڈ کے مسائل ہیں جو حل ہوتے نظر نہیں آرہے، شہزاد ارشد

آئی ایس پیز کے پاس ابھی انٹرنیٹ کی کم اسپیڈ کا کوئی حل نہیں ہے، نجی ٹی وی سے گفتگو

کراچی (این این آئی) ڈبلیو آئی ایس پی اے پی کے چیئرمین شہزاد ارشد کا کہنا ہے کہ انٹرنیٹ اسپیڈ کے مسائل ہیں جو حل ہوتے نظر نہیں آرہے۔ نجی ٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

پی ٹی آئی والوں کا لاشیں ڈھونڈنے کا منصوبہ ناکام بنادیا گیا، ملک احمد خان

ہتھیار کے استعمال کا حق صرف ریاست کے پاس، کوئی اور استعمال کریگا تو شرپسند، دہشتگرد ہوگا

سیاست اور اختلاف رائے کے نام پر جلاؤ گھیراؤ کوئی سیاسی حق نہیں، سیاست افراتفری کا نام نہیں، یہ لاشوں کے متلاشی ہیں

لاہور (خبرنگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان نے کہا کہ پی ٹی آئی والے لاشیں ڈھونڈتے آرہے تھے جن کا منصوبہ ناکام بنادیا گیا، ایک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

خاتون لیکچرر کو ہراساں کرنے پر یونیورسٹی پروفیسر نوکری سے برخاست

وفاقی محتسب انسداد ہراسانی نے مرد پروفیسر پر 10 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کردیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسانی نے خاتون لیکچرر کو ہراساں کرنے پر یونیورسٹی پروفیسر کو نوکری سے برخاست کر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

کراچی، چینی انجینئرز پر دھماکے کا ایک اور مقدمہ درج، بی ایل اے کمانڈرز نامزد

مقدمے میں قتل، اقدام قتل، دھماکا خیز مواد کے استعمال اور دہشتگردوں کی فنڈنگ سے متعلق دفعات شامل

کراچی (این این آئی) کراچی ایئرپورٹ کے قریب چینی انجینئرز پر دھماکے کا ایک اور مقدمہ درج کرلیا گیا، جس میں بی ایل اے کے کمانڈرز کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

لاہور، وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمن سیکرٹری ایکسائز محمد مسعود مختار سے محکمانہ معاملات پر بریفنگ لے رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

ورچوئل پولیس اسٹیشن کا ایکشن، خواتین پر تشدد کرنے والا ملزم گرفتار

داماد اپنی بیوی اور سسرالی خواتین پر شدید تشدد کرتا تھا' ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی

لاہور (کرائم رپورٹر) ورچوئل پولیس اسٹیشن کا ایکشن، خواتین پر تشدد کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان سیف سٹیز اتھارٹی کے مطابق گجرانوالہ سے ہمسایہ شہری نے ون فائیو ایمرجنسی ہیلپ لائن پر مار پیٹ کی اطلاع دی، کالر نے بتایا کہ سامنے والے گھر سے روزانہ خواتین کے رونے اور مار پیٹ کی آوازیں آتی ہیں، ان کا داماد اپنی بیوی اور سسرالی خواتین پر شدید تشدد کرتا ہے، اطلاع موصول ہوتے ہیں ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن نے پولیس کو موقع پر روانہ کیا۔ ابتدائی تحقیقات سے معلوم ہوا کہ خاتون اپنے میکے میں مقیم تھی اور اس کا شوہر روزانہ آ کر مار پیٹ کرتا تھا، مار پیٹ کے دوران گھر کے دیگر خواتین نے اسے چھڑانے کی کوشش کی تو ملزم نے پستول نکال لیا۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرتے ہوئے مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس نے ملزم کے خلاف قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا۔ ترجمان سیف سٹیز نے کہا کہ خواتین کسی بھی ایمرجنسی میں فوراً 15 پر کال کر کے 2 دبا کر ورچوئل ویمن پولیس اسٹیشن میں رابطہ کریں۔

1400 کلو گوشت، 650 لیٹر ملاوٹی دودھ اور بھاری مقدار میں ملاوٹی مصالحہ جات، ممنوعہ اشیاء تلف

فوڈ سیفٹی ٹیموں کا لاہور بھر میں کریک ڈاؤن، 6 فوڈ پوائنٹس کی پروڈکشن بند

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے لاہوریوں تک معیاری خوراک کی فراہمی کے لیے کارروائیاں جاری ہیں، ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے لاہور بھر میں کریک ڈاؤن کے دوران 6 فوڈ پوائنٹس کی پروڈکشن بند، 4 کیخلاف مقدمات درج اور 11 لاکھ 57 ہزار کے جرمانے عائد کر دیے جبکہ 1400 کلو گوشت، 650 لیٹر ملاوٹی دودھ اور بھاری مقدار میں ملاوٹی مصالحہ جات، ممنوعہ اشیاء تلف کر دیں۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے بتایا کہ علی الصبح ناکہ بندی کے دوران 5 لاکھ 53 ہزار لٹر دودھ کی چیکنگ کی گئی، بولٹن مارکیٹ میں 55 ہزار کلو گوشت کا معائنہ کیا گیا۔ جعلسازی کا مکروہ دھندہ کرنے والوں کیخلاف 4 مقدمات درج کروا دیے گئے۔ اصلاحی نوٹس دینے کے باوجود اصلاح نہ کرنے پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے۔ قوانین کی سنگین خلاف ورزی پر معروف فوڈ پوائنٹس کی پروڈکشن بند کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خوراک کا کاروبار صرف پنجاب فوڈ اتھارٹی کے مقرر کردہ قوانین کے مطابق ہی کیا جا سکتا ہے، ملازمین کے میڈیکل اور ٹریننگ سرٹیفکیٹس سمیت ہیومن فوڈ ریگولیشنز کی پاسداری یقینی بنائی جائے۔

وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ کا نیشنل انسانی حقوق کانفرنس میں شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ انسانیت کو بااختیار بنانا کے عنوان پر کانفرنس میں خصوصی شرکت

پنجاب حکومت کمزور طبقات کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرعزم ہے، رمیش سنگھ اروڑہ

لاہور (خبر نگار) قومی کمیشن برائے انسانی حقوق نے خواجہ سراء سوسائٹی کے اشتراک سے انسانی حقوق کے لیے تبدیلی کی تحریک اور انسانیت کو بااختیار بنانا" کے عنوان پر ایک روزہ کانفرنس کا انعقاد کیا۔ کانفرنس میں پنجاب حکومت کے صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، ندیم اشرف، رکن قومی کمیشن برائے انسانی حقوق، علی بہادر قاضی، سیکرٹری انسانی حقوق و اقلیتی امور، ایم ڈی پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی اور ماہ نور چوہدری، خواجہ سرا سوسائٹی نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ ندیم اشرف، رکن قومی کمیشن برائے انسانی حقوق، نے اپنے خیر مقدمی خطاب میں انسانی حقوق کے فروغ کے لیے اجتماعی کوششوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اداروں، کمیونٹیوں اور حکومتوں کے مابین مستقل تعاون کی ضرورت ہے۔ اپنے کلیدی خطاب میں، وزیر برائے اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے پنجاب حکومت کے عزم کا اعادہ کیا کہ نہ صرف خواتین کے خلاف تشدد کو ختم کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں بلکہ دیگر کمزور طبقات جیسے خواجہ سرا، اقلیتی افراد اور معذور افراد کے حقوق کا تحفظ بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا، پنجاب حکومت اور حقوق انسانی و اقلیتی امور کے محکمہ کا مقصد تمام انسانوں کے حقوق کا تحفظ اور کمزور طبقات کے لیے آگاہی بڑھانا ہے۔ صوبائی وزیر نے حکومت کی آئندہ منصوبہ بندی کے بارے میں بتایا کہ معاشرے کے کمزور طبقات کے حقوق کے تحفظ کے لیے محکمہ کے پلیٹ فارم سے پہلی مرتبہ پانچ سالہ حکمت عملی/ اسٹریٹجک پلان تشکیل دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے "تحفظ مرکز" کے بارے میں بھی بتایا، جو خواتین، بچوں اور خواجہ سرا افراد کے لیے سوشل پروٹیکشن فراہم کرنے والا ایک انقلابی منصوبہ ہے۔ رمیش سنگھ نے صنفی بنیاد پر تشدد کے خاتمے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے افراد، کمیونٹیوں، اداروں اور حکومتوں کو مشترکہ طور پر ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ کانفرنس میں ایک متاثر کن تھیٹر پرفارمنس اور ایک پینل ڈسکشن کا اہتمام بھی کیا گیا، جس میں شرکاء نے انسانی حقوق کے بنیادی اصولوں اور ان کے تحفظ کے لیے موجودہ قانونی طریقوں پر تفصیل سے گفتگو کی۔ اس دوران حقیقت کی عکس بندی: کیمرے کے ذریعے سچ کے عنوان سے ایک ڈاکومنٹری بھی دکھائی گئی، جو انسانی حقوق کی جدوجہد اور کامیابیوں کو بصری طور پر پیش کرتی ہے۔ کانفرنس میں مختلف اداروں کے نمائندوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ کمزور طبقات کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنے فعال کردار کو یقینی بنائیں گے۔ کانفرنس کے اختتام پر انسانی حقوق کے تحفظ میں نمایاں خدمات سر انجام دینے پر مختلف نمائندگان کو تعریفی اسناد جبکہ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ کو انسانی حقوق اور اقلیتی امور کے لیے ان کی شاندار خدمات کے اعتراف میں خصوصی شیلڈ سے نوازا گیا۔

لیسکو کے ریٹائر ہونیوالے ملازمین کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کے ماہ جولائی میں ریٹائر ہونے والے ملازمین کے اعزاز میں شاندار تقریب منعقد کی گئی، ریٹائر ہونے والے 10 ملازمین کو پنشن پیپرز اور واجبات کے چیکس دینے کی تقریب میں چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر، ڈی جی ایڈمن نعمان غفور، ٹیلیمر سروسز حارث بشارت اور ڈپٹی منیجر ایڈمن سلمان حیدر نے شرکت کی۔ تقریب میں ریٹائر ہونے والے تمام ملازمین کی پرتکلف چائے اور ریفریشمنٹ سے تواضع کی گئی جبکہ پنشن پیپرز اور واجبات کے چیک بھی موقع پر دے دیے گئے۔ تقریب کے اختتام پر چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر نے ریٹائرڈ ملازمین کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ تمام ملازمین ہمارے لیے محترم ہیں اور ان کی عزت کے ساتھ ریٹائرمنٹ پر میں انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں انہوں نے مزید کہا کہ اس تقریب کا مقصد آپ کی کمپنی کے لیے دی گئی خدمات کو سراہنا ہے کیونکہ آپ نے اپنی زندگی کا ایک بڑا حصہ کمپنی کے لیے وقف کیا اور بطور چیف ایگزیکٹو آفیسر میں آپ کی جانب سے کمپنی کی ترقی کے لیے کی گئی کاوشوں کا شکر گزار ہوں، آپ کی ریٹائرمنٹ کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ اس ادارے سے آپ کا تعلق ختم ہو گیا بلکہ ریٹائرمنٹ کے بعد بھی آپ ہمارے لیے اسی طرح عزت کے قابل ہیں اور آپ کا اور ہمارا رشتہ پہلے سے بھی زیادہ مضبوط ہو گیا ہے۔ آخر میں انہوں نے ریٹائرڈ ملازمین کے لیے اچھی صحت اور خوشگوار زندگی کے لیے دعائیں دیں۔

شور و غوغا



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تلاش گمشدہ ایک بزرگ جو کہ اپنا نام اور پتہ نہیں بتا سکتا ذہنی توازن ٹھیک نہیں۔ چند دنوں ڈیرہ رانا یاسر آف ڈھنگ تحصیل و ضلع نارووال پر پناہ پزیر ہیں اگر کوئی جانتا ہے یا کسی کا کوئی رشتہ دار ہے تو درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں شکریہ

0349-6136856
0300-6255332
0340-6205571
0347-5756814

جنرل ہسپتال کے سینئر فارمیسی ٹیکنیشن دل کا دورہ پڑنے سے خالق حقیقی سے جا ملے

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر، ایم ایس ڈاکٹر فریاد حسین ودیگر کا اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) لاہور جنرل ہسپتال کے سینئر فارمیسی ٹیکنیشن حبیب الرحمان گھر میں دل کا دورہ پڑنے سے اپنے خالق حقیقی سے جا ملے، ان کے اچانک انتقال پر پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ و امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر فریاد حسین اور ہسپتال کے دیگر ساتھی ملازمین نے دلی دکھ اور اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ حبیب الرحمان انتہائی ملنسار، شفیق، ہمدرد، محبت کرنے اور اپنے فرائض منصبی جان فشانی سے سر انجام دینے والی شخصیت تھے۔ انہوں نے مرحوم کیلئے مغفرت کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ حبیب الرحمان کو اپنے جوار رحمت میں جگہ اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابل تلافی نقصان ہمت اور صبر کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اس موقع پر پرنسپل لاہور جنرل ہسپتال پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ حبیب الرحمان مرحوم کے سرکاری واجبات اور دیگر مراعات کی جلد ادائیگی کے لئے فوری اقدامات کیے جائیں گے تاکہ مرحوم کے اہل خانہ کو مالی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

لاہور پولیس کے افسران وارداتوں کو روکنے میں ناکام

گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 262 وارداتیں رپورٹ

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس کے افسران وارداتوں کو روکنے میں ناکام، گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شہر میں مختلف جرائم کی 262 وارداتیں رپورٹ، پولیس ذرائع کے مطابق ہاؤس رابری کی وارداتوں میں ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر ایک گھر سے لاکھوں روپے اور طلائی زیورات لوٹ لیے نقب زنی کی وارداتوں میں چور شہر کے مختلف علاقوں میں 9 گھروں سے لاکھوں مالیت کے طلائی زیورات، نقدی اور دیگر سامان لے اڑے، راہزنی کی وارداتوں میں ڈاکو اسلحہ کے زور پر مختلف مقامات سے 15 افراد سے لاکھوں روپے 3 شہریوں سے موٹر سائیکلیں اور موبائل فونز چھین کر لے گئے، جھپٹا مار کارروائیوں میں ڈاکو 19 شہریوں سے شاہراہ عام پر ہزاروں روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر کے مختلف علاقوں سے 18 موٹر سائیکلیں، 3 دیگر وہیکل، 2 مویشی چوری ہو گئے اور مختلف تھانوں میں متفرق چوری کی 195 وارداتیں رپورٹ ہوئیں۔

ایک نوجوان مال روڈ پر سکول بیگز فروخت کرنے کیلئے گاہکوں کے انتظار میں کھڑا ہے

خراب انجن، زیادہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے روٹ پرمٹ منسوخ کرنے کا فیصلہ

فضائی آلودگی کے خلاف جنگ دراصل شہریوں کی زندگی کے تحفظ کی جنگ ہے سینئر وزیر مریم اورنگزیب

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور میں سموگ کے مسئلے پر قابو پانے کے لیے پنجاب حکومت کے اہم اقدامات جاری ہیں، وزیر اعلیٰ نے خراب انجن اور زیادہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے روٹ پرمٹ منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور محکمہ ٹرانسپورٹ اور پولیس کو ہدایت دی ہے کہ ایسی گاڑیوں کو سڑکوں پر نہ آنے دیا جائے۔ سموگ کے خاتمے کے لیے جمعہ اور اتوار کے روز بھاری گاڑیوں کے لاہور میں داخلے پر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ لودھراں، اوکاڑہ، وہاڑی اور سرگودھا میں چھ بھٹے مسمار کر دیے گئے ہیں جبکہ تین صنعتی یونٹس، ایک اسٹیل رولنگ مل، ایک ٹیکسٹائل یونٹ، اور ایک چاول مل کو بھی سیل کیا گیا ہے۔ اب تک ایک ہزار سے زائد گاڑیوں کی پڑتال کی گئی ہے، جن میں سے 144 گاڑیوں کو بند کیا گیا ہے، اور سموگ رولز کی خلاف ورزی کرنے والی 64 ریت کی ٹرالیاں بھی بند کر دی گئی ہیں۔ مزید برآں، سڑکوں پر پانی کا چھڑکاؤ اور صفائی کے کام جاری ہیں۔

پی ڈی ایم ٹو کی حکومت نے پورے معاشی نظام کو ہی مفلوج کر کے رکھ دیا ہے' ذکر اللہ مجاہد

فائروال ٹیسٹنگ سے انٹرنیٹ روی کا شکار، انڈسٹریز کو اربوں روپے کا نقصان ہو چکا' قائمقام امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (سٹاف رپورٹر) قائمقام امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی ذکر اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ فائروال ٹیسٹنگ کے دوسرے مرحلے کی وجہ سے انٹرنیٹ سروس مسلسل سست روی کا شکار ہے، جس سے انڈسٹری کو اربوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے فیس بک، انسٹاگرام اور واٹس ایپ سمیت سوشل میڈیا سروسز متاثر ہیں۔ صارفین کو تصاویر، وائس نوٹ اور ویڈیوز اپ لوڈنگ اور ڈاؤن لوڈنگ میں مشکلات کا سامنا ہے۔ صارفین وی پی اینز کے ذریعے سوشل میڈیا ایپلی کیشنز استعمال کرنے پر مجبور ہیں، متعدد شہروں میں وی پی این کے ذریعے بھی صارفین کو سوشل میڈیا سروسز تک رسائی میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ڈی ایم ٹو کی حکومت نے پورے معاشی نظام کو ہی مفلوج کر کے رکھ دیا ہے، جو بھی حکومت برسر اقتدار آئی اس نے آئی ایم ایف کے در پر سجدہ ریز ہونے میں ہی عافیت جانی۔ عوام کی زندگی عملاً اجیرن ہو چکی ہے۔ حکمرانوں کی کارکردگی دعووں، وعدوں، زبانی کلامی اور ڈنگ ٹپاؤ اقدامات تک محدود ہے۔ عملی اقدامات کہیں نظر نہیں آتے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے وسائل کی دولت سے نوازا ہے مگر حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کے سبب ہم ان سے بھرپور انداز میں استفادہ کرنے سے قاصر ہیں بلکہ الٹا ان قدرتی وسائل سے غیر ملکی کمپنیاں فائدہ اٹھاتے ہوئے ثمرات حاصل کر رہی ہیں۔

ایک نوجوان نے اپنی موٹر سائیکل پر پرانی کتابوں کا سٹال لگا رکھا ہے

بھارت پاکستان آ کر کھیلے یہاں اسے شکست دینے کا اپنا ہی مزہ ہے' رانا مشہود احمد

پاکستان بھارت سے زیادہ پرامن ملک ہے، اگر کوئی مسئلہ ہے تو آپکے بھیجے گئے کلبھوشن جیسے لوگوں کی وجہ سے ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پرائم منسٹر یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ بھارت پاکستان آ کر کھیلے یہاں اسے شکست دینے کا اپنا ہی مزہ ہے، پاکستان بھارت سے زیادہ پرامن ملک ہے، پاکستان میں اگر کوئی مسئلہ ہے تو آپ کے بھیجے گئے کلبھوشن جیسے لوگوں کی وجہ سے ہے، کسی کو بھی ملک کا ماحول خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، 9 مئی اور 26 نومبر کے تمام کرداروں کو کیفر کردار تک ضرور پہنچنا چاہیے ہمیں امید ہے کہ پاکستان اپنا آئندہ بجٹ آئی ایم ایف کے بغیر دے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز یہاں ایوان اقبال میں میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ کوئی بھی معاشرہ اس وقت تک نہیں چل سکتا جب تک اس کے نوجوانوں کی ٹریننگ نہ کروائی جائے، پورے پاکستان میں یونیورسٹیوں میں جم کلب بنائے جا رہے ہیں۔ اب نوجوانوں کو آگے بڑھنا ہے، نیشنل یوتھ کونسل کا بورڈ بنے گا جبکہ نیشنل یوتھ کونسل کی سکریننگ ہو چکی ہے، سو بچے اور بچیاں پاکستان سے سلیکٹ ہوئے ہیں۔

بشیر احمد ماندئی، حافظ نصر اللہ چنا جماعت اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن منتخب

لاہور (این این آئی) صدر انتخابی کمیشن جماعت اسلامی پاکستان راشد نسیم کے مطابق جماعت اسلامی کی مرکزی مجلس شوریٰ کی دو نشستوں پر ضمنی انتخابات کے نتیجے میں اراکین جماعت نے کثرت رائے سے بشیر احمد ماندئی اور حافظ نصر اللہ چنا کو مرکزی مجلس شوریٰ کا رکن منتخب کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مرکزی مجلس شوریٰ کے ضمنی انتخابات بلوچستان کے ضلع گوادر اور ملحقہ علاقوں پر مشتمل حلقہ 2 اور سندھ کے ضلع لاڑکانہ اور گردونواح پر مشتمل حلقہ 5 پر ہوئے۔ مذکورہ حلقوں سے منتخب اراکین شوریٰ ہدایت الرحمٰن بلوچ اور کاشف شیخ بالترتیب امیر صوبہ بلوچستان اور امیر صوبہ سندھ منتخب ہو گئے تھے۔ پیر کو گنتی مکمل ہونے پر منتخب اراکین کا اعلان کر دیا گیا ہے جس کے مطابق حلقہ 2 سے بشیر احمد ماندئی اور حلقہ 5 سے حافظ نصر اللہ مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن منتخب ہوئے ہیں۔

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پولیس سموگ کی روک تھام اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے مصروف عمل

گزشتہ 24 گھنٹوں میں 06 مقدمات درج، 447 افراد کو 07 لاکھ 25 ہزار روپے جرمانے عائد' ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (سٹاف رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس سموگ کی روک تھام اور ماحولیاتی تحفظ کیلئے مصروف عمل ہے اور سموگ ایس او پیز کی خلاف ورزی پر بلا تفریق کارروائیاں جاری ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا شاہراہوں، انڈسٹریل ایریاز، زرعی سمیت دیگر مقامات پر انسداد سموگ کریک ڈاؤن میں تیزی لانے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ ایس او پیز کی خلاف ورزی پر ذمہ داران کے خلاف زیرو ٹالرنس اپنائیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ گذشتہ 24 گھنٹوں میں صوبہ بھر میں کریک ڈاؤن کے دوران 06 مقدمات درج کیے گئے۔ 447 افراد کو 07 لاکھ 25 ہزار روپے جرمانے عائد کیے گئے اور 31 کو وارننگ جاری کی گئی۔ فصلوں کی باقیات جلانے کی 02، زیادہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کی 348 خلاف ورزیاں رپورٹ ہوئیں۔ رواں برس انسداد سموگ کریک ڈاؤن میں مجموعی طور پر 3176 ملزمان گرفتار کیے گئے اور 3741 مقدمات درج کیے گئے۔ 7411 افراد کو وارننگ جاری کی گئی اور 38415 افراد کو 09 کروڑ، 63 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کیے گئے، فصلوں کی باقیات جلانے کی 2051، زیادہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کی 33343، صنعتی سرگرمی کی 364، اینٹوں کے بھٹوں کی 1395 جبکہ دیگر مقامات کی 360 خلاف ورزیاں رپورٹ ہوئیں۔

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر قیمتی اراضی کے تحفظ کیلئے خصوصی اقدامات جاری

ایل ڈی اے ٹیموں کا ٹاؤن شپ میں آپریشن، جھگیاں و تجاوزات ختم کر کے چار کنال قیمتی اراضی واگزار کروا لیا' آپریشن ٹیموں نے جوہر ٹاؤن ایف ون اور آر ون بلاکس سے تجاوزات ہٹا دیں

لاہور (شہباز احمد بھٹی سے) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے قیمتی اراضی کے تحفظ کے لیے خصوصی مہم جاری ہے۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے ڈائریکٹر ہاؤسنگ (6) ظفر اقبال کی نگرانی میں ٹاؤن شپ میں آپریشن کر کے جھگیاں و تجاوزات ختم کر دیں اور چار کنال قیمتی اراضی واگزار کروالی۔ مزید برآں ٹیموں نے جوہر ٹاؤن میں غیر قانونی تعمیرات و تجاوزات کیخلاف آپریشن کیا اور جوہر ٹاؤن ایف ون اور آر ون بلاکس میں متعدد دکانوں اور ورکشاپس کے آگے بنی تجاوزات اور گرین بیلٹس سے تجاوزات ہٹا دیں۔ ٹیموں نے سوسائٹی روڈ جوہر ٹاؤن پر قائم ورکشاپس کو تجاوزات دوبارہ نہ بنانے کی وارننگ جاری کی۔ آپریشن میں اسسٹنٹ کمشنر علامہ اقبال ٹاؤن، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ زون فور اور ڈپٹی ڈائریکٹر انفورسمنٹ نے حصہ لیا۔

رواں مالی سال کے اختتام پر ریونیو شارٹ فال ایک ٹریلین روپے سے تجاوز کر سکتا ہے، ہنگامی اقدامات اٹھانا ہوں گے: لاہور چیمبر

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے خدشے کا اظہار کیا ہے کہ رواں مالی سال کے اختتام تک ریونیو شارٹ فال 1 کھرب روپے سے تجاوز کر سکتا ہے جس کی وجہ سے حکومت منی بجٹ لا سکتی ہے، اس سے کاروباری طبقے اور عوام پر مزید بوجھ پڑے گا۔ صدر لاہور چیمبر میاں ابوذر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور نائب صدر شاہد نذیر چوہدری نے کہا کہ ایف بی آر پہلے ہی مالی سال کے ابتدائی چار ماہ میں 196 ارب روپے کا ٹارگٹ پورا نہیں کر سکا اور اکتوبر میں 103 ارب روپے کی مزید کمی آئی۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ رجحان جاری رہا تو اس کے نقصان دہ نتائج برآمد ہوں گے۔ ایک ٹریلین روپے روپے کا ریونیو خسارہ صرف مالی استحکام کے لیے ایک بڑا خطرہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی حالات کی وجہ سے معاشی معاملات پس پشت چلے گئے ہیں جس سے ریونیو بحران گہرا ہو رہا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر فوری طور پر اصلاحی اقدامات نہ کیے گئے تو پاکستان کو مالی بحران کا سامنا ہوگا جو اس کی معاشی بحالی کو بری طرح دھچکا پہنچائے گا۔ انہوں نے پالیسی میکرز پر زور دیا کہ وہ ٹیکس دہندگان پر بوجھ ڈالنے کے بجائے ٹھوس اقدامات اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ دس کروڑ سے زائد بینک اکاؤنٹ ٹیکس نیٹ کو وسعت دینے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

گزشتہ ماہ پنجاب بھر میں 8 لاکھ 41 ہزار سے زائد شہریوں نے ڈرائیونگ لائسنس بنوائے

شہری موٹر سائیکل کے لرننگ لائسنس پر 42 دن کے ریلیف سے 15 دسمبر تک توسیع سے فائدہ اٹھائیں' مرزا فاران بیگ

لاہور (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کی ہدایت پر صوبہ بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کی فراہمی کا عمل تیزی سے جاری ہے، ٹریفک پولیس پنجاب نے گزشتہ ماہ نومبر کی لائسنسنگ کارکردگی رپورٹ جاری کر دی۔ ترجمان کے مطابق گزشتہ ماہ صوبہ بھر میں 8 لاکھ 41 ہزار سے زائد شہریوں نے ڈرائیونگ لائسنس بنوائے، 2 لاکھ 43 ہزار سے زائد شہریوں نے لرنگ ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔ 3 لاکھ 8 ہزار سے زائد شہریوں نے فریش ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔ 2 لاکھ 84 ہزار شہریوں نے لرنگ اور ریگولر لائسنس کی تجدید کروائی۔ 4 ہزار 500 سو سے زائد شہریوں کو انٹرنیشنل ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ 31 ہزار سے زائد شہریوں نیا اینڈورسمنٹ کیٹگری میں اپنے لائسنس کو اپگریڈ کروایا۔ 2 ہزار 400 سے زائد شہریوں نے اپنے گم شدہ لائسنس کو دوبارہ حاصل کیا۔ 2 لاکھ 75 ہزار سے زائد شہریوں نے بذریعہ آن لائن لائسنس کی سہولت سے فائدہ اٹھایا۔ ایڈیشنل آئی جی مرزا فاران بیگ نے کہا کہ شہری موٹر سائیکل کے لرننگ لائسنس پر 42 دن کے ریلیف سے 15 دسمبر تک توسیع سے فائدہ اٹھائیں، طلبہ و طالبات اور جامعات کی فیکلٹی لائسنس کے حصول کیلئے ٹریفک دفاتر سے رابطہ کریں۔ ٹریفک پولیس اٹ ریچ پروگرام کے تحت قصبوں دیہاتوں اور اون ڈور لائسنسنگ سہولیات فراہم کر رہی ہے۔ شہری لائسنس کے حصول کیلئے خدمت مراکز لائسنسنگ سینٹرز آن لائن لائسنسنگ پورٹل سے فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ بڑے شہروں میں 24 گھنٹے اور دیگر اضلاع میں رات 12 بجے تک سینٹر کھلے ہیں۔ بھاری جرمانوں اور قانونی کارروائی سے بچنے کیلئے لائسنس بنائیں اور گاڑی چلائیں۔

پنجاب یونیورسٹی سکول آف بائیولوجیکل سائنسز کے زیر اہتمام 'پروٹین پیوریفیکیشن اور کریکٹرائزیشن' پر ورکشاپ کا انعقاد

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب یونیورسٹی سکول آف بائیولوجیکل سائنسز کے زیر اہتمام 'پروٹین پیوریفیکیشن اور کریکٹرائزیشن میں موجودہ تکنیک' کے موضوع پر پانچ روزہ قومی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس سلسلے میں منعقدہ افتتاحی تقریب میں وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی، قائم مقام ڈائریکٹر جنرل سکول آف بائیولوجیکل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر صدف ناز، سیکرٹری پی اے ایس پنجاب چیپٹر پروفیسر ڈاکٹر محمد وحید اختر، فیکلٹی ممبران، محققین اور طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ اس ورکشاپ کو پاکستان اکیڈمی آف سائنسز کی معاونت حاصل ہے۔ اپنے خطاب میں وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی نے بہترین ورکشاپ کے انعقاد پر سکول آف بائیولوجیکل سائنسز کے اساتذہ، منتظمین اور شرکاء کی تعریف کی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی ورکشاپس محققین کے کیریئر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ

ہمارے ہاں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر یکم دسمبر 2024 کیلئے کنزیومر پرائس 3001 روپے ہوگی

اس نرخ کا اطلاق پاکستان کے تمام شہروں کیلئے ہے

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ کو ریٹیل نیٹ ورک کیلئے بہاولنگر، چشتیاں، منچن آباد اور عارفوالا میں مالی طور پر پارٹیاں درکار ہیں

ڈسٹری بیوٹرز حضرات سے گزارش ہے کہ کنزیومر پرائس سے تجاوز نہ کریں

اعجاز اسلم ایل پی جی پرائیویٹ لمیٹڈ مین جی ٹی روڈ 9 کلومیٹر عارفوالا روڈ تو گیرہ شریف روڈ بہاولنگر

پاکپتن انرجی پرائیویٹ لمیٹڈ

ہمارے ہاں 11.8 کلوگرام ایل پی جی سلنڈر یکم دسمبر 2024 کیلئے کنزیومر پرائس 3001 روپے ہوگی

اس نرخ کا اطلاق پاکستان کے تمام شہروں کیلئے ہے

پاکپتن انرجی پرائیویٹ لمیٹڈ کو ریٹیل نیٹ ورک کے لئے پاکپتن، بنگہ حیات، حویلی لکھا، دیپالپور، پچھرہ، ساہیوال اور عارفوالا میں مالی طور پر پارٹیاں درکار ہیں

ڈسٹری بیوٹرز حضرات سے گزارش ہے کہ کنزیومر پرائس سے تجاوز نہ کریں

پاکپتن پرائیویٹ لمیٹڈ 17 ایس پی دیپالپور روڈ پاکپتن شریف۔

سر گنگا رام ہسپتال میں نیوٹریشن سٹیبلائزیشن سنٹر کا افتتاح

صوبائی وزراء صحت خواجہ سلمان رفیق اور عمران نذیر کی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزراء صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر نے سر گنگا رام ہسپتال میں نیوٹریشن سٹیبلائزیشن سنٹر کا افتتاح کیا۔ فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی میں نیوٹریشن سٹیبلائزیشن سنٹر کے حوالے سے اہم تقریب منعقد ہوئی۔ صوبائی وزراء صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر نمائندہ عالمی ادارہ صحت برائے پاکستان ایلن تھام، وائس چانسلر فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی پروفیسر خالد مسعود گوندل، ڈاکٹر یحییٰ گلزار، ڈاکٹر عرفان، ڈاکٹر خلیل، ایم ایس گنگارام ہسپتال، پروفیسر رمیزہ وکیلہ، پروفیسر طلعت، پروفیسر ندیم، پروفیسر نوید، فیکلٹی ممبران و دیگر نے شرکت کی۔ صوبائی وزراء صحت نے غذائی قلت کا شکار داخل معصوم بچوں کی عیادت بھی کی اور ان کے والدین سے ملاقات کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پاکستان خصوصاً پنجاب میں ہمارے معصوم بچوں کی بڑی تعداد غذائی قلت کا شکار ہیں۔ سر گنگارام ہسپتال کے نیوٹریشن سٹیبلائزیشن سنٹر میں غذائی قلت کا شکار معصوم بچوں کو علاج و معالجہ کی بہترین سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ حکومت پنجاب غذائی قلت کا شکار بچوں کیلئے انتہائی اہم پروگرام لا رہی ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے سر گنگارام ہسپتال میں نیوٹریشن سٹیبلائزیشن سنٹر کے قیام میں معاونت پر عالمی ادارہ صحت کا شکریہ ادا کیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ پنجاب سب سے زیادہ خوراک پیدا کرنے کے باوجود ہمارے بچے وزن اور غذائی قلت کا شکار ہیں۔ غذائیت کی کمی پورا کرنے آئی ایم این آر سی ایچ، سٹیبلائزیشن کیٹرز اور ڈبلیو ایچ او کے ماہرین پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ ٹیکنیکل کمیٹی اگلے 5 سال کا روڈ میپ دے گی۔ سٹیبلائزیشن سنٹرز کی کارکردگی مزید بہتر بنانے کے لئے تربیت یافتہ ایچ آر کی ضرورت ہوگی۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ ہمارے ہسپتالوں کے 56 سٹیبلائزیشن سنٹرز میں بچوں کی غذائی قلت دور کرنے کے لئے فوڈ سپلیمنٹ فراہم کیے جا رہے ہیں۔

صوبائی وزراء صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر سروسز ہسپتال میں نمائندہ عالمی ادارہ صحت برائے پاکستان ایلن تھام کے ہمراہ ماڈل امیونائزیشن سنٹر کا افتتاح کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

پاکستان سنی تحریک کے سربراہ محمد اعجاز ثروت قادری تاجدار ختم نبوت سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں، سٹیج پر علامہ بلال سلیم قادری سمیت دیگر موجود ہیں

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	5:03
فجر	5:45
ظہر	1:30
عصر	3:45
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	6:45

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)3دسمبر 2024ء

بزنس فیسیلیٹیشن سنٹر کے فروغ کیلئے بھرپور مہم چلائی جائیگی سید نوید حیدر شیرازی

وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق بزنس فسیلیٹیشن سنٹر کو کاروبار کے فروغ کا مرکز بنانے کیلئے بھرپور آگاہی کیلئے بھرپور مہم چلائی جائے گی،کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن کی گفتگو

ساہیوال(مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر صائمہ علی وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن عوام کی با آسانی رسائی، مسائل کم کے مطابق اپنے دفتر میں شہریوں کی شکایات سن کر موقع پر احکامات صادر کررہی ہیں

گوجرانوالہ(رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ بزنس فسیلیٹیشن سنٹر نے اپنے قیام کے ایک سال کے دوران کامیابی سے کاروباری برادری کا اعتماد حاصل کیا ہے‘ وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق بزنس فسیلیٹیشن سنٹر کو کاروبار کے فروغ کا مرکز بنانے کیلئے بھرپور آگاہی کیلئے بھرپور مہم چلائی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بزنس فسیلیٹیشن سنٹر کے قیام کے ایک سال مکمل ہونے پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد‘ صدر چیمبر رانا محمد صدیق نے بھی اظہار خیال کیا۔ ایڈیشنل کمشنرز ملک آفتاب‘ محمد شفیق‘ اسسٹنٹ کمشنر ریونیو محسن ڈھلوں اور دیگر سرکاری افسران اور کاروباری افراد نے تقریب میں شرکت کی۔ مینیجر بی ایف سی قراۃ العین جعفری نے سنٹر کی پرفارمنس کے حوالے سے بریفنگ دی، مہمانان خصوصی نے بی ایف سی کی پہلی سالگرہ کا کیک کاٹا اور نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ملازمین کو تعریفی اسناد دیں۔ کمشنر نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ ایک سال قبل بزنس فسیلیٹیشن سنٹر کے آغاز کے موقع پر یہاں 24 محکموں کے کاؤنٹرز قائم کئے گئے تھے اور اب یہ تعداد بڑھا کر 31 کردی گئی ہے، نئے کاؤنٹرز میں ایف بی آر کسٹم اور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے کاؤنٹر بھی شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایک سال میں 6200افراد نے بی ایف سی کا وزٹ کیا‘ اب تک 3600 کاروباری افراد کو این او سی جاری کئے گئے ہیں جبکہ 2500افراد کو کاروبار بارے ماہرانہ رائے بھی دی گئی ہے۔ کمشنر نے کہا کہ بی ایف سی کاروبار کے فروغ کیلئے قائم کیا گیا ہے حکومت اور انتظامیہ کی کوشش ہے کہ زیادہ سے زیادہ افراد بزنس میں انویسٹ کریں تاکہ روزگار کے مواقع پیدا ہوسکیں۔ انہوں نے بی ایف سی مینیجر اور سٹاف کی کارکردگی کو زبردست سراہا۔

تھانہ نارنگ کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلہ 2ڈاکو ہلاک

ڈاکوؤں نے سانده کے علاقے میں پولیس اہلکار کو شہید کیا تھا،پولیس

نارنگ منڈی(نمائندہ قوت) تھانہ نارنگ کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلہ 2ڈاکو ہلاک ڈاکوؤں نے سانده کے علاقے میں پولیس اہلکار کو شہید کیا تھا تفصیل کے مطابق ایس پی لاہور آرگنائزڈ کرائم یونٹ اقبال ٹاؤن محمد علی بٹ ک حکم پر انسپکٹر وقاص علی شاہ اور اسسٹنٹ سب انسپکٹرز فرخ بٹ اور وسیم بٹ نفری کے ہمراہ بدنام زمانہ ڈاکو فصیح بٹ اور بنٹی مسیح کی گرفتاری کیلئے تھانہ نارنگ کے علاقے میں چھاپے ماررہی تھی ڈاکوؤں نے مبینہ طور پر پولیس پر اندھادھند فائرنگ کردی جس سے بدنام زمانہ ریکارڈ یافتہ ملزمان فصیح بٹ اور بنٹی مسیح مہتہ سوجا اور دھوپ سڑی میں انجام کو پہنچ گئے پولیس اہلکار بال بال بچے ڈاکوؤں نے چند ماہ قبل لاہور کے علاقہ سانده میں پولیس اہلکار کو شہید کیا تھا۔

معاشرے کی بہتر تشکیل کیلئے والدین اور اساتذہ کا کردار کلیدی ہے،بلال احمد خان

والدین بھی بچوں کی ذہنی ترجیحات اور سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں خصوصاً سوشل میڈیا کا بے دریغ استعمال اس سے روکا جائے

شیخوپورہ(بیورو رپورٹ) ہیڈ ماسٹرز ایسوسی ایشن کے صدر و پرنسپل فرقان شہید بوائز ہائی سکول بلال احمد خان نے کہا ہے کہ مستقبل کے معماروں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں موثرو تعمیری معاشرہ کی تشکیل کے قابل بنانے کیلئے والدین اور اساتذہ کا کردار کلیدی ہے جس کی انجام دہی کیلئے ہم طلبہ کی اخلاقی تربیت اور ان کی کردارسازی پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں والدین بھی بچوں کی ذہنی ترجیحات اور سرگرمیوں پر کڑی نظر رکھیں خصوصاً سوشل میڈیا کے بے دریغ استعمال کی روک تھام یقینی بنائیں تاکہ بچوں کی توجہ حصول تعلیم اور اخلاقی اقدار کے فروغ و اعلیٰ معاشرتی روایات کو اپنانے پر مرکوز کی جاسکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، پرنسپل بلال احمد خان نے کہا کہ تعلیم سب کیلئے کا سلوگن ہماری ترجیحات کا آئینہ دار ہے ہم مار نہیں پیار کے پیغام کو عملی شکل دے رہے ہیں اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کے تحت بچوں کو مثبت و تعمیری سرگرمیوں کا عادی بنایا جارہا ہے نئی نسل کو ذہنی پستی کا شکار ہونے سے بچانے کیلئے اساتذہ کی جدوجہد مثالی ہے جو فروغ تعلیم کے وژن کی تکمیل کے ساتھ ساتھ بچوں کے اخلاقی معیار و ذہنی استعداد میں بھرپور اضافہ کیلئے سرگرم عمل ہیں اور اس کاز کی خاطر موثر و مربوط لائحہ عمل مرتب کیا گیا ہے یہی وجہ ہے کہ فرقان شہید بوائز ہائی سکول کا شمار ان اعلیٰ کارکردگی کے حامل سرکاری تعلیمی اداروں میں ہوتا ہے جس سے استفادہ کرنے والے طلبہ کی تعلیمی قابلیت نہایت نمایاں ہے۔

گندم کی سرکاری خریداری سکیم کا اعلان جلد کیا جائے امان اللہ چٹھہ

خریداری سکیم کا اعلان نہ ہونے سے جہاں کسانوں میں زبردست بے چینی پیدا ہورہی ہے وہاں فوڈ سیکورٹی کے حوالے سے سنگین غذائی بحران کا خطرہ ہے،مرکزی رہنما کسان بورڈ پاکستان

حافظ آباد(بیورو رپورٹ) کسان بورڈ پاکستان کے مرکزی نائب صدر امان اللہ چٹھہ نے کہا ہے کہ گندم کی بوائی کا سیزن مکمل ہونے کے باوجود سرکاری خریداری سکیم کا اعلان نہ ہونے سے جہاں کسانوں میں زبردست بے چینی پیدا ہورہی ہے وہاں فوڈ سیکورٹی کے حوالے سے سنگین غذائی بحران کا خطرہ ہے۔ وہ ملک شوکت علی پھلروان کی زیر صدارت ضلعی دفتر میں کسانوں کے اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا ہے کہ پچھلے سیزن میں کسانوں کے وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے احتجاجی دھرنا کے بعد وزیراعلیٰ مریم نواز نے اعلان کیا تھا کہ کسانوں کو سرکاری خریداری 3900/-روپے من پر گندم نہ فروخت ہونے کے باعث 2600/-روپے من بیچنے پر مجبور ہونے سے جونقصان ہوا تھا اسکے ازالہ کے لئے بھاری مراعات دی جائیں گی۔ تاہم کسان ابھی تک بدستور بجلی تیل کھاد بیج اور ادویات کی گرانی کی چکی میں پس رہا ہے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ گندم کی معقول امدادی قیمت کی ضمانت دینے کا اعلان کیا جائے تاکہ کسان مالی بدحالی اور ملک غذائی قلت سے نجات حاصل کر سکے۔

حکومت اور دیگر سیاسی جماعتیں قبائل کی مزید خون ریزی کو روکنے کیلئے مؤثر اقدامات کریں، چوہدری نثار احمد گجر

اندرونی دہشتگردی بیرونی دہشتگردی سے زیادہ خطرناک ہے اگر ہم نے قابو نہ پایا تو آئندہ مزید خون ریزی ہوسکتی ہے۔شہباز علی قادری

نارنگ منڈی(میاں معظم سے) پاراچنار میں قبائل کی جنگ کو روکا جائے حکومت اور دیگر سیاسی جماعتیں قبائل کی مزید خون ریزی کو روکنے کیلئے مؤثر اقدامات کریں اندرونی دہشتگردی بیرونی دہشتگردی سے زیادہ خطرناک ہے اگر ہم نے قابو نہ پایا تو آئندہ مزید خون ریزی ہوسکتی ہے ان خیالات کا اظہار تحریک منہاج القرآن پی پی136 کے صدر چوہدری نثار احمد گجر اور ناظم ویلفیئر شہباز علی قادری نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ واقعے کے اصل محرکات سامنے لائے جائیں کس طرح گاڑیوں میں سوار لوگوں کو اندھادھند گولیاں ماری گئیں پاکستان نے بہت سے قربانیاں دے کر امن قائم کیا ہے۔

ڈسکہ سیالکوٹ روڈ شیل راجکو کی ریفلنگ اسٹیشن کا باضابطہ افتتاح

اعلیٰ معیار کیساتھ بہترین سروس طرہ امتیاز ہے۔چوہدری مظفر قیوم

سیالکوٹ(خواجہ عامر جاوید سے) ڈسکہ سیالکوٹ روڈ پر شیل راجکو ریفلنگ اسٹیشن کا باضابطہ افتتاح مکمل سہولیات کے ساتھ کردیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں تلاوت کلام پاک ونعت شریف کے بعد سی ای او چوہدری مظفر قیوم برادرز نے کہا کہ کوشش ہوگی کہ بہترین سروسز کے اعلیٰ معیار جو قائم رکھتے ہوئے اپنے کسٹمرز ہر قسم ریفلنگ وہیکلز مالکان و پبلک و پرائیویٹ اور سرکاری گاڑیوں میں معیار و مقدار کو یقینی بنایا جائے۔ اس کے علاوہ ٹرینڈ سٹاف بھرپور سیفٹی سیکورٹی انتظامات کیساتھ 24 گھنٹے سروس مہیا کریگا۔ سابق صدر سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری امتیاز علی وریاہ ، سابق سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن سیالکوٹ بلال احمد باجوہ و چوہدری شفیق وریاہ آف گریس مارکی ٹوکینٹ نے تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ شہر اقبال کے مختلف مکاتب سے تعلق

سیالکوٹ ٹریفک پولیس کی بائیکرز کو فری لائسنسنگ بارے آگاہی مہم جاری

بائیکرز سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔ ڈی ایس پی ٹریفک رانا بابر

سیالکوٹ(خواجہ عامر جاوید سے) سمبڑیال ٹریفک پولیس اہلکاروں کیجانب سے موٹر سائیکل سواروں کو مفت لائسنسنگ بارے اور [illegible] دی جارہی ہے۔ ٹریفک پولیس آفیسر کیجانب سے روٹین چیکنگ کیساتھ مہذب طریقے سے ہیلمٹ پابندی و 31 نومبر تک سہولت بارے آگاہی دی جارہی ہے اس کے بعد چالان و بھاری جرمانے کئے جائینگے۔ ضلع بھر کی تمام تحصیلوں میں روڈز پر ٹریفک پولیس وارڈنز باقاعدہ ناکہ لگا کر بائیکرز کو مکمل اس بارے مکمل آگاہی دے رہے ہیں۔ نیز ہیلمٹ پہننے کی ترغیب کیساتھ بائیکرز کو ایک چالان و جرمانوں اور قانونی پیچیدگیوں پر بھی بریفنگ دے رہے ہیں تو کہ شہریوں کو یکم دسمبر سے اس ضمن میں پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ڈی ایس پی ٹریفک سیالکوٹ کا کہنا ہے کہ شہریوں کو ٹریفک قوانین پر عملدرآمد یقینی بناتے ہوئے قانون کی پاسداری کرنا ہوگی ورنہ آٹو میٹک ای چالان جرمانے بھگتنا پڑ سکتے ہیں۔ شہری ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔

بہترین۔انتظامی امور پر سوسائٹی انتظامیہ داد کی مستحق ہے۔ممبران ماڈل ٹاؤن سوسائٹی

خدمت میں عظمت ہمارا شعار ہے۔محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ(خواجہ عامر جاوید سے) صفائی میں خدائی ہے اور صفائی نصف ایمان ہے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی انتظامیہ اور سینٹری عملہ و ملازمین دن رات اپنی جدوجہد اور محنت کو جاری رکھے ہوئے ہیں اور صفائی کے نظام کو موثر بنانے کے لیے مین ہولز کے اندر جا کر ہیوی سکر مشینری کے ساتھ ان کی صفائی کر رہے ہیں اس صفائی مہم میں ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے تمام سیوریج سسٹم کو بہتر بنایا جارہا ہے تاکہ بارشوں کے دوران پانی نہ کھڑا ہوسکے ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کی انتظامیہ اور ملازمین کی محنت رنگ لائی ہے جس کے نتیجہ خیز اثرات سامنے آنے ہیں کہ سوسائٹی کے اندر کہیں بھی پانی کھڑا نہیں ہوگا صفائی کے نظام کی بہتری سے کہ حفظان صحت کے اصولوں پر عمل جاری ہے الحمدللہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں تیزی سے صفائی اور سیوریج کے سسٹم کو بہتر سے بہتر بنایا جارہا ہے۔

حافظ آباد: ڈسٹرکٹ کمپلیکس حافظ آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد

حافظ آباد(نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر عوامی مسائل کے حل اور انہیں فوری ریلیف کی فراہمی کے لیے ڈسٹرکٹ کمپلیکس حافظ آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کھلی کچہری میں آنے والے سائلین اور شہریوں کے مسائل سنیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو تنویر یاسین، اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد سہیل ریاض، اے سی پنڈی بھٹیاں اشفاق احمد سمیت محکمہ ریونیو، اراضی ریکارڈ سنٹر اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کھلی کچہریوں کے انعقاد کا مقصد عوام کو ایک ہی چھت تلے حقیقی معنوں میں ریلیف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے اس لیے تمام افسران ایک ہی جگہ جمع ہو کر عوام کے مسائل سنتے اور انکے فوری حل کے لیے عملی اقدامات کر رہے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ حکومت پنجاب کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر اور دیگر تمام افسران کے دفاتر عوام کے لے شہریوں کے لیے کھلے ہیں اور وہ اپنے مسائل کے حل کے لیے کسی بھی وقت انکے دفاتر میں تشریف لا سکتے ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ ان کھلی کچہریوں بالخصوص ریونیو، اراضی، ڈومیسائل، رجسٹریوں، انتقالات اور دیگر معملات کے حل کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنانے کے لیے تمام افسران موجود ہوتے ہیں اور موقع پر ہی درخواستوں پر عمل درآمد بھی کیا جاتا ہے۔

ایڈز کے عالمی دن کے موقع پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں آگاہی واک

حافظ آباد(بیورو رپورٹ) ایچ آئی وی/ ایڈز کے عالمی دن کے موقع پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں آگاہی واک کا اہتمام کیا گیا. جس میں سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد کھوکھر، ڈی ایچ کیو کے شعبہ اے آر ٹی انچارج ڈاکٹر عنایت اللہ، پرنسپل نرسنگ کالج میڈم شمع اور ڈسٹرکٹ انچارج نئی زندگی ٹرسٹ فضل الرحمان شیخ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ایچ آئی وی/ ایڈز کی روک تھام کے لیے کی جارہی کاوشوں کا ذکر کیا، جبکہ تقریب میں ایچ آئی وی/ ایڈز کنٹرول پروگرام سے متعلقہ تمام اداروں نے شمولیت اختیار کی۔ واک کے شرکاء کو ایچ آئی وی/ ایڈز کی روک تھام اس کے علاج اور اس کے پھیلنے کی وجوہات کے بارے میں آگاہی دی گئی۔

مانانوالہ: ڈاکو فیملی کو لوٹ کر فرار



مانانوالہ(سید علی عباس گیلانی سے) میں لاکھوں روپے کی ڈکیتی کی واردات موٹر سائیکل سوار چار ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر فیملی سے 25لاکھ روپے مالیت کے 9 تولے زیورات اور نقدی سمیت قیمتی اشیاء لوٹ لیں تفصیلات کے مطابق لاہور سے کار سوار فیملی اپنے عزیز رشتہ دار کی وفات پر فاتحہ خوانی کے لیے آئے تھے کہ گاؤں نورے دی جھگیاں کے قریب چار موٹر سائیکل سوار آتشیں اسلحہ سے لیس ڈاکوؤں نے روک لیا ڈاکو لاکھوں روپے مالیت کا نو تولے سونا موبائل فون اور نقدی لوٹ کر فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے مانانوالہ پولیس نے احمد خاں کی مدعیت میں واردات کا مقدمہ درج کرلیا۔

پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی سرگودھا کے تعاون سے تحفظ ماحولیات سیمینار

یونیورسٹی آف سرگودھا کے طلبہ اور طالبات کے علاوہ علاقہ کی سماجی شخصیات نے بھی شرکت کی

سرگودھا(ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی سرگودھا کے تعاون سے سوشیالوجی ڈیپارٹمنٹ کی این جی او ایکو گارڈین فاؤنڈیشن کے زیراہتمام چیئرمین ڈیپارٹمنٹ پروفیسر ڈاکٹر غلام یاسین میڈم زنبش شاہ کی زیرنگرانی القادر طیبہ کالج سرگودہا میں تحفظ ماحولیات پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں یونیورسٹی آف سرگودہا کے طلبہ اور طالبات کے علاوہ علاقہ کی سماجی شخصیات نے بھی شرکت کی تحفظ ماحولیات کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سینیئر صحافی چیئرمین ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کونسل اف این جی اوز عبدالمنان چوہدری۔ پریزیڈنٹ ایکو گارڈین حافظ فرمان اللہ کا کہنا تھا کہ ماحول کو صاف ستھرا رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ ماحولیاتی الودگی اس وقت پوری دنیا کے لیے زبردست خطرہ بن چکی ہے جس کے بھیانک نتائج سے پوری دنیا خوف زدہ ہے اس موقع پر ظہور علی شانی وائس پرنسپل القادر طیبہ کالج پروفیسر ملک رب نواز ایکو گارڈین فاؤنڈیشن کی وائس پریزیڈنٹ اسمہ خداداد فنانس سیکرٹری وجاہد علی شاہ جنرل سیکرٹری سعدیہ یوسف بشریٰ زہرا صدف کا کہنا تھا کہ دھواں چھوڑنے والی گاڑیاں بھٹوں سے نکلنے والا دھواں کوڑا کرکٹ کے ڈھیر فصلوں کی باقیات کو جلانا ہمارے فضائی ماحول کو آلودہ کر رہا ہے۔ جس کی وجہ سے نہ صرف مختلف بیماریاں پھیل رہی ہیں بلکہ اس وقت یہ ایک عالمی مسئلہ بن چکا ہے۔ جس پر ہنگامی طور پر کام کرنے کی ضرورت ہے یونیورسٹی اف سرگودھا کی سوشیالوجی ڈیپارٹمنٹ کی این جی او ایکو گارڈین فاؤنڈیشن کے صدر حافظ فرمان اللہ اور دیگر عہدے داران میں پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی کی طرف سے کامیاب ہفتہ وار کامیاب شجرکاری مہم پر اعزازی سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کیے گئے

ڈیتھ سرٹیفکیٹ میں علیحدہ خانہ بنانے پر صدر کے مشکور ہیں، ثمن چوہدری

آج ہمیں نادرا آفس کی جانب سے سرٹیفکیٹ ملے ہیں جن میں خانہ موجود ہے

PMA
پریس کانفرنس

چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت پاکستان کی طرف سے ڈیتھ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ میں خواجہ سراؤں کیلئے جنس کا الگ خانہ بنانے پر صدر پاکستان آصف علی زرداری اور وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف سابق وفاقی وزیر بلاول بھٹو زرداری کا تہہ دل سے شکرگزار ہیں کہ انہوں نے خواجہ سرا کمیونٹی کا دیرینہ مطالبہ پورا کیا ان خیالات کا اظہار خواجہ سرا ثمن چوہدری سماجی کارکن غلام عباس ساقی رانا تجمل حسین نے پرنٹ میڈیا کلب رجسٹرڈ چنیوٹ نے پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا اس موقع پر خواجہ سرا ثمن چوہدری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نادرا کی طرف سے جاری ہونے والے ڈیتھ رجسٹریشن سرٹیفکیٹ میں پہلے خواجہ سراؤں کیلئے جنس کا خانہ موجود نہ تھا جس کے باعث ہمیں مشکلات کا سامنا تھا لیکن صدر پاکستان آصف علی زرداری اور بلاول بھٹو زرداری کی خصوصی کاوشوں سے ہمارا دیرینہ مطالبہ پورا ہوا اور آج ہمیں نادرا آفس کی جانب سے سرٹیفکیٹ ملے ہیں جن پر انتقال کر جانے والے خواجہ سراؤں کا الگ خانہ موجود ہے یہ حکومت پاکستان کا بہترین کارنامہ ہے ہم حکومت پاکستان کے بے حد مشکور ہیں کہ انہوں نے خواجہ سرا کمیونٹی کے مسائل کے حل کیلئے فوری اقدامات اٹھائے۔

چنیوٹ میں 2 نئے پارکوں کا سنگ بنیاد رکھ دیا گیا

پارکوں میں فاطمہ لیڈیز پارک محلہ مشکی شاہ اعرفان قیصر شیخ پارک شامل ہیں

چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) وفاقی وزیر بحری امور/ایم این اے قیصر احمد شیخ نے ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کے ہمراہ چنیوٹ میں 2 نئے پارکوں کا سنگ بنیاد رکھ دیا، ان پارکوں میں فاطمہ لیڈیز پارک محلہ مشکی شاہ اور عرفان قیصر شیخ پارک نزد جنرل بس سٹینڈ شامل ہیں، اس موقع پر اہلیان علاقہ، سول سوسائٹی اور میڈیا نمائندگان بھی موجود تھے، وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ اور ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ربن کاٹ کر دونوں پارکوں کا سنگ بنیاد رکھا، ملکی سلامتی اور ان منصوبوں کی کامیابی کیلئے خصوصی دعا کی گئی، اس موقع پر وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ کا کہنا تھا کہ ہم ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی مشاورت کے ساتھ چنیوٹ میں مزید پارکس اور کھیل کے گراؤنڈز تعمیر کررہے ہیں تاکہ شہریوں کو صحت بخش اور خوشگوار تفریح کے مواقع فراہم کیے جاسکیں، یہ منصوبے شہریوں کی زندگیوں اور ماحول میں مثبت تبدیلی لائیں گے اور علاقے کی خوبصورتی میں اضافہ کریں گے، انکا مزید کہنا تھا کہ شہر کے سیوریج اور ڈویلپمنٹ پر کام کر رہے ہیں اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کی بہت کاوش ہے۔

سابق اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور مجاہد ظفر میکن کار حادثے میں انتقال کر گئے

دیپالپور(زاہد عمران بجوہ قوت) سابق اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور مجاہد ظفر میکن کار حادثے میں انتقال کر گئے اناللہ وانا الیہ راجعون کل رات لاہور سے گاڑی پر آتے ہوئے رینالہ بائی پاس پر تیز رفتاری کی وجہ سے حادثے کا شکار ہوگئے جس کے نتیجہ میں 2افراد جانبحق 1 شدید زخمی، نعش اور زخمی ہسپتال منتقل جانبحق ہونے والوں میں یوآسں یونس ولد یونس مسیح سابقہ ADLR رحیم یار خاں(32 سال تقریباً) مجاہد ظفر میکن ولد ظفر میکن سابقہ اے سی دیپالپور(28سال تقریباً) شامل تھے جبکہ زخمی کی شناخت عثمان ولد عبدالسبحانی کے ناموں سے ہوئی مجاہد ظفر میکن کافی عرصہ دیپالپور میں بطور اسسٹنٹ کمشنر ڈیوٹی بڑے احسن طریقے سے انجام دے چکے ہیں ان کی اصل رہائش تحصیل کوٹ مومن ضلع سرگودھا کی ہے اللہ پاک ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔

سید نوید حیدر شیرازی سے اقلیتی ایم پی اے عمانوئیل اطہر جولیس کی قیادت میں عیسائی برادری کے وفد کی ملاقات

گوجرانوالہ(بیورو رپورٹ) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی سے اقلیتی ایم پی اے عمانوئیل اطہر جولیس کی قیادت میں عیسائی برادری سے تعلق رکھنے والے وفد نے ملاقات کی، اس موقع پر کرسمس کا کیک کاٹا گیا۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملکی ترقی کیلئے عیسائی برادری کی خدمات قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مختلف مذاہب کے پیروکاروں کا گلدستہ ہے، اتحاد بین المذاہب کا مرکز ہے۔

میر رافع حسین جکھرانی کی محمد پناہ سوکھو میں میر اسرار احمد کھوسو اور ظہور احمد کھوسو کی طرف سے دئے گئے ظہرانے میں بطور مہمان خصوصی شرکت

جیکب آباد(بیورو رپورٹ) جیکب آباد میر رافع حسین جکھرانی نے یوسی کریم بخش گوٹھ محمد پناہ کھوسو میں میر اسرار احمد کھوسو اور ظہور احمد کھوسو کی طرف سے دئے گئے ظہرانے میں بطور مہمان خاص شرکت کی، جہاں میزبانوں نے آئے ہوئے مہمانوں کا استقبال کیا اور ٹوپی اجرک کا ثقافتی تحفہ پیش کیا، ظہرانے کی دعوت میں سردار ذوالفقار خان سرکی، ڈاکٹر عبدالخالق خان کھوسو، میر اشفاق خان کھوسو، سردار بقا محمد جکھرانی، ڈاکٹر عزیر خان کھوسو، ارسلان فتح لاشاری، فلک جکھرانی، عمران کھوسو اور کھوسو، لاشاری اور بنگلانی برادری کے معززین نے بھی شرکت کی۔

سالانہ قدیمی مجلس عزا بسلسلہ شہادت سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا 3جمادی الثانی 1446ھ 2024 بعد از نماز مغربین امامبارگاہ حسینیہ ع دینپور خورد شکر گڑھ میں برپا ہوگی

شکر گڑھ(عمران عارف سے) سالانہ قدیمی مجلس عزا بسلسلہ شہادت سیدہ فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا 3جمادی الثانی 1446ھ 2024بعد از نماز مغربین امامبارگاہ حسینیہ ع دینپور خورد شکر گڑھ میں برپا ہوگی۔ جسمیں سید الذاکرین جناب سید مزین عباس کاظمی اٹھوال، خطیب ولایت علی ع جناب پروفیسر مولانا ضمیر علی عاجز آف بدنال، مولانا نسیم عباس علوی میلو سیلو فضائل مصائب جناب سیدہ زہرا سلام اللہ علیہا بیان فرمائیں گے۔ جبکہ نقابت کے فرائض غلام عباس سرانجام دیں گے۔ حسب روایت مجلس پاک کے اختتام پر ماتم داری برپا ہوگی۔ جسمیں مقامی ماتمی سنگتیں بنی پاک ص کو انکی مظلومہ بیٹی کا پرسہ پیش کریں گیں۔ منتظم اعلی ضیغم علی نوید چوہدری و برادران نے مومنین سے دست بدستہ وقت پر شرکت کی اپیل کی ہے۔ مومنین کے لیے لنگر زہرا سلام اللہ علیہا کا بھی وسیع انتظام ہوگا۔

اسلام آباد احتجاج کے دوران خون خرابہ باعث تشویش ہے، ڈاکٹر یوسف کاظمی

نارنگ منڈی(میاں معظم سے) اسلام آباد احتجاج کے دوران خون خرابہ باعث تشویش ہے تحقیقات کی جائیں لاشیں کیسے گریں سکیورٹی اہلکاروں اور سیاسی جماعت کے کارکنوں کی جانوں کے ضیاع پر انتہائی افسوس ہے پرامن احتجاج سب کا حق ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت امیدوار صوبائی اسمبلی ڈاکٹر یوسف رضا کاظمی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ کسی بھی احتجاج یا مظاہرے کے دوران ریاست کو نقصان پہنچانے والے محب وطن نہیں ہوسکتے ملکی اثاثہ جات بنانے میں وقت اور سرمایہ لگتا ہے ایک لمحے میں سب کچھ نیست ونابود کردیا جاتا ہے پی ٹی آئی کے احتجاج کے دوران راستے بند تھے ایمبولینسز کو بھی گزرنے میں گزرنے میں دشواری رہی ہے اس میں ملک وقوم دونوں کا نقصان ہے۔

چوہدری الطاف کمانہ کی صاحبزادی کی شادی کی تقریب میں اہم شخصیات کی شرکت،

آرمی، ججز، وکلاء، صحافی، سیاستدانوں سمیت ہر شعبہ کے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی

سمندری(تحصیل رپورٹر) چوہدری الطاف کمانہ کی صاحبزادی کی شادی کی تقریب میں اہم شخصیات کی شرکت نیک تمناؤں اور دعاؤں کیساتھ رخصتی۔ تفصیلات کے مطابق معروف قانون دان سابق صدر بار سمندری چوہدری الطاف کمانہ ایڈووکیٹ ہائی کورٹ کی صاحبزادی کی شادی کی تقریب گزشتہ روز مقامی میرج ہال میں منعقد ہوئی شادی کی تقریب میں سابق صوبائی وزیر حافظ ممتاز احمد، سابق پارلیمانی سیکرٹری چوہدری عادل پرویز سلطان، چوہدری مستقیم مہار سمیت آرمی، ججز، وکلاء، صحافی، سیاستدانوں سمیت ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور چوہدری الطاف کمانہ کی صاحبزادی کو اپنی دعاؤں اور نیک تمناؤں میں رخصت کیا۔

ضلع کونسل ہال میں ریونیو عوامی خدمت کھلی کچہری

ڈپٹی کمشنر نے سائلین کے مسائل سنے اور انکے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے

ننکانہ صاحب(چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی زیر صدارت ضلع کونسل ہال میں ریونیو عوامی خدمت کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ ریونیو سے متعلقہ مسائل کے حل کے لیے منعقدہ کھلی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین ، جنرل اسسٹنٹ ریونیو اقبال رشید، تحصیلدار، نائب تحصیلداران، سب رجسٹرار، پٹواری حضرات، عملہ اراضی ریکارڈ سینٹر سمیت سائلین کی بڑی تعداد بھی عوامی خدمت کچہری میں موجود تھی۔ ڈپٹی کمشنر نے آنے والے سائلین کے مسائل سنے اور انکے حل کے لیے موقع پر احکامات جاری کیے۔ سائلین نے مسائل موقع پر حل ہونے پر حکومت پنجاب اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ سائلین نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کئی دنوں سے پٹواریوں کے دفاتر کے چکر لگا رہے تھے لیکن مسائل حل نہیں ہوئے۔ آج خدمت کچہری میں موقع پر مسائل حل ہو گئے ہیں۔ شہریوں نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ہر ہفتے میں عوامی خدمت کچہری کا انعقاد ہونا چاہیے تاکہ ہمارے مسائل ایک ہی چھت کے نیچے حل ہو جائیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سائلین کے ریونیو سے متعلقہ مسائل کا حل ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ عوامی خدمت کچہریوں کے ذریعے شہریوں کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے متعدد سروسز کی فوری فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، ریونیو سے متعلقہ سائلین کے مسائل کے حل میں کسی قسم کی رکاوٹ نا قابل برداشت ہے۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ ضلع بھر کے تمام اراضی ریکارڈ سنٹرز اور دیہی مراکز مال میں عوام کو پٹوار کلچر سے نجات دلانے، درستگی ریکارڈ، فرد کے اجراء، انتقالات کے اندراج، رجسٹری، انکم سرٹیفکیٹ، معائنہ ریکارڈ، ڈومیسائل کے اجراء اور تصدیق انتقال کی کمپیوٹرائزڈ خدمات کی شفاف انداز میں شہریوں تک فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ بزرگ شہری کی خدمت کچہری آمد پر ڈپٹی کمشنر نے اپنی سیٹ چھوڑ کر بزرگ شہری کے پاس جا کر مسئلہ سنا۔ بزرگ شہری نے بتایا کہ میرا اور میرے بھائیوں کا جائیداد کی تقسیم کا معاملہ حل نہیں ہو رہا۔ جس پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ مورخہ 05دسمبر بروز جمعرات میں خود آپ کے گاؤں آوں گا اور وہاں آپ کے بھائیوں سے مل کر آپ کا مسئلہ حل کریں گے۔ جس پر بزرگ شہری نے ڈی سی ننکانہ کا شکریہ ادا کیا اور ان کو ڈھیروں دعائیں دی۔

ملکی ترقی وخوشحالی کیلئے سیاسی استحکام و پائیدار امن انتہائی ضروری ہے، چوہدری مستقیم مہار

پاکستان سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے تمام جماعتوں کو مل جل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، بیان

سمندری(تحصیل رپورٹر) ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے سیاسی استحکام و پائیدار امن انتہائی ضروری ہے، تمام سیاسی پارٹیوں کو چاہئے کہ وہ جمہوری و ملکی استحکام کیساتھ ساتھ قیام امن کیلئے اپنا سنجیدہ کردار ادا کریں، ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف حلقہ پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار نے اپنے بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ مقتدر حلقوں سمیت وزیراعظم کو بھی چاہیے کہ وہ حالات کی نزاکت کو سمجھتے ہوئے سیاسی پارٹیوں کے جائز مطالبات کو تسلیم کرتے ہوئے ہم آہنگی پیدا کرنے کیلئے اپنا موثر کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا 26نومبر سانحہ ڈی چوک پر سوالات اٹھارہی ہے۔ مزید کہا کہ پاکستان کے اندرونی اختلافات کو بیرونی قوتیں استعمال کر رہی ہیں، وطن عزیز پاکستان سے دہشت گردی کے خاتمے کیلئے تمام جماعتوں کو مل جل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا تاکہ پاکستان کو ایک پرامن ملک بنایا جاسکے۔

رائل بلاک معراج ہاؤسنگ کا جدید ترین بلاک ہے۔ امتیاز علی وریاہ

جدید ترین سہولیات وفول پروف سیکیورٹی 6سالہ پلان میں موجود ہیں۔ بلال احمد باجوہ

سیالکوٹ(خواجہ عامر جاوید سے) رائل بلاک معراج ہاؤسنگ کا سب سے منفرد اور جدید ترین بلاک متعارف کرانے جارہے ہیں جو موجودہ میں کم خرچ بالا نشین کے مترادف ہے۔ رائل بلاک اپنی بہترین لوکیشن و جدید خصوصیات میں بے مثال ہے جہاں ریجن کا پہلا سپلیش پارک و واٹر پارک موجود ہے تعلیم کے لئے جدید اسکول، صحت کے لیے معیاری اسپتال اور کمرشل سرگرمیوں کے لیے بہترین مواقع دستیاب جو معزز کرم فرماؤں کو بہترین پلان میں پوزیشن کے ساتھ آن گراؤنڈ دستیاب ہونگے۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاہ و بلال احمد باجوہ نے میڈیا کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ 6سالہ پلان معزز ڈیلرز ، انویسٹرز کیلئے بہترین بزنس پلان مکمل سہولیات کیساتھ رائل بلاک کی انفرادیت ہے اپنی فول پروف سیکیورٹی باؤنڈری وال کیساتھ 24/ 7 فراہم کرے گا۔ خوبصورت مساجد اور دیگر تمام بنیادی سہولیات رائل بلاک کو واقعی ایک خواب جیسا مسکن بناتی ہیں۔ رائل بلاک معراج ہاؤسنگ کا سب سے منفرد اور جدید ترین بلاک متعارف کرانے جارہے ہیں جو موجودہ میں کم خرچ بالا نشین کے مترادف ہے۔ ر

ریونیو سے متعلق عوام کے مسائل حل کئے جائیں، شعیب اقبال سید

ڈپٹی کمشنر، ریونیو دفاتر، پٹوار خانوں پر کچہری بارے پینا فلیکسز آویزاں کی جائیں

ساہیوال(مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے ریونیو سٹاف کو سختی سے ہدایت کی ہے کہ عوام کے ریونیو سے متعلقہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے تاکہ لوگوں کو بار بار دفاتر کے چکر نہ لگانا پڑیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ریونیو سے متعلقہ مسائل کو لٹکانے کی بجائے سائلین کی رہنمائی کی جائے تاکہ ریونیو عوامی خدمت کچہری لگانے کے مقاصد حاصل کئے جاسکیں۔ انہوں نے ریونیو عوامی خدمت کچہری کی بھرپور انداز میں تشہیر کرنے کی بھی ہدایت کی تاکہ زیادہ سے زیادہ سائلین اپنے مسائل پیش کرسکیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر آفس، ریونیو دفاتر، پٹوار خانوں پر ریونیو کچہری کے انعقاد بارے پینا فلیکسز آویزاں کی جائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ عوام کو اس بارے آگاہی دی جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ضلع کونسل ہال میں ریونیو عوامی خدمت کچہری میں سائلین کی شکایات سننے کے دوران کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب، تحصیلدار، قانونگو، پٹواری کے علاوہ دوسرا ریونیو سٹاف بھی اس موقع پر موجود تھا۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

خیبر پختونخوا کے مسائل اور صوبائی حکومت کی ترجیحات

خیبر پختونخوا کے ضلع کرم کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کے واقعات میں مزید 2 افراد جاں بحق اور 10 زخمی ہوگئے۔ 10 روز کے دوران جاں بحق افراد کی تعداد 124 ہوگئی ہے جبکہ 178 زخمی ہوئے ہیں۔ علاقے میں موبائل، انٹرنیٹ سروس اور تعلیمی ادارے بند ہیں۔ علاقے میں مرکزی شاہراہ اور پاک افغان خرلاچی بارڈر پر آمدورفت تاحال معطل ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر جاوید اللہ محسود کے مطابق قیام امن کے لیے فریقین کے عمائدین کے ساتھ مذاکرات جاری ہیں۔ فائر بندی اور آمدورفت کے راستے کھولنے سے متعلق پیش رفت متوقع ہے۔ پاڑا چنار میں پھنسے جوڈیشل افسروں اور عملہ کو دس دن گزرنے کے بعد بھی ریسکیو نہیں کیا جاسکا۔ کشیدگی کے باعث راستے بند ہیں، مختلف علاقوں میں فریقین کے درمیان جھڑپیں ابھی بھی جاری ہیں۔

صوبے کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے ضلع کرم کے حوالے سے ہونے والے جرگے میں ہدایت کی ہے کہ پولیس فریقین کے مورچے گرائے اور اسلحہ فوری تحویل میں لے۔ جرگے میں ضلع کرم میں کشیدگی کے خاتمے اور امن وامان قائم کرنے پر زور دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق، علی امین گنڈاپور نے ضلع کرم کے عوام کو پر امن رہنے کی ضرورت پر زور دیا اور کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام غیرت مند اور پر امن ہیں، امن وامان کے لیے حکومت کسی بھی حد جانے کے لیے تیار ہے۔ علی امین گنڈاپور نے حکم دیا کہ لوگوں کا مالی نقصان فوراً پورا کیا جائے، فریقین کے پاس موجود اسلحہ فوری تحویل میں لے کر جمع کیا جائے، بے شک امن کی بحالی تک وہ اسلحہ امانتی طور پر انتظامیہ اپنے پاس رکھے۔ فریقین فوری سیز فائر کریں اور سابق امن معاہدوں پر عمل کریں۔

ادھر، کے پی کے کے ضلع لکی مروت میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے پنجاب پولیس کے اہلکار سمیت تین افراد جاں بحق ہوگئے۔ واقعہ علاقہ پہاڑ خیل پکہ میں پیش آیا جہاں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر دی۔ جاں بحق ہونے والوں میں مقامی باپ بیٹا بھی شامل ہے جبکہ شہید ہونے والے پولیس اہلکار چھٹی پر گھر آیا تھا، پولیس کا کہنا ہے کہ ملزم واردات کے بعد فرار ہوگئے۔ خیبر پختونخوا سے ایک اور خبر یہ ہے کہ جنوبی وزیرستان لوئر میں تین روز کے لیے کرفیو نافذ کر دیا گیا۔ جنوبی وزیرستان لوئر کی تحصیل شکئی کے علاقہ ساتنگہ اور انظر چینہ میں کل سے تین روزہ کرفیو نافذ کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر جنوبی وزیرستان لوئر ناصر خان کے دفتر سے جاری اعلامیے کے مطابق کرفیو کے دوران باہر نکلنے پر مکمل پابندی ہوگی، تحصیل شکئی میں کل سے سکیورٹی فورسز کی حرکت کے باعث تین روز تک صبح پانچ بجے سے شام 6 بجے تک کرفیو نافذ ہوگا۔

صوبے کے حالات کو بے قابو ہوتا دیکھ کر وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے درمیان سیاسی اختلافات اپنی جگہ، علاقے میں امن کے لیے وفاقی حکومت ایف سی کے پلاٹونز فراہم کرے، گرینڈ جرگہ مکمل امن کے قیام تک علاقے میں رہے، صوبائی حکومت ہر ممکن سپورٹ فراہم کرے گی۔ جو لوگ علاقے میں امن خراب کر رہے ہیں مقامی کمیٹی ان کی نشاندہی کرے۔ فریقین کے درمیان نفرت کی فضا کو ختم کرنے کے لیے مقامی عمائد اپنا کردار ادا کریں۔ علاقے میں لوگوں کے پاس موجود بھاری اسلحہ جمع کیا جائے جبکہ سرحدی علاقے کے لوگوں کے پاس موجود اسلحہ بھی امانتاً جمع کیا جائے۔

دوسری جانب، پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اپنی جماعت کے یوم تاسیس پر اپنے خطاب میں کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں امن وامان کا قیام صوبائی حکومت کی اہم ذمہ داری ہے، لیکن جب پاڑا چنار میں لاشیں گر رہی تھیں تو اس وقت وہاں کی حکمران جماعت وفاق پر چڑھائی کر رہے تھے۔ آج بھی وہ حالات بہتر کرنے کے بجائے صوبائی اسمبلی میں کھڑے ہو کر وفاق پر گولیاں چلانے کی بات کر رہے۔ بلاول کا کہنا تھا کہ پاڑا چنار میں 100 سے زائد لوگ ہلاک ہو چکے ہیں، لیکن وہ اسلام آباد میں 100 لاشیں ڈھونڈ رہے ہیں۔ ان کا صرف ایک ہی کام ہے کہ اپنے لیڈر کو جیل سے نکلوانا اور کیسز ختم کرنا ہے۔

خیبر پختونخوا میں صورتحال واقعی بہت افسوس ناک ہے اور اس صورتحال سے زیادہ افسوس ناک بات یہ ہے کہ صوبائی حکومت مسائل کے حل پر توجہ دینے کی بجائے وفاقی حکومت کے ساتھ رسہ کشی میں الجھی رہنا چاہتی ہے۔ صوبے کے وسائل پی ٹی آئی کے سیاسی ایجنڈے کو فروغ دینے کے لیے بے دریغ استعمال کیے جا رہے ہیں۔ علی امین گنڈاپور شاید یہ بات سمجھ نہیں پا رہے کہ ان کا عہدہ اور صوبے کے وسائل خیبر پختونخوا کے عوام کی امانت ہیں۔ اگر وہ مسائل حل کرنے کے لیے مثبت کردار ادا نہیں کر سکتے تو انھیں اقتدار سے الگ ہو جانا چاہیے۔ علاوہ ازیں، وفاقی حکومت کو بھی چاہیے کہ وہ خیبر پختونخوا کے سنگین حالات سے بے نیاز نہ رہے بلکہ جہاں بھی صوبائی حکومت کو مسائل حل کرنے کے لیے تعاون کی ضرورت ہے فوری طور پر تعاون کیا جائے تاکہ عوام سکھ کا سانس لے سکیں۔ خصوصی طور پر ضلع کرم کے حالات کو معمول پر لانے کے لیے وفاقی وصوبائی حکومتوں اور مقامی قیادت وعمائدین کو مل کر کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ وہاں لگی ہوئی آگ پر جلد قابو پایا جاسکے۔

اویس قرنی اور عشق رسول ﷺ

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

عشق رسول ﷺ کے آسمان پر اربوں چاند ستارے روز اول سے روز محشر تک اسی طرح چمکتے دمکتے رہیں گے۔ ان چاند ستاروں کی اپنی اپنی اہمیت اور نرالی ہی شان ہے لیکن ان چاند ستاروں کے جھرمٹ میں ایک ایسا روشن چاند بھی ہے کہ اس کے سامنے باقی سب کی چمک ماند پڑ جاتی ہے۔ جو اعزاز اور مقام مرتبہ اس روشن چاند کو ملا وہ اور کسی کے مقدر میں نہیں ہے کیونکہ سید الانبیا تاجدار عرب وعجم افضل البشر رحمۃ للعالمین خاتم النبیین و المرسلین نبی کریم ﷺ نے بار بار اس عاشق صادق کے عشق کا اعتراف اور برملا اظہار کیا ہے ساقی کوثر ﷺ نے کئی بار اس چاند حضرت اویس قرنی کی مدح سرائی کی ہے۔ خالق ارض و سما کی یہ کائنات پر اسرار بھیدوں اور رازوں سے بھری ہوئی ہے سرور کونین ﷺ ساری عمر حضرت اویس قرنی سے محبت کا اظہار کرتے رہے اور حضرت اویس قرنی بھی ہر لمحے عشق رسول ﷺ گزارتے رہے لیکن اللہ تعالیٰ کی بڑی حکمت کے تحت حضرت اویس قرنی کی آقائے دو جہاں ﷺ سے ملاقات نہ ہو سکی حضرت اویس اپنی نابینا اور ضعیف والدہ ماجدہ کی خدمت میں ہر وقت حاضر رہتے آپ ہمیشہ والدہ سے اجازت مانگا کرتے مگر وہ اجازت نہیں دیتیں تھیں ہاں آخر ایک دن آپ کی والدہ نے آپ کو اس شرط پر جانے کی اجازت دی کہ اگر نبی کریم ﷺ گھر پر موجود نہ ہوں تو رکنا نہیں واپس چلے آنا فخر دو عالم حضور پر نور ﷺ نے حضرت عائشہ سے فرما دیا تھا کہ خاصان خدا میں سے ایک شخص ہمارے گھر آئے گا اگر اتفاقاً میں گھر پر موجود نہ ہوں تو اس نیک مہمان کا بہت زیادہ احترام کرنا اور ان کا حلیہ ضرور یاد رکھنا کیونکہ ان کا حلیہ اور زیارت کرنا سعادت کی بات ہے ماں نے جب دیوانے کو مدینہ جانے کی اجازت دی تو ننگے پاں چاک گریبان سوئے مدینہ بھاگ کھڑے ہوئے خوشی کا یہ عالم کہ پاں زمین پر نہیں ٹک رہے تھے جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو محبت سے درو دیوار کو بوسے دیتے اور راہ گیروں سے پوچھتے اے لوگو میرے محبوب آقائے دو عالم ﷺ کا گھر مبارک کدھر ہے عالم وارفتگی و عشق میں حجرہ حضرت عائشہ پر پہنچا اور درد و فراق میں ڈوبی آواز سے عرض کی میرے آقا ﷺ کدھر ہیں اس وقت نبی کریم ﷺ گھر پر تشریف فرما نہیں تھے ہماری ماں حضرت عائشہ نے عزت و احترام کرتے ہوئے فرمایا آپ اندر تشریف لے آئیں تو عاشق رسول ﷺ نے فرمایا میں اندر نہیں آسکتا ماں سے آٹھ پہر کی اجازت لے کر آیا تھا چار پہر گزر گئے واپسی میں چار لگ جائیں گے اور الٹے پاں واپس لوٹ گئے اب ہجر و فراق کے زخم اور بھی گہرے ہوگئے۔ حضرت اویس کے جانے کے تھوڑی دیر بعد محسن انسانیت محبوب خدا ﷺ گھر تشریف لائے اور فرمایا عائشہ یہ نور کیسا ہے تو عرض کی یا رسول اللہ ﷺ قرن سے اس حلیہ کا آپ ﷺ کا دیوانہ آیا تھا سلام کہہ کر واپس چلا گیا آقا ﷺ نے فرمایا یہ نور اویس کا ہے یہ وہی دیوانہ آیا ہوگا حضور ﷺ پر نور کی چشمان مبارک نم آلود ہو گئیں۔ آقا دو جہاں ﷺ کے وصال کے بعد جب حضرت اویس قرنی کو آپ ﷺ کے روضہ مقدسہ کی زیارت کا شوق کا غلبہ چڑھا اور اس وقت آپ کی والدہ ماجدہ بھی وفات پا چکیں تھیں تو آپ مدینہ منورہ تشریف لائے اور مسجد نبوی کے دروازے پر کھڑے ہو گئے تو لوگوں نے کہا یہ نبی کریم ﷺ کا مزار شریف ہے تو یہ سن کر آپ بے ہوش ہو گئے جب ہوش آیا تو فرمایا مجھے اس شہر سے باہر لے چلو کیونکہ جس زمین میں میرے آقا ﷺ آسودہ خاک ہیں وہاں میرا رہنا مناسب نہیں ایسی مقدس و مطہر جگہ قدم رکھنا بے ادبی ہے۔ اس عاشق کی شان دیکھیے جب سرور دو عالم ﷺ کے وصال کا زمانہ قریب آیا تو صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کا جبہ مبارک کس کو دیا جائے سرور دو جہاں ﷺ نے ارشاد فرمایا اویس قرنی کو ایک روایت میں آتا ہے حضرت عمر فاروق فرماتے ہیں ایک دن رسول کریم ﷺ نے مجھ کو آواز دی اے عمر میں بولا یا رسول اللہ ﷺ میں حاضر ہوں جو حکم ہو بجا لانے کو تیار ہوں حضرت عمر فرماتے ہیں کہ مجھے گمان ہوا کہ آقا نبی کریم ﷺ مجھے کسی کام سے کہیں بھیجیں گے لیکن پیارے آقا ﷺ نے مجھ سے یوں فرمایا اے عمر میری امت میں ایک شخص ہوگا جس کا نام اویس ہوگا اگر تم اس سے ملو تو تمہیں خدا کی یاد آئے گی تم جب بھی اس سے ملنا تو اس کو میرا اسلام کہنا اور اس سے اپنے لیے دعائے مغفرت کی درخواست کرنا کیونکہ وہ اللہ کے نزدیک ایسا معزز ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بھروسہ پر کسی بات پر قسم کھا بیٹھے تو اللہ تعالیٰ اس کی قسم کو سچ کر دیتا ہے۔ حضرت عمر فاروق فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد سنتے ہی میں نے اس شخص کو تلاش کیا نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر کا دور ختم ہوا میں مسلسل اسی تلاش میں لگا رہا۔ ایک دن حضرت عمر کوفہ میں آئے اور خطبہ دیا اور کہا اہل نجد کھڑے ہو جاؤ وہ کھڑے ہو گئے پھر فرمایا تم میں کوئی قرن کا رہنے والا ہے تو قرن والوں کو امیر المومنین کے سامنے پیش کر دیا گیا حضرت عمر نے اویس قرنی کے بارے میں دریافت کیا تو زیادہ تر لوگوں نے انکار کیا لیکن ایک شخص بولا میں ایک دیوانے اور حقیر فقیر کو جانتا ہوں وہ لوگوں سے دور بھاگتا ہے وادی میں اونٹ چراتا ہے نہ آبادی میں آتا ہے اور نہ ہی کسی سے میل جول رکھتا ہے جب لوگ ہنستے ہیں تو وہ روتا ہے اور جب لوگ روتے ہیں تو وہ ہنستا ہے یہ باتیں سنتے ہیں حضرت عمر فاروق اور حضرت علی اس وادی کی طرف روانہ ہوئے جب یہ دونوں عظیم حضرات حضرت اویس قرنی کے پاس پہنچے تو وہ اس وقت نماز میں مشغول تھے اور اونٹوں کی حفاظت ایک فرشتہ کر رہا تھا۔ حضرت اویس قرنی نے نماز ختم کی تو حضرت عمر فاروق نے سلام کہا تو انہوں نے سلام کا جواب دیا پھر حضرت عمر نے نام پوچھا تو انہوں نے کہا عبداللہ تو حضرت عمر نے جواب دیا کہ ہم سب بھی اللہ تعالیٰ کے بندے ہیں اپنا خاص نام بتائیں تو حضرت اویس نے جواب دیا اویس تو حضرت عمر نے فرمایا اپنا سیدھا ہاتھ دکھائیں جب حضرت اویس نے ہاتھ دکھایا تو حضرت عمر نے وہ نشانی موجود پائی جو نبی کریم ﷺ نے اشارہ کیا تھا حضرت عمر نے اس نشانی کو بوسہ دیا اور فرمایا رسول خدا ﷺ نے آپ کو سلام بھیجا ہے اور فرمایا کہ میری امت کے لیے دعا کریں حضرت اویس قرنی بولے اچھا تو لاؤ اور مجھے رسول کریم ﷺ کا مرقع دو تاکہ میں دعا کروں حضرت عمر نے مرقع رسول ﷺ حضرت اویس قرنی کو دیا اور کہا اب اس کو پہن کر دعا کریں۔ حضرت اویس قرنی نے کہا کہ صبر کریں ان سے دور جا کر مرقع کسی گوشہ میں رکھا اور پیشانی کو خاک پر رگڑ کر عرض کہ یا الٰہی جب تم تمام امت محمدی ﷺ کو نہ بخش دے گا اس مرقع کو جو تیرے محبوب ﷺ نے مجھے بھیجا ہے نہیں پہنوں گا۔ غیب سے آواز آئی میں کچھ امت کو بخش دیا لباس پہن لیں عرض کیا کہ جب تک تمام امت کو بخشوا نہیں لوں گا اس وقت تک یہ لباس نہیں پہنوں گا یہ تکرار بڑھتی چلتی گئی اور امت کی بخشش میں اضافہ ہوتا چلا گیا یہاں تک کہ حضرت عمر اور حضرت علی آپ کے پاس آتے ہیں کہ آپ کیا کر رہے ہیں۔ جب حضرت عمر اور حضرت علی قریب آئے تو بولے ہائے افسوس تم لوگ یہاں کیوں آگئے اگر نہ آتے تو میں جب تک ساری امت محمدی ﷺ کو بخشوا نہ لیتا یہ لباس نہ پہنتا۔ پھر حضرت اویس قرنی نے آقائے دو جہاں ﷺ کا لباس مبارک پہن لیا اور کہا اللہ تعالیٰ نے ربیعہ اور مضر کی تعداد کے برابر امت محمدی ﷺ کو اس لباس شریف کی برکت سے بخش دیا ہے۔

اسلام آباد پر چڑھائی اور جوابی کارروائی

میری ڈھیٹ ہڈی غیروں کے طعنے سننے کی عادی ہو چکی ہے۔ عزیز از جان صحافی دوست بھی لیکن جب یہ سوچنا شروع ہو جائیں کہ پیمرا کے لائسنس کے ذریعے چلائے ٹی وی چینل اور حکومت سے ملے ڈیکلریشن کی بدولت چھاپے اخبار میں سچ بتانا ممکن ہی نہیں تو دل گھبرا جاتا ہے۔ بات قواعد وضوابط کی لگام میں بندھے میڈیا کی محدودات تک محدود رہتی تو نظرانداز کر دی جاتی۔ پریشانی کی اصل وجہ یہ ہے کہ برسوں سے آپ کو پوری طرح جاننے کے باوجود آپ کے چند صحافی دوست اب یہ سوچنا شروع ہو گئے ہیں کہ نوکری بچانے کی خاطر سچ بیان نہیں ہو رہا۔ فدویانہ انداز میں وہ 'بیانیہ' فروغ دیا جا رہا ہے جو سرکار تحریک انصاف کو کمزور کرنے کی خاطر پھیلانا چاہ رہی ہے۔

اپریل 2022ء میں عمران حکومت کو تحریک عدم اعتماد کے ذریعے ہٹانے کے بعد فروری 2024ء کے انتخاب سے قبل اور بعد میں جو حکومتی بندوبست تشکیل ہوا میری دانست میں عوامی خواہشات نظرانداز کرتے ہوئے بھان متی کا کنبہ کھڑا کرنے کے مترادف تھا۔ یہ کہنے کے بعد مگر سوال یہ اٹھتا ہے کہ وطن عزیز کی مقبول ترین سیاسی جماعت ہونے کے باوجود تحریک انصاف اس بندوبست کا دھڑن تختہ کرنے میں ناکام کیوں ہو رہی ہے؟ اسلام آباد پر تقریباً ہر دوسرے مہینے خیبر پختونخوا کے سرکاری وسائل سے لیس ہوئے لشکر کے ذریعے ہوئی یلغار حکومتی بندوبست کو کمزور تر کرنے کے بجائے توانا تر بنا رہی ہے۔ اپنی بات ثابت کرنے کو چند دلائل پیش کریں۔ کچھ سوالات اٹھائیں تو چند عزیز از جان دوست ناراض ہو جاتے ہیں۔

گزرے ہفتے کی 24 تاریخ سے ایک بار پھر خیبر پختونخوا سے آئے لشکر نے اسلام آباد پر چڑھائی کی کوشش کی۔ اب کی بار اس کی قیادت براہ راست عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے ہاتھ گئی نظر آئی۔ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور ان کے معاون ہی محسوس ہوئے۔ 'کارروان انقلاب' کی پشاور سے روانگی سے قبل ہی حکومت پنجاب نے آبادی کے اعتبار سے ہمارے سب سے بڑے صوبے کی اہم شاہراہوں کو 'سالانہ مرمت' کے نام پر بند کر دیا۔ رحیم یار خان سے اٹک تک پہیہ جام ہوا نظر آیا۔ 'پہیہ جام' کی اصطلاح ہمارے ہاں 1977ء میں بھٹو مخالف تحریک کے دوران منظر عام پر آئی تھی۔ سنا ہے کہ ملک بھر میں ٹرانسپورٹ کی نقل وحرکت ناممکن بنانے کا یہ ہتھکنڈا سب سے پہلے چلی کے مقبول صدر آلندے کی حکومت کا تختہ الٹانے کے لیے استعمال ہوا تھا۔ جون 1977ء میں بھٹو حکومت کے خلاف استعمال ہوا تو جنرل ضیاء کا 4 جولائی 1977ء والا مارشل لاء لگوانے میں مددگار ثابت ہوا۔ ہمارے ہاں 24 نومبر کی 'فائنل کال' ناکام بنانے کے لیے پنجاب حکومت اپنے ہی صوبے میں پہیہ جام کرتی نہایت مضحکہ خیز نظر آئی۔

رواں برس کے اکتوبر کی پہلی تاریخ بھی پشاور سے تحریک انصاف کا ایک لشکر اسلام آباد داخلے کے لیے آیا تھا۔ وفاقی حکومت سے جائز و ناجائز وجوہات کی بنا پر نفرت سے مغلوب ہوئے افراد اس حقیقت کو نظرانداز کر دیتے ہیں کہ تحریک انصاف کا پشاور سے آیا لشکر ایک سیاسی جماعت کا 'پرامن احتجاجی مارچ' نہیں ہوتا۔ سرکاری وسائل کی بدولت وہ 'منتخب وزیر اعلیٰ' کے تحفظ کے لیے لازمی سازوسامان سے بھی لیس ہوتا ہے۔ اسے روکنے کے لیے آنسو گیس استعمال ہو تو اس کا توڑ بھی لشکر ہی میں موجود ہوتا ہے۔ پشاور سے چلا لشکر اٹک پار کر جائے کہ وفاق پاکستان کی ایک اکائی دوسرے صوبے کی حد میں داخل ہو کر ایسے مناظر اجاگر کرتی ہے جو متحارب ممالک کے مابین 'جھڑپوں' کی نشان دہی کرتے ہیں۔ بشریٰ بی بی کی قیادت نے پشاور سے چلے قافلے کو نفسیاتی وجذباتی اعتبار سے مزید تقویت پہنچائی۔ وفاق اور پنجاب حکومت کی تمام تر تیاریوں کے باوجود خیبر پختونخوا سے آیا کارروان اسلام آباد میں داخل ہو گیا۔ حکومتی اہل کاروں کے اس کی وجہ سے اوسان خطا ہو گئے۔



nusrat.javeed@gmail.com

قواعد وضوابط کی لگام میں چلایا روایتی میڈیا قارئین وناظرین کو سمجھا ہی نہیں پایا کہ محض 'عوام کا اجتماع اور جذبہ' ہی ان کی راہ میں آئی رکاوٹوں کو روندنے کے قابل نہیں تھا۔ 'کارروان انقلاب' کو ہر صورت اسلام آباد تک پہنچانے کے لیے جنگی حربے استعمال ہوئے۔ ایک فریق کی جانب سے ایسے حربے استعمال ہونے کے کے بعد دوسرے فریق سے یہ توقع باندھنا غیر منطقی تھا کہ وہ 'پرامن احتجاج' کی اسلام آباد آمد کو ایک تھپڑ کھانے کے بعد دوسرا گال آگے کرتے ہوئے برداشت کر لے گا۔ تخت یا تختہ کے لیے ہوئے معرکوں میں ایسے نہیں ہوتا۔ ادلے کے بدلے والی روش اختیار کی جاتی ہے اور ایسے معرکوں کے دوران عام شہری بے بس ولاچار تماشائی ہوتے ہیں۔

پرانی وضع کا عاجز صحافی ہوتے ہوئے دیانتداری سے یہ محسوس کرتا ہوں کہ اگر ہم پشاور سے چلے کارروان کو سیلف سنسر شپ یا کسی کے حکم پر نظرانداز نہ کر رہے ہوتے تو عوام کو سمجھانا بہت آسان ہو جاتا کہ اسلام آباد میں داخلے کے بعد وفاقی حکومت اپنے تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے اسے پسپا ہونے کو مجبور کر دے گی۔ بالآخر ایسے ہی ہوا۔ رات کے اندھیرے میں 75 گھنٹوں سے مسلسل سفر کرتے اور وفاق اور پنجاب حکومت کی مزاحمت میں مصروف کارکن جب ڈی چوک سے کچھ فاصلے پر موجود خیبر پلازہ تک پہنچے تو بہت تھک چکے تھے۔ ان کی اکثریت اس گماں میں رہی کہ شاید بشریٰ بی بی فجر کی نماز کے بعد ڈی چوک پر آخری دھاوا بولنے کا حکم صادر کریں گی۔ یہ فرض کرتے ہوئے وہ ہجوم سے کٹ کر کھانے پینے کی اشیاء ڈھونڈنے لگے۔ سینکڑوں افراد فٹ پاتھوں اور گھاس کے قطعوں میں لیٹ کر تھکن بھی دور کرتے رہے۔ جذباتی کارکنوں کا ایک گروہ مگر علی امین اور بشریٰ بی بی کی گاڑیوں کو گھیرے ہوئے اس امر کو مصر رہا کہ فی الفور ڈی چوک کا رخ کیا جائے۔ ان دونوں کو مگر خبر پہنچا دی گئی تھی کہ حکومت بتیاں بجھانے کے بعد آخری حملے کے لیے پولیس اور رینجرز کے تازہ دم دستوں کے ساتھ تیار ہو چکی ہے۔ بشریٰ بی بی اور وزیر اعلیٰ کو 'محفوظ راستہ' فراہم کرنے کی یقین دہانی کروائی گئی۔ وہ دونوں وہاں سے کھسک لیے اور آنسو گیس کی بوچھاڑ، مسلسل ہوائی فائرنگ اور بسا اوقات ربڑ بلٹس کے براہ راست استعمال سے ہجوم کو منتشر کر دیا گیا۔ وفاقی حکومت کی ہجوم کو منتشر کرنے کے لیے اپنائی حکمت عملی نہایت جارحانہ تھی۔ اس پر سوال اٹھانا لازمی ہے۔ اس کے ساتھ ہی مگر تحریک انصاف کی پسپائی بھی زیر بحث لانا پڑتی ہے۔ اسے مگر زیر بحث لاؤ تو دوست ناراض ہو جاتے ہیں۔ اندھی نفرت وعقیدت پر مبنی تقسیم اب ناقابل برداشت ہونا شروع ہو گئی ہے۔ قریب ترین دوست بھی آپ کی نیت پر سوال اٹھانا شروع ہو گئے ہیں۔

پی ٹی آئی کا انجام۔۔۔۔؟

ہم نے آٹھ برس پہلے انکشاف کر دیا تھا کہ پنکی نامی جادو گرنی پلانٹڈ ہے۔ جائیدادوں، مال و دولت اقتدار شہرت کی ہوس کی شکار اس خاتون نے گوگی گینگ تیار کیا۔ عمران خان کو پھانسا اور غداروں کی مخبریوں سے عمران کو اپنے جعلی روحانی شیشے میں بڑی مہارت سے اتار لیا۔ برین واش ہپنا ٹائز ضعیف الاعتقاد شخص جادو گرنی کے سحر میں ایسا جکڑا گیا کہ دین دنیا سب گنوا بیٹھا۔ ایسے نامراد مرید کے ہاتھ میں ملک کی باگ دوڑ تھمانا حماقت تھی مگر یہ حماقت ہوگئی اور پھر حماقت کا خمیازہ بعد میں آنے والی مقتدرہ کو بھگتنا پڑی۔ تحریک انصاف نے تحریک انتشار بننے میں عجلت سے کام لیا جبکہ ریاست کے خلاف بغاوت کی ہر منصوبہ بندی الٹی ثابت ہوئی۔۔۔ ایک وقت تھا جب عمران خان کہا کرتا تھا کہ "متحدہ کا قائد الطاف حسین ملک کا سب سے بڑا غدار اور دہشتگرد ہے"۔ پھر وہ وقت آیا جب کہا کرتا "ایم کیو ایم سے پی ٹی آئی کا نیچرل الائنس ہے۔" سچ کہا کرتا تھا۔ دہشت گرد اور غدار رشتے میں ہمزاد ہوتے ہیں۔ 26 نومبر کو انقلاب اپنی موت آپ مر گیا اور ڈھونگی کہتے ہیں دھرنا ابھی بھی جاری ہے۔ یقیناً پیرنی کے موکل دھرنا دے رہے تھے۔ قیادت تو پہنچی نہیں اور جو پہنچی اس نے غیرتمندوں کو ذلیل ورسوا کر دیا۔ زن مرید جماعت زن کے ہاتھوں پیوند خاک ہوئی۔ ملک کے اندھے عاشقان زن مرید مرشد کو نعوذ باللہ پاک ہستیوں سے ملاتے ہوئے ڈوب کے مر کیوں نہیں جاتے؟ کربلا میں نانا کی آل نے پہلے اپنا خاندان معصوم بچے تک شہید کرائے۔ تم منافقو یزید سے بھی بدتر ہو۔ اپنی اولادوں کو محفوظ رکھتے ہو۔ حسین رضی اللہ عنہ کا نام اپنی غلیظ زبان سے مت لو۔۔۔ تحریک انصاف کے بانی چیئرمین عمران خان، ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی، صوبائی صدور، مرکزی عہدیداران، قومی اسمبلی کے 103 ایم این ایز، پنجاب اسمبلی کے 116 ایم پی ایز، پختونخوا کے 93 ممبران اسمبلی، سندھ کے 30 ممبران اسمبلی، بلوچستان کے 7 ممبران اسمبلی، 18 سینیٹرز اور کشمیر اور گلگت بلتستان اسمبلیاں کیا ان تمام ممبران اور عہدیداروں میں کسی ایک کا بچہ بھی انقلاب میں زخمی یا جاں بحق ہوا؟۔ غریبوں کے بچے کو اپنے اقتدار اور جرائم پر پردہ پوشی کا ایندھن بناتے نہ عمران خان کو خیال آیا نہ ان کی پارٹی کی باقی قیادت کو۔

مکتوب امریکہ
طیبہ ضیا

300 لاشیں؟۔ یہ سب ویسی ہی خبریں ہیں جیسے پنجاب کالج میں طالبہ کا ریپ ہوا تھا۔ اس کا جنازہ بھی ہو گیا۔ تدفین وغیرہ بھی لیکن آج تک کوئی طالبہ کو جانتا ہے نہ اسکے خاندان کو ڈھونڈ سکا نہ اسکی قبر۔ پی ٹی آئی کا فیصلہ ہوا تھا کہ بشریٰ پیرنی احتجاج میں نہیں جائے گی، لیکن احتجاج سے پہلے وہ خود نکل آئی، اور اس کی گنڈا پور سے منہ ماری بھی ہوئی، اور کہا کہ میں پیدل ہی احتجاج کیلئے نکل جاؤں گی۔ 26 نمبر چونگی پر قافلہ رکا تو پھر دونوں میں جھگڑا ہوا اور بشریٰ نے دھمکی دی کہ اگر تم آگے نہیں گئے تو میں خود جاؤں گی، کلثوم اسپتال پر قافلہ روکنے اور ڈی چوک نہ جانے کا فیصلہ ہوا تھا، لیکن بشریٰ نے ڈی چوک جانے کا کہا، اور جب آپریشن ہوا تو حکومت نے ہی ان دونوں کو بھاگنے کا راستہ فراہم کیا۔ رؤف حسن سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی نے بھی کہا کہ ہمارے پاس کنفرم اموات گیارہ (11) ہیں جو ظاہر ہے انتہائی افسوسناک ہے۔ لیکن بی بی سی کی سٹوری نے ایک نامعلوم ڈاکٹر کے نام پر جو سنسنی پھیلائی اس کا نقصان نہ صرف صحافت اور پاکستان کو ہوا بلکہ عام لوگوں کی نفسیات پر بھی منفی اثر پڑا۔ لگتا ہے سٹوری بناتے ہوئے لطیف کھوسہ کے 278، شیخ وقاص کے 100 اور سلمان اکرم راجا کے 20 لاشوں کے دعوے بی بی سی کے اعصاب پر سوار تھے۔ سنسنی خیز لفاظی کی ایک خوفناک مثال دیکھیں کہ مرنے والوں کی تعداد کو بغیر کسی واضح نمبر کے اوپن اینڈڈ اختتام، غیر شفاف اور غیر پیشہ وارانہ طریقے سے لوگوں پر چھوڑ دیا گیا۔ پی ٹی آئی تمام تباہی کی ذمہ دار بشریٰ پیرنی کو سمجھتی ہے۔ فائنل مارچ سے پہلے پشاور میں پی ٹی آئی کا اجلاس ہوا، بشریٰ پیرنی نے اجلاس میں پارٹی لیڈرز کیلئے 7 مرتبہ بے غیرت اور گدھ کا لفظ استعمال کیا، اسلام آباد سے فرار کے بعد بدھ کو میٹنگ میں بشریٰ نے پارٹی رہنماؤں کیلئے ایک بار پھر بے شرم اور بے غیرت جیسے لفظ استعمال کیے، اس کے لہجے میں شدید غصہ، رعونت اور حقارت تھی۔ سلمان اکرم راجہ نے بشریٰ کو کہا کہ میں صرف عمران خان کو جواب دہ ہوں، اس کی بیوی کو جواب دہ نہیں۔ گولیاں اندھیرے میں ڈھونڈ کر نامعلوم غریبوں کو لگیں اور وہ سب غائب بھی ہو گئے اور نامور لیڈر، یوٹیوبر اور درجنوں ٹی وی چینلز کے نمائندے جو اسی جگہ موجود تھے انہیں سیکورٹی فورسز کی کسی چھری نے بھی نہیں چھوا کیا؟ ڈی چوک کے بھگوڑوں نے بانی پی ٹی آئی کو بھی تنہا چھوڑ دیا۔ جیل میں ملاقات کے دن، بانی پی ٹی آئی ملاقاتیوں کی راہ تکتے رہے۔ آج اڈیالہ جیل میں بانی پی ٹی آئی سے ملنے کوئی بھی نہیں پہنچا پی ٹی آئی رہنماؤں نے گرفتاری کے ڈر کے پیش نظر بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کی زحمت نہ کی۔ بانی پی ٹی آئی سے پارٹی رہنماؤں کے علاوہ اہل خانہ میں سے بھی کوئی نہیں آیا۔ سیاسی جانشینی کی دوڑ میں شامل بشریٰ بی بی اور علیمہ خان بھی ملنے نہ آئیں۔ اڈیالہ جیل میں ملاقات کے لیے آنے والے عام طور پر ایک دو روز پہلے درخواست دیا کرتے تھے، ذرائع کچھ عرصے سے ملاقات کے لئے آنے والے موقع پر ہی درخواست دے کر بانی پی ٹی آئی سے مل رہے تھے، ذرائع ڈی چوک فائنل کال کی ناکامی پر پی ٹی آئی رہنما شرمندہ ہیں یا خوفزدہ؟ اڈیالہ میں بیرسٹر گوہر اور بیرسٹر سیف کی بانی چیئرمین سے ملاقات ہوئی – ملاقات میں دونوں شخصیات نے بانی چیئرمین کو بتایا کہ سارا کراؤڈ خیبر پختونخوا سے ہے اور پنجاب اور سندھ سے کوئی بھی نہیں نکلا اور پنجاب اور سندھ کی قیادت ورکرز کو نکالنے میں ناکام رہی۔ بانی کو یہ بھی بتا دیا گیا کہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھاری نفری کی موجودگی میں نقصانات کا اندیشہ ہے اور ہجوم کی قیادت بشریٰ بی بی نے سنبھال لی ہے جسے سن کر خان صاحب خاموش ہو گئے۔ جادو کے اثرات فرد جرم عائد ہونے تک برقرار دکھائی دیتے ہیں۔ نومئی اور 26 نومبر کا بانی سنگین گرفت میں آچکا ہے اور اس کا سہرا جادو گرنی کے سر باندھا جائے گا۔ 26 نومبر کو انقلاب کا چاند کراچی، لاہور سمیت پاکستان کے کسی صوبہ میں نظر نہیں آیا چند گھنٹوں کے لئے اسلام آباد میں نظر آیا تھا مگر اسکے فوراً بعد منظر عام سے غائب ہو گیا۔

احتجاج یا استحکام؟؟؟؟؟

پاکستان تحریک انصاف کی فائنل کال احتجاج کے بعد سیاسی جماعتوں کی سطح پر بیان بازی ہو رہی ہے۔ یہ بیانات ملکی سیاست کا افسوسناک پہلو ہے۔ سیاست دانوں کے طعنے اور طنزیہ جملوں نے ماحول کو کشیدہ کر رکھا ہے، سیاسی تعلقات میں شدت اور کشیدگی میں اضافہ ہوا ہے۔ بدقسمتی سے ہم آج تک یہ فیصلہ نہیں کر سکے ہیں کہ ہمیں احتجاج کے پیچھے بھاگنا ہے یا پھر استحکام کی طرف جانا ہے۔ کاش کہ سیاسی قیادت اس بارے قوم کی رہنمائی کرے کہ احتجاج ضروری ہے یا استحکام کی ضرورت زیادہ ہے۔ اگر ہمیں استحکام چاہیے تو کیا یہ مقصد احتجاج کے ساتھ ساتھ حاصل کیا جاسکتا ہے یقیناً ایسا نہیں ہے لیکن بدقسمتی سے ہم ابھی تک یہ فیصلہ کرنے میں ناکام ہیں اگر احتجاج کرنا بھی ہے تو اس کا پیمانہ اور طریقہ کیا ہونا چاہیے۔ افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ ایسا نہیں ہے۔ گزشتہ دنوں پشاور سے اسلام آباد تک احتجاج کی وجہ سے دنیا کو مختلف مناظر دیکھنے کو ملے ہیں۔ یقیناً یہ اچھے مناظر نہیں تھے دنیا میں ایسے واقعات ہوتے رہتے ہیں اور اس بارے ہمیں کوئی معذرت خواہانہ رویہ اختیار بھی نہیں کرنا چاہیے کیونکہ دنیا کے ہر دوسرے ملک کو سیاسی طور پر ایسی مزاحمت کا سامنا رہتا ہے۔ لیکن جب ہم اندرونی طور پر معاشی و سیاسی عدم استحکام کی بات کرتے ہیں تو پھر یہ پہلو تکلیف دہ ہے کہ ہر سیاسی جماعت ہر وقت حکومتی مخالفت کی وجہ سے کچھ غیر معمولی کام کرنے کی کوشش کرتی رہتی ہے۔ اگر کوئی بین الاقوامی مسئلہ نہیں ہے، کوئی مذہبی معاملہ نہیں ہے، کوئی قومی مسئلہ نہیں ہے تو پھر کیوں احتجاج کا راستہ اختیار کیا جاتا ہے۔

اس سے بڑھ کر تکلیف دہ بات یہ ہے کہ سیاسی قیادت مظاہرین کی حمایت کرتی ہے۔ ٹھیک ہے کہ احتجاج بنیادی حق ہے، جمہوریت کا حسن ہے لیکن کیا حسن برقرار رکھنا بھی کسی کی ذمہ داری ہے یا نہیں۔ ملکی معیشت ہچکولے کھا رہی ہو، عام آدمی کی زندگی مشکل ہوتی جا رہی ہو اور سیاسی جماعتیں سڑکوں پر تماشے لگائیں اور ملک کی ایک بڑی سیاسی جماعت کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کہتے ہیں کہ کسی پارٹی کے فیصلے سے غرض نہیں کہ انہوں نے فیصلہ غلط کیا یا صحیح، وہ اپنے فیصلے کے خود ذمہ دار ہیں۔ ایک صوبے سے قافلے آ رہے ہیں تو اس وقت راستے دیئے گئے اور پیچھے ہٹ گئے، کہا کہ گولی نہیں چلانا چاہتے، جب ڈی چوک پہنچ گئے تو پھر گولی کیوں چلائی؟ ہر پارٹی کو جلسہ اور مظاہرہ کرنے کا حق حاصل ہے، مجھے بھی اور میرے مخالف کو بھی یہ حق حاصل ہے لیکن ہم اسلام آباد میں حکمرانوں کے پرتشدد رویے کی مذمت کرتے ہیں۔

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

یہی وہ مسئلہ ہے جس بارے سیاسی قیادت رہنمائی کرنے میں ناکام ہے۔ ہر سیاسی جماعت کو احتجاج کا حق حاصل ہے لیکن کیا غربت کی زندگی گزارنے والے کروڑوں انسانوں، بنیادی تعلیم سے محروم کروڑوں بچوں کا کوئی حق نہیں ہے، کسی بھی سیاسی جماعت کے سیاسی مفادات کا تحفظ کرتے ہوئے احتجاج کو حق قرار دینا اور اس پر قائم رہنا کیا ملکی ترقی کے راستے میں بڑی رکاوٹ تو نہیں ہے۔ صرف مولانا فضل الرحمن ہی نہیں جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن بھی مظاہرین کے ساتھ اظہار یکجہتی کر رہے ہیں۔ دیگر سیاسی جماعتوں کے اکابرین بھی حکومت کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ ٹھیک ہے تشدد نہیں ہونا چاہیے لیکن ریاستی اداروں کو بند گلی میں بھیجنا کہاں کی سیاست ہے۔ چونکہ ایسی سیاسی سرگرمیوں کی حمایت کرنے والوں نے مستقبل میں خود سڑکوں پر آنا ہوتا ہے اس لیے کوئی مسئلے کے حل کی طرف نہیں جانا چاہتا۔ پاکستان کے موجودہ حالات کو دیکھتے ہوئے ایسے معاملات میں کوئی قومی پالیسی ہونی چاہیے۔ اسمبلیوں کی موجودگی میں سڑکوں پر دھرنے، احتجاج ملکی ترقی کے راستے میں بڑی رکاوٹ ہیں۔ یہ کام صرف اور صرف سیاسی قیادت ہی کر سکتی ہے۔ بنیادی طور پر یہ رویہ عدم برداشت کا اظہار ہے کیونکہ جو اپوزیشن میں ہے وہ حکومت کو برداشت نہیں کرتا، ہر حال میں حکومت کا خاتمہ چاہتا ہے، ووٹرز سیاسی شعور اور غیر جانبدارانہ جائزہ لینے کی اہلیت نہیں رکھتے، ووٹرز کارکردگی کے بجائے جذباتی نعروں اور بیانات کو پسند کرتے ہیں۔ یہ ہمارے ووٹرز کی کمزوری ہے۔ سیاسی جماعتوں کے کارکن کسی بھی سیاسی جماعت کے منشور، کارکردگی، منصوبوں یا پالیسیوں کے بجائے ذاتی تعلقات، میل جول اور جذباتی و خاندانی وابستگی کی بنیاد پر ووٹ دیتے ہیں۔ جمہوری نظام کے معاملے میں بھی ہم دنیا سے بہت پیچھے ہیں۔

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال کا بیان بھی مناسب نہیں ہے۔ احسن اقبال کہتے ہیں بانی پی ٹی آئی کا شوق پورا نہیں ہوا تو وہ ایک اور کال دے کر شوق پورا کر لیں۔ سوشل میڈیا پر ان لوگوں نے پورے بلیو ایریا کو لال سیاہی چھینک کر سرخ کیا ہوا ہے۔ حکومت پر بھی لازم ہے کہ وہ ذمہ داری کا مظاہرہ کرے، آپ کے پاس طاقت، اقتدار اور اختیار ہے بلیو ایریا کو اگر کوئی سرخ کر کے دکھا رہا ہے تو آپ حقیقت دنیا کے سامنے رکھ دیں، کیمرا لے جائیں وہاں سے لائیو کر دیں، وہاں پریس کانفرنس کریں، میڈیا کو لے کر جائیں جواب دیں، یہ کوئی مشکل کام ہے۔ غیر ضروری بیانات میں الجھے رہنے سے نا صرف قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہے بلکہ ترقی بھی رکی ہوئی ہے، ذہنی نشوونما سب سے زیادہ متاثر ہو رہی ہے اور یہ نقصان کسی بھی مالی نقصان سے زیادہ خطرناک اور تباہ کن ہے۔

”سپیڈ کی لائٹ“ والا انقلاب

لیجئے جناب، پی ٹی آئی کے ایک سے دوسرے سرے تک کم از کم ایک بات پر اتفاق رائے تو ہو گیا۔ یہ کہ پارٹی کی پوری قیادت بک چکی ہے، غدار اور میر جعفر ہے، تقسیم سے ملی ہوئی ہے۔ زیادہ تر نے اپنے لیڈروں کیلئے "کمپرومائزڈ" کا لفظ استعمال کیا ہے۔ پی ٹی آئی کے بعض ٹی وی اینکرز اپنی گندمی اور نیم گندمی رنگت کے باوجود خود کو "انگریز" یا امریکی انگریز باور کرانے کی سعی میں زور لگاتے نظر آتے ہیں، ان کے الفاظ میں پارٹی لیڈر "کھام پھرومائزڈ" ہے۔ بہرحال کمپرومائزڈ ہو یا کھامپرومائزڈ، عوامی زبان میں معنے ایک ہی ہیں، بکی ہوئی قیادت۔

اور یہ بھی نہیں کہ قیادت کا بیشتر حصہ، پارٹی اتفاق رائے کے مطابق ساری کی ساری۔ پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا سارے کا سارا یہی بیانیہ نشر کر رہا ہے۔ عوام الناس میں مشہور ہے کہ یہ دراصل "جھوٹ بریگیڈ" ہے۔ ہوگا، لیکن کم از کم اس کی تازہ ریسرچ تو سچ ہی لگتی ہے۔

قیادت اگر یہی ہے جو بیان کی گئی ہے تو پارٹی لیڈرز اور اس کے سوشل میڈیا کو مرشد کی بصیرت اور ویژن کے قربان جانا چاہیے کہ:

تمہیں کہو، یہ انتخاب کس کا تھا۔

یعنی کس نے چن چن کر یہ ہیرے موتی قیادت کی مسندوں پر بٹھائے۔ مرشد کی بصیرت اور بصارت کے کیا کہنے، وہ تو دیوار کے اس پار بھی دیکھ لیتے ہیں۔

پی ٹی آئی سوشل میڈیا کے ایک سے زیادہ آؤٹ لیٹس نے تو حد کر دی۔ خود مرشدانی جی پر سوال اٹھا دیا، کہا، اب پتہ چلا، اچانک ہی رہا کر کے کیوں پختونخواہ جانے کی اجازت دے دی۔ پشاور کے سی ایم ہاؤس میں بیٹھ کر پارٹی پر نقب لگائی۔ سنگجانی جا کر دھرنا دینے کی ہدایت خود مرشد نے دی تھی، مرشدانی جی نے سبوتاژ کر دی۔



نتیجہ دیکھ لو۔ پارٹی ورکرز کا سارا حوصلہ جو چند روز پہلے تک اوج ثریا سے بھی اوپر محو پرواز تھا، اب پاتال کی گہرائیوں میں غوطہ زن ہے۔ ادھر پارٹی قیادت کے اجلاس میں بھی مرشدانی پر اعتراض ہوئے۔ اخباری رپورٹ کے مطابق شرکائے اجلاس میں کسی ایک نے بھی مرشدانی کا دفاع نہیں کیا۔ کاش اعتزاز احسن بھی اجلاس میں ہوتے اور صفائی دینے کا حق ادا کرتے۔

یاد آیا جب پارٹی کی حکومت تھی اور ہر شعبے میں تباہ کاری اور بربادی کے جھنڈے گاڑے جا رہے تھے تو پی ٹی آئی کے "منصب شدہ" اینکر پرسن مرشد کی صفائی ان الفاظ میں دیا کرتے تھے کہ مرشد تو بہت قابل، بہت ایماندار ہے لیکن وہ کیا کرے، اس کی پارٹی کے لیڈر، کابینہ کے ارکان نالائق اور کرپٹ ہیں۔ مرشد کا کوئی قصور نہیں۔

یہ "راز" ابھی دنوں تازہ تازہ کھلا تھا کہ مرشد تو دیوار کے پار بھی دیکھ لینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

اور اب تو مرشدانی پر بھی اعتراض ہو گیا حالانکہ ابھی مرشدانی جی کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ انہیں براہ راست آسمانوں سے کشف ہوتا ہے، وہ ڈیوائن ڈاکٹرائن لے کر آئی ہیں۔ ان کے موکل انہیں ہر شے کی حقیقت بتا دیتے ہیں، کل کیا ہوگا، یہ بھی بتا دیتے ہیں۔

حیرت ہے، موکلوں نے یہ نہیں بتایا کہ 26 نومبر کی رات انہیں ڈی چوک سے اس عالم میں بھاگنا پڑے گا کہ نہ ہاتھ باگ پر ہوگا نہ پا رکاب میں۔ گنڈاپور کے ہمراہ ایسے بندوق کی گولی کی طرح بھاگیں کہ سیدھے مانسہرہ جا کر دم لیا۔ گنڈاپور نے کچھ گھنٹے دم لینے کے بعد پریس کانفرنس بھی کر ڈالی، مرشدانی جی کو دم لینے میں ابھی کچھ دن لگیں گے۔ فی الوقت وہ خاموشی کا اعتکاف بیٹھ گئی ہیں۔

خبریں افواہوں کی صورت میں گرم ہیں کہ خیبر پی کے میں گورنر راج لگا دیا جائے گا۔ یعنی صوبے کی حکومت کنڈی کے سپرد ہو جائے گی۔

اس صورت میں گنڈاپور کا کیا بنے گا؟۔ شاید انہیں وفاق میں کوئی وزارت مل جائے۔ شاندار خدمات کے اعتراف میں۔ ایسا ہوا تو کون سا قلم دان ملے گا؟۔ شاید فروغ پیداوار اسلامی شہد کا نیا محکمہ بنایا جائے۔

پی ٹی آئی کے بہت سے سوشل میڈیا آؤٹ لیٹ دو دن سے جہاں پارٹی کی "کھام پھرومائزڈ" قیادت کو توپ دم کیے ہوئے ہیں، وہاں پنجاب کو بھی نشانے پر رکھا ہوا ہے کہ یہاں سے کوئی نہیں نکلا۔ اسی سوشل میڈیا کی اطلاع تھی کہ پارٹی نے 35 ہزار جانباز کارکن پہلے ہی اسلام آباد پہنچا دیئے ہیں، جونہی کے پی والا جلوس اسلام آباد پہنچے گا، یہ 35 ہزار بھی اپنی کمین گاہوں سے برآمد ہوں گے اور پھر یوں چٹکی بجاتے انقلاب آجائے گا۔

پی ٹی آئی والے پنجاب کو جتنی چاہے صلواتیں سنا دیں، کوسنے دے دیں لیکن پہلے یہ عقدہ تو حل کریں کہ یہ 35 ہزار کہاں چھپے تھے۔ لگتا ہے جس کھوہ میں پناہ لی تھی، اس کے دہانے پر کوئی چٹان آگری، باہر آنے کا راستہ بند ہو گیا، یہ 35 ہزار اس چٹان کو ہلاتے ہی رہ گئے اور انقلاب جلا ہوا کنٹینر چھوڑ کر واپس کے پی بھاگ نکلا۔

اے ایف پی عالمی خبر رساں ادارے اور الجزیرہ کے رپورٹروں کی رپورٹنگ کے مطابق اسلام آباد پہنچنے والے انقلابیوں کی تعداد دس ہزار تھی۔

کمال ہے، ہمیں تو بتایا گیا تھا کہ 25 ہزار ہیں۔ یعنی انتشار کا خسارہ پورے پندرہ ہزار کا تھا؟۔

وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے احسن اقدامات!

وطن عزیز پاکستان میں اس وقت اڑھائی کروڑ کے قریب نوجوان تعلیمی اداروں اور کھیلوں سمیت ہر شعبہ میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ خصوصاً آئی ٹی کے شعبہ میں بھی پاکستانی نوجوانوں کی اکثریت نمایاں کردار ادا کر رہی ہے۔ اگر پاکستان کی تاریخ پر نظر دوڑائیں تو وطن عزیز پاکستان کیلئے نوجوان قیادت نے ہمیشہ صف اول کا کردار ادا کیا۔ شاعر مشرق حکیم الامت، ڈاکٹر علامہ محمد اقبال کی شاعری کا مخاطب ہی نوجوان ہیں۔ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے بھی ہمیشہ نوجوانوں کی اہمیت اور پاکستان کیلئے بنیادی اساس قرار دیا۔

قارئین کرام! اس وقت وطن عزیز پاکستان میں مسلم لیگ ن کی جمہوری حکومت قائم ہے۔ اور پاکستان کی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں نوجوانوں کیلئے جتنے اقدامات مسلم لیگ ن کے دور میں ہوئے ہیں شاید ہی کسی اور دور میں ہوئے ہوں۔ وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان محمد شہباز شریف کا دور وزارت اعلیٰ دیکھ لیں جتنے اقدامات نوجوانوں کیلئے کیے گئے وہ مثال ہیں خصوصاً لیپ ٹاپ سکیم ان میں سب سے زیادہ نمایاں ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے وزارت عظمیٰ کا قلمدان سنبھالنے کے بعد وزیر اعظم یوتھ پروگرام کا اجراء ※ کیے جس کے ثمرات آج پورے ملک کے نوجوانوں کو میسر ہو رہے ہیں۔ اس وقت وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان ہیں اور ان کی سربراہی میں اس وقت نوجوانوں کیلئے تعلیم، فنی تعلیم، کھیل اور کلچر سمیت دیگر شعبوں میں

تحریر

حیدر علی

روزانہ کی بنیاد پر نئے عوامل شامل ہو رہے ہیں۔ گزشتہ روز وطن عزیز پاکستان میں وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے تحت 21 نومبر سے یونیورسٹی اولمپیاڈ کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس کے حوالے سے پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے تفصیلاً بتایا کہ ہم ملک میں مثبت سرگرمیوں کے فروغ کیلئے کام کر رہے ہیں۔ کاپ 29 کانفرنس میں پاکستانی پویلین مرکز نگاہ ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی کاپ 29 کانفرنس میں شرکت کے موقع پر کئی اہم رہنماؤں سے ملاقاتیں ہوئیں، جس کی وجہ سے دنیا پاکستان کی طرف رخ کر رہی ہے، 14 ممالک سے 50 کھلاڑی ٹینس چیمپئن شپ میں شرکت کر رہے ہیں، 7 ممالک کے کھلاڑی سکواش کھیلنے آئے ہوئے ہیں، ہر ماہ بڑی تعداد میں سیاح، کھلاڑی اور سرمایہ کار پاکستان آ رہے ہیں۔ چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام نے کہا کہ یونیورسٹی اولمپیاڈ 21 نومبر سے 23 نومبر تک لیاقت جمنیزیم میں کھیلی جائے گی جس میں ملک بھر سے 30 ہزار ایتھلیٹس حصہ لے رہے ہیں۔ وزارت اطلاعات و نشریات و ثقافتی ورثہ، وزارت بین الصوبائی رابطہ، ایچ ای سی، اسلام آباد انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے تعاون پر ان کے مشکور ہیں۔ ان کے مشترکہ تعاون سے ملک کا مثبت تشخص اجاگر ہو رہا ہے۔ یونیورسٹی اولمپیاڈ میں 10 کھیل شامل ہیں۔ ان مقابلوں میں شرکت کیلئے تمام ممالک کے سفیروں، متعلقہ فریقوں، ترقیاتی شراکت داروں اور کھیلوں کی تنظیموں کو دعوت دی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس میگا ایونٹ میں شریک باصلاحیت کھلاڑیوں کو ہمیں سپورٹ کرنی چاہیے اور ان کا خیر مقدم کرنا چاہیے۔ وطن عزیز پاکستان اس وقت دنیا میں اپنا نمایاں کردار ثابت کر رہا ہے معیشت ہو یا فلسطین یا کشمیر کے مظلوم مسلمان۔ پاکستان کا ہمیشہ واضح اور دوٹوک موقف رہا ہے۔ حکومت پاکستان ملک کے مضبوط مستقبل کیلئے کام کر رہی ہے۔ اگر بغور جائزہ لیا جائے تو گزشتہ چند سالوں میں ایک نوجوانوں کے ٹولے کو جو ایک سیاسی جماعت کی جانب سے تربیت دی گئی ہے وہ سوائے بدتمیزی اور جاہلانہ حرکات کے کچھ نہیں۔ ایک طرف حکومت نوجوانوں کیلئے مثبت سرگرمیوں کے حوالے سے اقدامات کر رہی ہے تو دوسری جانب ایک سیاسی بونوں کی جماعت کی جانب سے وفاق پر چڑھائی کا درس دیا جا رہا ہے۔ ایس سی او میں شریک ممالک پاکستان کی ترقی میں شمولیت کے لئے آ رہے تھے لیکن اس موقع پر بھی سیاسی بونوں کی جماعت نے احتجاج کیا جس کا کوئی جواز نہیں بنتا تھا۔ اس جماعت کے دور میں پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہیں آئی اور اب بھی وہ چاہتے ہیں کہ پاکستان میں کوئی سرمایہ کاری نہ آئے۔ لیکن یہ سیاسی بونے یاد رکھیں کہ پاکستانی قوم نے ان کا بیانیہ ہمیشہ مسترد کر دیا ہے۔ خوشحال مستقبل پاکستانی نوجوانوں کا حق ہے اور یقیناً حکومت کی جانب سے یونیورسٹی اولمپیاڈ کا کامیابی سے انعقاد ہوگا۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

چیمپئنز ٹرافی

پاکستان اپنے سخت موقف پر قائم آئی سی سی اجلاس کل تک ملتوی

بی سی سی آئی حکام نے بھی اپنے موقف سے دیگر ممبران کو آگاہ کیا۔ قبل ازیں، چیمپئنز ٹرافی بچانے کے لیے پاکستان اور بھارت کے لیے خصوصی ہائبرڈ ماڈل پیش کیا گیا تھا

لاہور (شہروز میاں سے) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے چیمپئنز ٹرافی کے انعقاد کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) ایک بار پھر اپنے موقف پر سختی سے قائم رہا، ہر طرف سے تجاویز اور بحث کے بعد اجلاس کل تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ آج ہونے والی میٹنگ میں ایک بار پھر اپنے موقف پر سختی سے قائم رہا، پی سی بی نے آج اجلاس میں کسی بھی قسم کا کوئی ہائبرڈ ماڈل قبول نہ کرنے کے حوالے سے بورڈ ممبران اور آئی سی سی کو آگاہ کیا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ پاکستان کے بے لچک موقف کی وجہ سے اجلاس کل تک کے لیے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ بی سی سی آئی حکام نے بھی اپنے موقف سے دیگر ممبران کو آگاہ کیا۔ قبل ازیں، چیمپئنز ٹرافی بچانے کے لیے پاکستان اور بھارت کے لیے خصوصی ہائبرڈ ماڈل پیش کیا گیا تھا، آئی سی سی نے اہم بورڈ اجلاس میں خصوصی ہائبرڈ ماڈل کے تحت پیشکش کی کہ بھارت، پاکستان جائے نہ پاکستان، بھارت جا کر کھیلے۔

جونیئر ہاکی ایشیا کپ: پاکستان نے بنگلا دیش کو ہرا کر ایونٹ میں مسلسل دوسری فتح حاصل کر لی

HOCKEY OMAN

مسقط (سپورٹس ڈیسک) پاکستان نے جونیئر ہاکی ایشیا کپ میں بنگلا دیش کو 0-6 سے شکست دے کر ایونٹ میں مسلسل دوسری کامیابی حاصل کر لی۔ پاکستان کے اس دوسرے گروپ میچ میں سفیان خان نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے 3 گول سکور کیے اور ہیٹ ٹرک مکمل کی جبکہ محمد عماد، رانا ولید اور ذکریا حیات نے ایک، ایک گول اسکور کیا۔ پاکستان کی جانب سے پہلا گول 23 ویں منٹ میں سفیان خان نے پنالٹی کارنر پر سکور کیا اور محمد عماد نے چند ہی لمحوں بعد پاکستان کی برتری 0-2 کر دی۔ میچ کے 32 ویں اور 43 ویں منٹ میں سفیان خان نے 2 مزید گول داغے، جبکہ رانا ولید نے 51 ویں منٹ میں اور ذکریا حیات نے 60 ویں منٹ میں ایک، ایک گول سکور کیا۔ میچ کے بہترین کھلاڑی کا اعزاز محمد عماد کو دیا گیا۔ عمان میں جاری جونیئر ہاکی ایشیا کپ میں پاکستان نے اس سے قبل اپنے پہلے میچ میں چین کو 2-7 سے شکست دی تھی۔

پونے میں کرکٹ میچ میں بیٹر دل کا دورہ پڑنے سے چل بسے

گروارے اسٹیڈیم میں میچ کے دوران 35 سالہ کھلاڑی کو دل کا دورہ پڑا جس سے ان کی موت واقع ہوگئی

پونے (این این آئی) بھارتی شہر پونے میں کرکٹ میچ کے دوران ایک کھلاڑی دل کا دورہ پڑنے سے چل بسے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق جمعرات کو گروارے اسٹیڈیم میں میچ کے دوران 35 سالہ کھلاڑی کو دل کا دورہ پڑا جس سے ان کی موت واقع ہوگئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق 35 سالہ عمران پٹیل نامی بیٹر اننگ کا آغاز کرنے کے لیے گراؤنڈ میں بیٹنگ کے لیے آئے جس کے تھوڑی دیر بعد انہوں نے سینے اور ہاتھ میں درد کی شکایت کی۔ بیٹر نے تھوڑی دیر بعد امپائر کو اپنی حالت کے بارے میں بتایا جس کے بعد انہیں پویلین میں جانے کی اجازت دے دی گئی تاہم واپس جاتے ہوئے وہ گراؤنڈ میں ہی گر گئے۔ گراؤنڈ میں موجود تمام کھلاڑی عمران پٹیل کی جانب دوڑے اور انہیں اسپتال منتقل کیا جہاں ڈاکٹرز نے ان کی موت کی تصدیق کر دی۔

ورلڈ ٹیم اسکواش چیمپئن شپ، پاکستان کی چار رکنی ٹیم کا اعلان

لاہور (شہروز میاں سے) ورلڈ ٹیم اسکواش چیمپئن شپ کیلئے پاکستان کی چار رکنی ٹیم کا اعلان کر دیا گیا۔ ایونٹ 9 سے 15 دسمبر تک ہانگ کانگ میں ہوگا۔ پاکستان اسکواش فیڈریشن کے مطابق ورلڈ ٹیم اسکواش چیمپئن شپ کیلئے پاکستان اسکواش ٹیم میں ناصر اقبال، عاصم خان، نور زمان اور عبداللہ نواز شامل ہیں۔ دوسری جانب ورلڈ اسکواش فیڈریشن نے ایونٹ کے ڈراز کا اعلان بھی کر دیا ہے جس کے مطابق 26 ٹیموں کو 8 گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پاکستان کو گروپ ایچ میں رکھا گیا ہے جہاں اس کا مقابلہ میزبان ہانگ کانگ، پیرو اور اٹلی سے ہوگا۔ ہر گروپ سے دو بہترین ٹیمیں ناک آؤٹ راؤنڈ کیلئے کوالیفائی کریں گی۔ واضح رہے کہ پاکستان اب تک 6 مرتبہ ورلڈ ٹیم اسکواش چیمپئن شپ جیت چکا ہے۔

کھیل ایک ایسی چیز ہے جو آپ کو منشیات سے دور رکھتی ہے، شاہین آفریدی

پشاور (این این آئی) پاکستانی فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی نے کہا ہے کہ کھیل ایک ایسی چیز ہے جو آپ کو منشیات سے دور رکھتی ہے۔ یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈی ایچ اے میں اسپورٹس فیسیلیٹی میں کرکٹ اکیڈمی قائم کی جائے گی، کرکٹ اکیڈمی میں سافٹ اور ہارڈ بال کرکٹ کی تربیت دی جائے گی۔ شاہین شاہ آفریدی نے کہا کہ صوبے میں کھیلنے کے مواقع کم ہیں، اسپورٹس اکیڈمیوں کے قیام سے کھیلنے کے مواقع فراہم ہوں گے، ڈی ایچ اے میں ٹینس کورٹ، سوئمنگ پول اور جاگنگ ٹریک بھی ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ جو اچھا کھیلتا ہے وہ جیتتا بھی ہے، کرکٹ اکیڈمی میں پروفیشنل کوچز ہوں گے، بچوں کے لیے کھیلنے کی سہولیات فراہم کی جائیں گی۔

گوجرانوالہ میں کھیلتا پنجاب گیمز کے انٹر ڈسٹرکٹ مقابلوں کا آغاز

KHELTA
PUNJAB

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) محکمہ سپورٹس کے زیر اہتمام گوجرانوالہ میں کھیلتا پنجاب گیمز کے انٹر ڈسٹرکٹ مقابلوں آغاز ہوگیا۔ کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی اور ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے مقابلوں کا افتتاح کیا، 6 اضلاع کے کھلاڑیوں میں میٹ ریسلنگ، تائیکوانڈو، والی بال کے مقابلے ہوئے، ان مقابلوں کے لیے کھلاڑیوں نے خوب محنت کر رکھی تھی۔ میٹ ریسلنگ میں کھلاڑی ایک دوسرے کو چت کرنے کے لیے خوب داؤ پیچ کا استعمال کرتے رہے جبکہ تائیکوانڈو کے مقابلوں میں کھلاڑی لڑکیوں نے بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا، ایونٹ کے انعقاد سے کھلاڑی بہت خوش دکھائی دیئے۔ ان مقابلوں میں تین ہزار سے زائد کھلاڑیوں پر مشتمل لڑکے اور لڑکیوں کی ٹیموں کے درمیان الگ الگ بارہ مختلف کھیلیں ہونگی، ڈویژنل سپورٹس آفیسر نے کھیلتا پنجاب گیمز کو ابھرتے ہوئے ٹیلنٹ کے لیے خوش آئند قرار دیا ہے۔

22 گرینڈ سلیم ٹائٹل جیتنے والے رافیل نڈال کا کیریئر شکست کیساتھ اختتام پذیر

میڈرڈ (ویب ڈیسک) ٹینس کی دنیا کے نامور اسٹار اور کلے کورٹ کے کنگ سپین کے رافیل نڈال کا انٹرنیشنل کیریئر اختتام پذیر ہوگیا۔ 22 گرینڈ سلیم، اولمپکس میں سونے کا تمغہ اور 92 اے ٹی پی ٹائٹل سمیت بے شمار اعزاز اپنے نام کرنے والے ہسپانوی سٹار کو آخری میچ میں شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ منگل کو کیریئر کے آخری میچ میں نڈال کو ڈیوس کپ ٹائی کے سنگلز میں ہالینڈ کے حریف نے سٹریٹ سیٹس میں شکست دی۔ اپنے کیریئر کے آخری میچ کے بعد ٹینس کورٹ کو خیر باد کہتے ہوئے نڈال تھوڑے جذباتی بھی دکھائی دیے، الوداعی میچ کے بعد ٹینس ایرینا میں نڈال کے شاندار کیریئر کی جھلکیاں بھی دکھائی گئیں، راجر فیڈرر، نوواک جوکووچ، سرینا ولیمز سمیت دنیا کے نامور کھلاڑیوں نے رافیل نڈال کو خراج تحسین پیش کیا۔

میرے لیے یہ اہم ہے محنت کرتا رہوں، اس کا صلہ ملے گا، کامران غلام

بولاوائیو (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بیٹر اور تیسرے ون ڈے کے سنچورین کامران غلام نے کہا ہے کہ میرا کام پرفارم کرنا ہے، میرے لیے یہ اہم ہے کہ محنت کرتا رہوں، اس کا صلہ ملے گا۔ بلاوایو میں زمبابوے کے خلاف پاکستان کی تیسرے ون ڈے اور سیریز میں کامیابی کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے کامران غلام کا کہنا تھا کہ انگلینڈ کے خلاف ڈیبیو پر سنچری سے مجھے کافی اعتماد ملا تھا۔ انہوں نے کہا کہ زمبابوے کیخلاف ون ڈے کی سنچری سے مجھے مزید اعتماد ملے گا۔ پہلے پاکستان شاہینز کے ساتھ زمبابوے کا دورہ کر چکا تھا اس لیے کنڈیشنز کا اندازہ تھا۔ انکا کہنا تھا کہ آسٹریلیا کیخلاف جیت کا بھی ہمیں اعتماد ملا تھا، مجھ پر پریشر نہیں تھا۔

ہاکی جونیئر ایشیا کپ' پاکستان کی مسلسل دوسری کامیابی، بنگلا دیش کو 0-6 سے شکست

کراچی (این این آئی) ہاکی جونیئر ایشیا کپ میں پاکستان نے مسلسل دوسری فتح سمیٹ لی۔ قومی ٹیم نے اپنے دوسرے گروپ میچ میں بنگلا دیش کو 0-6 سے شکست دے دی۔ پاکستان کے سفیان خان نے تین گول کر کے ہیٹ ٹرک مکمل کی۔ محمد عماد، رانا ولید اور ذکریا حیات نے ایک، ایک گول اسکور کیا۔ سفیان نے 23 ویں منٹ میں پنالٹی کارنر پر گول کر کے پاکستان کو برتری دلائی جبکہ چند لمحوں بعد عماد نے اسکور 0-2 کر دیا۔ 32 ویں اور 43 ویں منٹ میں سفیان نے یکے بعد دیگرے دو گول داغے اور برتری کو مزید بڑھاتے ہوئے 0-4 کی لیڈ لے لی۔ رانا ولید نے میچ کے 51 ویں منٹ میں گول کیا جبکہ ذکریا نے 60 ویں منٹ میں گول کر کے اسکور 0-6 کر دیا۔ خیال رہے کہ پاکستان نے اس سے قبل پہلے میچ میں چین کو 2-7 سے شکست دی تھی۔ قومی ٹیم ایونٹ میں اپنا اگلا میچ 30 نومبر کو عمان کے خلاف کھیلے گی۔

لاہور: سپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلتا پنجاب گیمز 2024ء کے ڈویژنل سطح کے مقابلوں کے موقع پر بوائز ہاکی میچ کا منظر۔

بنگلا دیش میں آئرش ویمن ٹیم کی سائیکل رکشہ پر سیر

Bangladesh Cricket Board

ڈھاکہ (سپورٹس ڈیسک) آئرلینڈ ویمن کرکٹ ٹیم کی کھلاڑیوں نے اپنے دورہ بنگلا دیش کے دوران سائیکل رکشہ پر سیر کی۔ میرپور ڈھاکا کرکٹ اسٹیڈیم میں آئرش ویمن نے سائیکل رکشہ پر سیر کی، سواری سے خوب لطف اندوز ہوئیں۔ آئرش ویمن کرکٹ ٹیم ان دونوں بنگلا دیش میں موجود ہے، سائیکل رکشہ میزبان ملک کی ثقافت کا حصہ ہے۔

ملتان میں 52 ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ 2025 کا آغاز

چیمپئن شپ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کی ٹیمیں حصہ لیں گی

ملتان (سپورٹس ڈیسک) 52 ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ 2025 کا آغاز ہوگیا۔ 52 ویں نیشنل اتھلیٹکس چیمپئن شپ ایوب سٹیڈیم ملتان میں منعقد ہورہی ہے جس میں چاروں صوبوں اور ڈیپارٹمنٹس کی ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں، جیولین چیمپئن ارشد ندیم فلیگ ہوسٹنگ کر رہے ہیں۔ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کی ٹیمیں حصہ لیں گی جن میں پاکستان آرمی، پاکستان ایئر فورس، پاکستان نیوی، پاکستان واپڈا، پاکستان ریلوے، پاکستان پولیس، ہائر ایجوکیشن کمیشن، پنجاب، خیبر پختونخوا، سندھ، بلوچستان، اسلام آباد، گلگت بلتستان، آزاد جموں و کشمیر شامل ہیں، چیمپئن شپ میں مردوں کے 23 اور خواتین کے 21 ایونٹس منعقد ہونگے۔

SHOWBIZ
قوت

ریما خان کی شادی کی 13 ویں سالگرہ پر واشنگٹن میں رنگا رنگ تقریب

ریما خان ڈاکٹر شہاب کے ساتھ 2011 میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئی تھیں

واشنگٹن (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ ریما خان اور ڈاکٹر طارق شہاب کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے 13 برس مکمل ہو گئے۔ اداکارہ ریما خان اور ڈاکٹر طارق شہاب کی شادی کی 13 ویں سالگرہ کے موقع پر واشنگٹن میں رنگارنگ تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستانی سفیر سمیت مختلف اہم شخصیات نے شرکت کی۔ ریما خان کی سالگرہ کی تقریب میں شرکت کے لیے خصوصی طور پر بھارت کے شہر حیدرآباد سے ان کے خاندانی رشتے دار شہنور خان اپنی فیملی کے ہمراہ تقریب میں شریک ہوئے۔ ڈاکٹر طارق شہاب نے ریما کے بارے میں بات کرتے ہوئے کہا کہ ریما ایک عظیم انسان ہیں اور میں ریما کو اپنی زندگی میں پا کر خود کو بہت خوش قسمت سمجھتا ہوں، ریما خان عجز و انکساری کا پیکر ہیں۔ ریما خان نے شوہر سے متعلق کہا کہ میں طارق کو اپنی زندگی میں پا کر خود کو بہت خوش قسمت محسوس کرتی ہوں، جب طارق نے کووڈ کے دوران اور پچھلے سال ہارٹ سرجری کے دوران والد کی دیکھ بھال کی تو وہ طارق کی تعریفیں کرتے نہیں تھکتے تھے اور انہیں خوب دعائیں دیتے تھے۔ خیال رہے کہ ریما خان ڈاکٹر شہاب کے ساتھ 2011 میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئی تھیں۔

اے آر رحمان اور سائرہ بانو کے درمیان مفاہمت خارج از امکان نہیں، وکیل

ممبئی (این این آئی) نامور بھارتی گلوکار و موسیقار اے آر رحمان اور اہلیہ سائرہ بانو کے درمیان طلاق کے بعد مزید قانونی کارروائی کے دوران بھی سوالات نے جنم لے لیا جبکہ وکیل کا کہنا ہے کہ مفاہمت خارج از امکان نہیں ہے۔ ایک یوٹیوب چینل سے گفتگو کرتے ہوئے وکیل وندانا شاہ نے دونوں کے تین بچوں کی کسٹڈی کے بارے میں کھل کر بات کی جس نے مداحوں کو چونکا دیا۔ انٹرویو کے دوران جب وکیل سے پوچھا گیا کہ اس کیس میں بچے کہاں جا رہے ہیں تو وکیل وندانا شاہ نے کا کہنا تھا کہ اس کا فیصلہ ابھی نہیں ہوا، اس کا فیصلہ بھی ہونا ہے۔ تاہم ان میں سے زیادہ تر بالغ ہیں، لہٰذا وہ یہ فیصلہ کرنے میں آزاد ہیں کہ وہ والد یا والدہ میں سے کس کے پاس رہنا چاہتے ہیں۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ اس معاملے میں کوئی زر و زمین کا معاملہ شامل ہے، اس پر وندانا نے سائرہ بانو کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ وہ پیسے کے پیچھے بھاگنے والی خاتون نہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ وندانا نے دونوں کے درمیان مفاہمت کا امکان بھی ظاہر کیا، اور کہا کہ میں نے یہ نہیں کہا کہ مفاہمت ممکن نہیں ہے۔ میں ایک امید پرست ہوں اور میں ہمیشہ محبت اور رومانس کے بارے میں بات کرتی ہوں۔

سینئر اداکارہ سویرا ندیم کی والدہ دارِ فانی سے کوچ کر گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ سویرا ندیم کی والدہ دار فانی سے کوچ کر گئیں۔ سویرا ندیم نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے مداحوں کو اپنی والدہ کے انتقال کی اطلاع دی ہے۔ انہوں نے اپنی پوسٹ میں لکھا ہے کہ ہماری زندگی کی خوشی اور فخر، میری والدہ اس دنیا کو چھوڑ کر دوسرے بہترین جہاں رخصت ہوگئیں۔ اداکارہ نے لکھا ہے کہ جس سے بھی وہ اپنی زندگی میں ملیں وہ ہر شخص ان سے بہت محبت کرتا تھا اور انہیں یاد کرتا تھا، انہیں کبھی بھلایا نہیں جاسکتا۔ انہوں نے لکھا ہے کہ والدہ مشکل وقت کا سامنا کرنے کی بھرپور ہمت رکھتی تھیں، وہ ہمدردی، طاقت اور مسلسل حوصلہ افزائی کی ایک شاندار مثال تھیں۔

ناگ ارجن نے اپنے چھوٹے بیٹے اکھل اکی نینی کی منگنی کا اعلان کر دیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی فلم انڈسٹری کے مشہور اداکار ناگ ارجن نے اپنے چھوٹے بیٹے اکھل اکی نینی کی منگنی کا اعلان کر دیا۔ یہ خوشخبری انہوں نے اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شیئر کی، جہاں انہوں نے اپنی ہونے والی بہو زینب راؤدجی کو اپنے خاندان میں خوش آمدید کہا۔ ناگ ارجن نے پلیٹ فارم X (سابقہ ٹوئٹر) پر لکھا: ہمیں یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ ہمارے بیٹے کی منگنی زینب راؤدجی سے ہوگئی ہے۔ ہم زینب کو اپنے خاندان میں خوش آمدید کہتے ہیں اور آپ سب سے دعاؤں اور محبت بھرے پیغامات کی درخواست کرتے ہیں۔ اداکار اکھل اکی نینی نے بھی انسٹاگرام پر اپنی اور زینب کی تصویریں شیئر کرتے ہوئے کہا کہ مجھے اپنی ہمیشہ کے لیے ساتھی مل گئی۔

ایشوریا رائے کی ایک حالیہ ویڈیو نے سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ سپر اسٹار ایشوریا رائے کی ایک حالیہ ویڈیو نے سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی۔ سپر اسٹار ایشوریہ رائے بچن نے حال ہی میں دبئی میں گلوبل ویمنز فورم کی تقریب میں شرکت کی جہاں انہوں نے خواتین کو بااختیار بنانے کے حوالے سے جذباتی انداز میں خطاب کیا۔ ایونٹ کے آفیشل انسٹاگرام پیج نے ایشوریا کی ایک ویڈیو شیئر کی جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ جب ایشوریا نے اسٹیج پر قدم رکھا تو پس منظر میں ایک بڑی اسکرین پر ان کا نام لکھا تھا ایشوریا رائے، انٹرنیشنل اسٹار۔ اداکارہ کے نام کے ساتھ بچن نہ لگائے جانے پر سوشل میڈیا صارفین نے اس خیال کا اظہار کیا کہ ایشوریا نے باضابطہ طور پر بچن اپنے نام سے ہٹا دیا ہے۔

ماہرہ خان نے دنیا میں محبت کی موجودگی کا اشارہ ملنے کا منظر مداحوں کے ساتھ شیئر کر دیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی سپر اسٹار ماہرہ خان نے دنیا میں محبت کی موجودگی کا اشارہ ملنے کا منظر مداحوں کے ساتھ شیئر کر دیا۔ ماہرہ خان پاکستانی شوبز انڈسٹری کی ایک ایسی اداکارہ ہیں جنہوں نے اپنی اداکاری اور خوبصورتی سے پاکستان کے ساتھ دنیا بھر میں لاکھوں دل جیتے ہیں۔ پاکستان اور بھارت میں یکساں مقبولیت کی حامل اداکارہ ماہرہ خان اپنی اداکاری، حسن اور فیشن سینس کے علاوہ اپنی دلچسپ باتوں اور اپنے لب و لہجے کے سبب بھی مداحوں کے دلوں پر راج کرتی ہیں۔ ماہرہ خان کی اداکاری کا آغاز 2006 میں ہوا، مگر ان کے حصے میں بڑی کامیابی ڈرامہ سیریل ہمسفر میں خرد کا کردار ادا کرنے کی صورت میں آئی۔ ماہرہ خان کے انٹرویوز کے علاوہ ان کے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز بھی انکی سادگی پسند سوچ کی عکاسی کرتے ہیں۔ وہ کبھی اپنی نانی کے قصے سناتی ہیں تو کبھی نئے دوستوں کے ساتھ گزارے یادگار لمحات کو تفصیلی طور پر بیان کرتے ہیں۔ ماہرہ خان نے حال ہی میں فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر ایک پوسٹ شیئر کی جس میں انکی خود کی تصویر نہیں بلکہ ایک سڑک کا منظر ہے۔ تصویر میں ایک ٹو وے روڈ پر ایک موٹر بائیک پر دو شخص سوار ہیں جن میں سے پیچھے بیٹھے شخص کے پاس تقریباً 18 دل کی شکل والے سرخ غبارے ہیں۔

پاکستانی شوبز انڈسٹری میں اداکاروں کی کیٹیگریز نہیں بنائی گئیں، اداکار نیئر اعجاز

پہلی بار میری آواز کی وجہ سے پروڈیوسر و ڈائریکٹر ظفر معراج نے کوئٹہ میں ڈرامے میں کام کی پیشکش کی

لاہور (این این آئی) ورسٹائل اداکار نیئر اعجاز نے کہا ہے کہ ماضی میں جو لوگ کوششوں کے باوجود اداکار نہ بن سکے، انہوں نے کاسٹنگ کوچ کا شعبہ سنبھال کر اپنے جیسے اداکاروں کو کاسٹ کرنا شروع کیا، جس وجہ سے انڈسٹری زوال پذیری کا شکار ہے۔ نیئر اعجاز نے ایک پوڈ کاسٹ انٹرویو میں بتایا کہ ان کی پیدائش پنجابی خاندان میں بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں ہوئی، انہوں نے وہیں سے ابتدائی تعلیم حاصل کی اور وہیں سے کیریئر کا آغاز کیا۔ ان کے مطابق انہوں نے شروع میں وفاقی حکومت میں ملازمت بھی اختیار کی اور 9 سال تک ملازمت کی، جس کے بعد وہ لاہور منتقل ہو گئے، جہاں سے انہوں نے مکمل طور پر اداکاری کا آغاز کیا۔ نیئر اعجاز کا کہنا تھا کہ انہیں پہلی بار ان کی آواز کی وجہ سے اداکاری کی پیشکش کی گئی، اس وقت پاکستان ٹیلی وژن (پی ٹی وی) کے پروڈیوسر و ڈائریکٹر ظفر معراج نے کوئٹہ میں ان کی آواز سنی تو انہیں ڈرامے میں کام کی پیشکش کی۔

فلم ''پشپا'' کے گانے میں رشمیکا مندانا کے زخمی ہونے کا انکشاف

ممبئی (این این آئی) اداکارہ جلد فلم ''پشپا 2'' میں نظر آئیں گی۔ رشمیکا مندانا اپنی دلکشی، ورسٹائلٹی اور فن کے حوالے سے اپنی لگن کے لیے مشہور ہیں، پشپا: دی رائز میں ان کے کردار نے ان کے کیریئر کو ایک اہم سنگ میل تک پہنچا دیا اور انہیں ایک خطے کی اسٹار سے انڈین سینسیشن بنا ڈالا۔ پشپا کی سب سے بڑی جھلکیوں میں سے ایک چارٹ بسٹر گانا سامی سامی تھا، جس میں رشمیکا کے پرجوش رقص اور تاثرات نے دیرپا تاثر چھوڑا، گانے سے ان کا سلنیچر اسٹیپ ایک وائرل ٹرینڈ بن گیا۔ ذرائع نے حال ہی میں انکشاف کیا ہے کہ پہلی فلم پشپا کے دوران سامی سامی کی شوٹنگ کے دوران، انہیں پاؤں میں معمولی موچ آ گئی تھی تاہم اداکارہ نے اس کے باوجود فلم بندی جاری رکھی۔ انڈسٹری کے ذرائع کے مطابق سامی سامی کی شوٹنگ کے دوران رشمیکا کو معمولی موچ آئی اور اس موچ کے باوجود انہوں نے گانے کی شوٹنگ مکمل کی اور یہ انٹرٹینمنٹ کے سب سے مشہور گانوں میں سے ایک بن گیا۔ یہ اپ ڈیٹ اس کے فوراً بعد سامنے آئی ہے جب رشمیکا نے انکشاف کیا کہ پشپا 2 کے سیٹ پر ان کا آخری دن جذباتی تھا۔ انہوں نے اپنے انسٹاگرام اسٹوریز پر 'ڈیئر ڈائری' کے عنوان سے ایک نوٹ شیئر کیا اور سیٹ پر اپنے آخری دن کے بارے میں اپنے خیالات لکھے۔ رشمیکا نے فلم کے پانچ سال کے سفر پر نظر ڈالی اور اعتراف کیا کہ جب وہ شوٹنگ سمیٹ رہی تھیں تو وہ رو پڑی تھیں۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

کمشنر ساہیوال ڈویژن/ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن شعیب اقبال سید کی ذاتی دلچسپی

کارپوریشن کی کنورژن فیس اور بلڈنگ فیس کی ریکوری میں ریکارڈ اضافہ

ساہیوال (مہر اے ڈی لسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن / ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن شعیب اقبال سید کی ذاتی دلچسپی سے 5 ماہ میں کارپوریشن کی کنورژن فیس اور بلڈنگ فیس کی ریکوری میں ریکارڈ اضافہ۔ جولائی تا نومبر 11 کروڑ93لاکھ10ہزار روپے ریکور کیے گئے۔ کمشنر کا بلڈنگ برانچ کی کارکردگی پر اظہار اطمینان۔ برانچ کے ریکارڈ کو کمپیوٹرائز کرنے کا عمل بھی جلد مکمل کرنے کی ہدایت۔ اپنے دفتر میں پسپ پروگرام اور میونسپل کارپوریشن کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہریوں کو ضروری سہولیات کی فراہمی کے لئے کارپوریشن کی آمدن میں اضافہ کیا جائے تاکہ زیادہ وسائل عوام پر خرچ ہوسکیں۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ کنورژن فیس اور بلڈنگ فیس کی مد میں جولائی میں ایک کروڑ60لاکھ70ہزار روپے، اگست میں 2 کروڑ58لاکھ روپے، ستمبر میں 2 کروڑ29لاکھ 60ہزار روپے، اکتوبر میں 2 کروڑ73لاکھ 70ہزار روپے اور نومبر میں 2 کروڑ 57لاکھ10ہزار روپے جمع کیے گئے۔

دیپالپور میں بھی پاکستان پیپلزپارٹی کا57واں یوم تاسیس منایا گیا

ڈویژنل، ضلعی، پیپلزلائرفورم، پی ایس ایف، تحصیل وسٹی عہدیداران اور جیالوں کی شرکت

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) ملک بھر کی طرح دیپالپور میں بھی پاکستان پیپلزپارٹی کا57واں یوم تاسیس جوش وجذبے سے منایا گیا۔ پروقار تقریب میں ڈویژنل، ضلعی، پیپلز لائر فورم، پی ایس ایف تحصیل وسٹی عہدیداران اور جیالوں کی بھرپور شرکت، تفصیلات کے مطابق ملک بھر کی طرح دیپالپور میں بھی پاکستان پیپلزپارٹی کے 57ویں یوم تاسیس کی پروقار تقریب پاکستان پیپلزپارٹی دیپالپور کے تحصیل صدر میاں ریاض احمد وٹو، میاں آفتاب سعید خاں وٹو اور شازمہ اعزاز رامے ایڈووکیٹس کے زیر اہتمام بمقام ضیافت فیملی ریسٹورنٹ دیپالپور میں انعقاد پذیر ہوئی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن مجید اور نعت رسول مقبول ﷺ کی سعادت شفیق احمد جٹ تحصیل سیکرٹری پاکستان پیپلزپارٹی دیپالپور نے حاصل کی۔ تقریب کے مہمان خصوصی شیخ نجم الثاقب ایڈووکیٹ ڈویژنل صدر پیپلز لائیرز فورم ساہیوال ڈویژن نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہید بھٹو نے اس وقت کے دو آمروں کا مقابلہ کرکے ملک میں جمہوریت قائم کی، شہید بھٹو کی عوامی خدمات پر گھنٹوں بات کرنا بھی کم ہے۔ جبکہ چوہدری سجادالحسن سابق ایم این اے وفاقی وزیرو ضلعی صدر پیپلزپارٹی اوکاڑہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی پوری دنیا میں اہمیت شہید ذوالفقار بھٹو کی وجہ سے ہے ہم سب کٹھن سفر طے کرنے کے بعد ایک ساتھ یہاں کھڑے ہیں، جناب اختر حسن ڈوگر پیپلز لائیر فورم ضلع اوکاڑہ، شاہ زیب دستگیر ایڈووکیٹ ضلعی صدر پیپلز لائیرز فورم پاکپتن شریف، میاں ریاض وٹو ایڈووکیٹ تحصیل صدر دیپالپور ٹکٹ ہولڈر pp189، محترمہ شازمہ اعزاز رامے صدر پیپلز لائرز فورم تحصیل دیپالپور نے بھی شرکت کی اور انہوں نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلزپارٹی نے صوبوں کو بااختیار بنایا۔ پیپلزپارٹی کے پاس حقیقی قائدین ہیں، سسٹم صرف پیپلزپارٹی کی مرہون منت چل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 57 سال قبل فوجی حکمراں کی کابینہ سے مستعفی ہوکر شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ترقی پسندوں سے مل کر پاکستان پیپلز پارٹی قائم کی، شہید ذوالفقار علی بھٹو نے روٹی، کپڑا اور مکان کا نعرہ دے کر پیپلزپارٹی کو پورے ملک کی سب سے بڑی سیاسی جماعت بنایا، ملک کے منتخب وزیر اعظم بنے، آئین دیا اور پھر جنرل ضیاء کے ہاتھوں تختہ دار پر لٹک گئے۔

انتظامیہ کے وعدے دھرے کے دھرے رہ گئے

قلعہ دیدار سنگھ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) انتظامیہ کے وعدے دھرے کے دھرے رہ گئے سال2024/25 چاولوں کا سیزن شروع ہوتے ہی رائس ملز کی چمنیوں سے نکلنے والے گرد وغبار نے شہریوں کا جینا محال کر دیا علاقہ مکینوں کی طرف سے شدید احتجاج۔۔۔2023 میں کیے گئے انتظامیہ کی طرف سے وعدے اس سیزن میں بھی پورے نہ کیے گئے گزشتہ سیزن میں یقین دہانی کروانے کے باوجود بھی کوئی عمل درآمد نہ کیا گیا اور اس بار 2024 میں بھی رائس ملز جو کہ مین حافظ آباد روڈ پر ہیں کی چمنیوں سے گرد وغبار وبال جان بن گیا خاص کر جو رائس مل نواب مارکیٹ کے ساتھ ہے اس کا تو اتنا گرد وغبار ہے کہ وہاں پر دن کے ٹائم بھی اندھیرا چھایا رہتا ہے۔ جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی بھی شدید متاثر ہورہی ہے جو کہ کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتا ہے۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت تحصیل آفس میں منعقدہ ماہانہ اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے تحصیل آفس میں منعقدہ ماہانہ ریونیو عوامی خدمت کچہری میں سائلین کی شنوائی کی اور ان کی درخواستوں پر فوری عمل درآمد کے سلسلہ میں متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ احسن ممتاز، تحصیلدار، نائب تحصیلداران، سمیت ریونیو افسران و دیگر عملہ بھی موجود تھا، کھلی کچہری میں سائلین نے رجسٹری، فرد و انتقالات کے اجراء، درستگی ریکارڈ، انکم سرٹیفکیٹ، ڈومیسائل کے اجراء سمیت ریونیو سے متعلق دیگر معاملات کے سلسلہ میں درخواستیں جمع کروائیں، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ ماہانہ ریونیو عوامی خدمت سروسز کے ذریعے عوام کو بہترین انداز میں مستفید کرنے کے لیے محکمہ ریونیو کے افسران بھرپور انداز میں فرائض سرانجام دیں۔

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس مصنوعی مہنگائی کے خاتمہ کے سلسلہ میں دیے گئے ٹارگٹ کو پورا کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کریں، ایس این اے افضال حسین نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی بارے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ دی، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوامی ریلیف حکومت پنجاب کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، پرائس کنٹرول میکانزم کے تحت تمام پرائس مجسٹریٹس محنت اور لگن سے دیے گئے ٹارگٹ کے حصول کے لیے فیلڈ میں کارروائیاں کریں اور عوام کو ریلیف کی فراہمی کے سلسلہ میں کوئی کسر اٹھانہ رکھیں۔

حسنین فخر مارکی میں فلاح کسان پروگرام کا انعقاد

علاقہ بھر کے زمینداروں اور کاشتکاروں نے بھرپور شرکت کی

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) ای اون فرٹیلائزر کے زیر اہتمام دیپالپور میں حسنین فخر مارکی میں فلاح کسان پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقہ بھر کے زمینداروں اور کاشتکاروں نے بھرپور شرکت کیں جس میں ای اون فٹیلائزر نے کسانوں کو موسمی ماحولیاتی تبدیلیوں سے مقابلہ اور جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے بارے میں اہم معلومات فراہم کی کہ کیسے موسمی حالات سے مقابلہ کرکے کسان اپنی پیداوار بڑھا سکتا ہے ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر سیلز اینڈ مارکیٹنگ ای اون فرٹیلائزر کمپنی احمد یار بھٹی نے زمینداروں کو پیغام دیا انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے اپنی پروڈکٹ 25 فیصد ریٹ زمیندار بھائیوں کے لئے سستے داموں کردی ہے خاص طور پر اپنا پروڈکٹ پریم جو کہ ایک بائیوسٹیمولنٹ اور اماینو ایسڈ ہے اس کا ہم نے 25 فیصد ریٹ کم کردیا ہے جو کہ ان مشکل حالات میں کسان بھائیوں کے لئے بہت بڑی آفر ہے جو کہ ای اون کمپنی کی طرف سے اپنی پروڈکٹ اور کوالٹی اماینو ایسڈ جس پر 25 سے 30 فیصد تک ریٹ کی رعایت دی گئی ہے انہوں نے مزید کہا کہ پریم ہماری پروڈکٹ موسمی دباؤ کی سختی میں کمی میٹابولزم کا عمل تیز کرنے نامیاتی غذا قدرتی دفاع اور فصلوں کے لئے تیار شدہ خوراک ہے اور پودوں کی غذائی تناسب کو بہتر کرکے پھل بننے میں معاونت کرتا ہے بعد ازاں دیپالپور کے ڈیلر معروف بزنس مین شیخ محمد طفیل امجد نے تمام کاشتکاروں کے اعزاز پر تکلف ظہرانہ دیا سیمینار میں عبدالروف عاقف سی ای او ای اون فرٹیلائزر ملتان، محمد ریاض سپرا ریجنل سیل مینیجر دیپالپور، تنویر احمد مہار ایریا لیڈر دیپالپور، علی نواز وٹو، اکرام بولہ دل خرم شاہ عزم عزیز، صدر عوامی پریس کلب دیپالپور، صدر سٹیزن کونسل دیپالپور چوہدری عامر نذیر کمبوہ شیخ رشید احمد پراچہ جنرل سیکرٹری عوامی پریس کلب دیپالپور، نے بھرپور شرکت کی

پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں علاقہ بھر کے زمینداروں اور کاشتکاروں نے بھرپور شرکت کیں جس میں ای اون فٹیلائزر نے کسانوں کو موسمی ماحولیاتی تبدیلیوں سے مقابلہ اور جدید پیداواری ٹیکنالوجی کے بارے میں اہم معلومات فراہم کی کہ کیسے موسمی حالات سے مقابلہ کرکے کسان اپنی پیداوار بڑھا سکتا ہے ان خیالات کا اظہار ڈائریکٹر سیلز اینڈ مارکیٹنگ ای اون فرٹیلائزر کمپنی احمد یار بھٹی نے زمینداروں کو پیغام دیا انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے اپنی پروڈکٹ 25 فیصد ریٹ زمیندار بھائیوں کے لئے سستے داموں کردی ہے خاص طور پر اپنا پروڈکٹ پریم جو کہ ایک بائیوسٹیمولنٹ اور اماینو ایسڈ ہے اس کا ہم نے 25 فیصد ریٹ کم کردیا ہے جو کہ ان مشکل حالات میں کسان بھائیوں کے لئے بہت بڑی آفر ہے جو کہ ای اون کمپنی کی طرف سے اپنی پروڈکٹ اور کوالٹی اماینو ایسڈ جس پر 25 سے 30 فیصد تک ریٹ کی رعایت دی گئی ہے انہوں نے مزید کہا کہ پریم ہماری پروڈکٹ موسمی دباؤ کی سختی میں کمی میٹابولزم کا عمل تیز کرنے نامیاتی غذا قدرتی دفاع اور فصلوں کے لئے تیار شدہ خوراک ہے اور پودوں کی غذائی تناسب کو بہتر کرکے پھل بننے میں معاونت کرتا ہے بعد ازاں دیپالپور کے ڈیلر معروف بزنس مین شیخ محمد طفیل امجد نے تمام کاشتکاروں کے اعزاز پر تکلف ظہرانہ دیا سیمینار میں عبدالروف عاقف سی ای او ای اون فرٹیلائزر ملتان، محمد ریاض سپرا ریجنل سیل مینیجر دیپالپور، تنویر احمد مہار ایریا لیڈر دیپالپور، علی نواز وٹو، اکرام بولہ دل خرم شاہ عزم عزیز، صدر عوامی پریس کلب دیپالپور، صدر سٹیزن کونسل دیپالپور چوہدری عامر نذیر کمبوہ شیخ رشید احمد پراچہ جنرل سیکرٹری عوامی پریس کلب دیپالپور، نے بھرپور شرکت کی

کوٹ رادھا کشن: احساس بلڈ ڈونیشن سوسائٹی کے آر کے، کے زیر اہتمام ماہانہ میٹنگ

سوسائٹی کی افتتاحی تقریب کے حوالے سے پلاننگ کی گئی اور بہتر لائحہ عمل تیار کیا گیا

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز فلاحی تنظیم احساس بلڈ ڈونیشن سوسائٹی کی ماہانہ میٹنگ مرکزی آفس میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں سوسائٹی کی افتتاحی تقریب کے حوالے سے پلاننگ کی گئی، اور بہتر لائحہ عمل تیار کیا گیا۔ ان شاءاللہ چند دنوں تک، نزد کلمہ چوک چونگی نمبر 6 پر واقع تنظیم کے مرکزی آفس کے افتتاح کی تاریخ اناؤنس کر دی جائے گی۔ میٹنگ میں، نگران سوسائٹی محمد علی عطاری و ٹیم ممبران، محمد مبشر، ناصر مقبول، محمد مختیار، اویس رضا عطاری، وقاص ساحل، نے شرکت کی۔ خَيرُ النَّاسِ مَن يَّنفَعُ النَّاس۔ بہترین انسان وہ ہے جسکا وجود دوسروں کیلئے فائدہ مند ہو۔ نوجوان طبقے کیلئے پیغام: آئیں جزبہ انسانی خدمت کے تحت انسانیت کی فلاح وبقا کے لیے تنظیم کا حصہ بنیں اور اپنے حصے کی شمع روشن کرتے جائیں۔

سربراہ وبانی جھنگ ڈویژن بناو تحریک ڈاکٹر شیر بہادر نول نے ہمراہ صدر جھنگ ڈویژن بناو تحریک ارشاد اوڈ راجپوت کے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے گورنر ہاؤس لاہور میں اہم ملاقات

جھنگ (بیورو رپورٹ) سربراہ و بانی جھنگ ڈویژن بناو تحریک ڈاکٹر شیر بہادر نول نے ہمراہ صدر جھنگ ڈویژن بناو تحریک ارشاد اوڈ راجپوت کے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر سے گورنر ہاؤس لاہور میں اہم ملاقات کی جس میں جھنگ میں عوامی مسائل کے بارے آگاہ کیا جھنگ میں میڈیکل کالج کے قیام کی ضرورت اور خواتین کے لئے الگ تعلیمی ادارے کے قیام کی تجاویز بھی دیں اور انیمل یونیورسٹی، جھنگ یونیورسٹی سے چنیوٹ موڑ تک ون وے روڈ کے قیام کا مطالبہ کیا جس سے ہر ماہ سٹوڈنٹس حادثات کی نظر ہو رہے ہیں اس موقع پر صدر جھنگ ڈویژن بناو تحریک ارشاد اوڈ راجپوت نے گورنر پنجاب کو جھنگ دورے کی دعوت دی جس پر گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے عنقریب جھنگ دورے پر جھنگ کے عوامی مسائل کے حل کے لئے اقدامات اٹھانے کی یقین دہانی کروائی۔

جھنگ میں کھیلتا پنجاب گیمز کے تحت فیصل آباد ڈویژن کے 12 کلبوں سے بوائز اینڈ گرلز کھلاڑیوں کے درمیان آرچری کے مقابلہ جات

جھنگ (بیورو رپورٹ) جھنگ میں کھیلتا پنجاب گیمز کے تحت فیصل آباد ڈویژن کے 12 کلبوں سے بوائز اینڈ گرلز کھلاڑیوں کے درمیان آرچری کے مقابلہ جات کروائے گئے جس میں جھنگ کے کھلاڑیوں نے میدان مار لیا۔ سیکرٹری جنرل پنجاب آرچری ایسوسی ایشن امان اللہ شان کے مطابق حکومت پنجاب کی جانب سے ڈویژن سطح پر کھیلتا پنجاب کے تحت جھنگ میں تیر اندازی کے مقابلہ جات کروائے گئے جس میں ڈویژن بھر سے 60 بوائز اینڈ گرلز کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ مقابلہ جات میں سید خاور شاہ نیشنل اکیڈمی جھنگ کے بوائز ٹیم نے پہلی اور شان آرچری کلب اٹھارہ ہزاری کے بوائز نے دوسری پوزیشن حاصل کی جبکہ گرلز کی ٹیم میں سید خاور شاہ نیشنل آرچری اکیڈمی جھنگ کی کھلاڑیوں نے پہلی اور حسین ابن علی آرچری کلب فیصل آباد کی گرلز نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ مقابلہ جات میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر سپورٹس اینڈ یوتھ افیئر پنجاب / انچارج مانیٹرنگ سیل کھیلتا پنجاب فیصل آباد ڈویژن میڈم فرحت احسان، ڈویژنل سپورٹس آفیسر چوہدری طارق نذیر اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خرم شہزاد بھٹی سمیت ضلعی اور محکمہ کھیل کے افسران نے شرکت کی۔ کھلاڑیوں کا کہنا تھا کہ کھیلتا پنجاب حکومت کا اچھا اقدام ہے۔

میونسپل کمیٹی ایمپلائز یونین کے الیکشن میں فرینڈز گروپ کا پینل کامیاب

حاجی محمد اقبال صدر اور عمردراز جنرل سیکرٹری منتخب ہوگئے

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) میونسپل کمیٹی ایمپلائز یونین کے الیکشن میں فرینڈز گروپ کا پینل کامیاب، حاجی محمد اقبال صدر اور عمردراز جنرل سیکرٹری منتخب ہوگئے، تفصیلات کے مطابق میاں چنوں میونسپل کمیٹی ایمپلائز یونین کے الیکشن ہوئے جس میں فرینڈز گروپ کی طرف سے صدر کی سیٹ پر حاجی محمد اقبال اور جنرل سیکرٹری کیلئے عمردراز امیدوار تھے جبکہ مدمقابل یونٹی گروپ کے صدر کیلئے رانا امین اور جنرل سیکرٹری کیلئے منظور احمد امیدوار تھے، ووٹنگ کا عمل صبح 9 بجے سے 3 بجے تک جاری رہے، چیئرمین الیکشن کمیشن کے فرائض چوہدری آصف اقبال، ریٹرننگ آفیسر کے فرائض چوہدری زاہد شمسی، پولنگ افسران کے فرائض عبدالستار، ماسٹر سعید انور اور ماسٹر غلام سرور نے نبھائے، الیکشن میں 285 ووٹرز نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا جب کہ فرینڈز گروپ کے حاجی محمد اقبال 171 ووٹ لیکر صدر منتخب ہوئے مدمقابلہ یونٹی گروپ رانا امین 105 ووٹ حاصل کر سکے، جنرل سیکرٹری کیلئے عمردراز 164 ووٹ لیکر منتخب جبکہ مدمقابلہ منظور احمد 112 ووٹ حاصل کرسکے، فرینڈز گروپ کا پینل بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگیا، کامیابی کے بعد جیت کی خوشی میں فرینڈز گروپ کے حامیوں نے بھنگڑے ڈالے۔

ڈپٹی کمشنر نے عوامی خدمت سروسز کچہری میں عوام کے مسائل سنے

کھلی کچہری میں درخواستوں کو میرٹ پر نمٹا کر سائلین کو ریلیف فراہم کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ریونیو عوامی خدمت سروسز کچہری میں لوگوں کے مسائل سن کر انکے حل کیلئے موقع پر احکامات جاری کیے، تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ہر ماہ کے پہلے ورکنگ ڈے پر ریونیو عوامی خدمت کچہری لگا کر ایک ہی چھت کے نیچے شہریوں کے محکمہ مال سے متعلقہ مسائل وشکایات سنی اور ان کے حل کو یقینی بنایا جا رہا ہے، میونسپل کمیٹی ہال میں چنیوٹ سے تعلق رکھنے والے شہریوں کے مسائل سننے کے لئے کچہری لگائی گئی اور درخواستوں کو میرٹ پر نمٹا کر سائلین کو ریلیف فراہم کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے مسائل وشکایات سنتے ہوئے متعلقہ افسران کو ان کے تیز رفتار ازالہ کی تاکید کی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو رانا محمد عمر، اسسٹنٹ کمشنر شمس الرحمن، اسسٹنٹ کمشنر UT و دیگر ریونیو افسران وسٹاف بھی موجود تھا۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے درخواست گزاروں سے گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ لوگوں کے مسائل کے حل کے لئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اور حل طلب درخواستوں کو موقع پر نمٹایا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کچہری کے دوران شہریوں نے درستگی ریکارڈ، فرد کے اجراء، انتقالات کے اندراج، رجسٹری، انکم سرٹیفکیٹ، ڈومیسائل کے اجراء سمیت محکمہ مال سے متعلقہ مسائل وشکایات پیش کیں۔ تحصیل بھوانہ میں اور تحصیل لالیاں میں بھی اسسٹنٹ کمشنرز میڈم سعدیہ جمال اور میڈم شازیہ رحمان نے ریونیو عوامی خدمت کچہری لگا کر عوامی مسائل سنے۔

جھنگ: پیپلز پارٹی کا یوم تاسیس جوش وخروش سے منایا گیا

پاکستان پیپلز پارٹی ہی واحد وہ جماعت ہے جو پاکستان کو بحرانوں سے نکال سکتی ہے، مقررین

جھنگ (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے 57ویں یوم تاسیس کے موقع پر کارکنان حامیوں اور پاکستانی عوام کو مبارکباد پیش کرتا ہوں ان خیالات کا اظہار سردار حاجی خان پٹھان سینئر نائب صدر پیپلز یوتھ آرگنائزیشن سنٹرل پنجاب نے اپنے ڈیرہ واقع پیپلز سیکرٹریٹ شاہ جیونہ منڈی پر 57ویں یوم تاسیس کے حوالے سے تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہی واحد وہ جماعت ہے جو پاکستان کو بحرانوں سے نکال سکتی ہے پاکستان پیپلز پارٹی حقیقی معنوں میں عوام کی پارٹی ہے جس نے ہر دور میں غریب عوام کے لیے کام کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ الیکشن میں پاکستان پیپلز پارٹی ایک مضبوط جماعت کے طور پر سامنے آئے گی اور صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت میں ترقی کی منازل طے کرے گا تقریب میں ڈپٹی انفارمیشن سیکرٹری سینٹرل پنجاب چوہدری فہیم عباس راہی، آصف یعقوب امیدوار ایم پی اے پی پی128، رمضان حیدری، نواب حیدر خان سیال شہوار بھٹی، رضا کربلائی، عامر رجبانہ سیال سمیت عہدے داران اور کارکنان نے بھی خطاب کیا۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

کمسن پانچ سالہ اذان علی کے قتل کا ڈراپ سین حقیقی کزن ہی قاتل نکلا

پولیس نے چند گھنٹوں میں سیف سٹی کیمروں کی مدد سے سفاک ملزم کو گرفتار کرلیا

عارفوالا (نامہ نگار نصراللہ سے) کمسن پانچ سالہ اذان علی کے قتل کا ڈراپ سین حقیقی کزن ہی قاتل نکلا سٹی پولیس نے چند گھنٹوں میں سیف سٹی کیمروں کی مدد سے سفاک ملزم کو گرفتار کرلیا تھانہ سٹی عارفوالا کے علاقہ بھٹہ نمبر 2 کے رہائشی غلام فرید کے پانچ سالہ بیٹے اذان علی کے قتل کا ڈراپ سین، حقیقی کزن اسد ہی قاتل نکلا۔ ایس پی انوسٹی گیشن میڈم شاہدہ نورین نے ڈی ایس پی طارق جاوید اعوان اور ایس ایچ او ہاشم علی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا کہ پانچ سالہ اذان علی کے لاپتہ ہونے کی اطلاع ملتے ہی پولیس تھانہ سٹی کی جانب سے اذان علی کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کرکے تلاش شروع کردی گئی تھی اور جب اذان علی کی لاش نجی ہاؤسنگ سوسائٹی ہوتہ روڈ چک نمبر 63ای بی میں ملنے کی اطلاع ملی تو ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر پاکپتن طارق ولایت نے پولیس ٹیم کے ہمراہ موقعہ پر پہنچے اور وقوعہ کی سنگینی کے پیش نظر لاش کو تحویل میں لے کر پوسٹمارٹم کیلئے ٹی ایچ کیو ہسپتال پہنچادیا اور خصوصی ٹیم ایس پی انوسٹی گیشن میڈم شاہدہ نورین کی سربراہی میں تشکیل دے دی گئی ٹیم میں ڈی ایس پی ملک طارق جاوید، SHO چوہدری ہاشم علی، سب انسپکٹر اکبر علی۔ سب انسپکٹر عابد حسین بلوچ ASI ظفر اقبال ڈھڈی، ہیڈ کانسٹیبل محمد خالد اور ٹیکنیکی معاونت کے لیے ہیڈ کانسٹیبل حافظ عدنان انچارج سیف سٹی شامل تھے جنہوں نے چند گھنٹوں میں سیف سٹی کیمروں کی مدد سے قاتل17 سالہ ملزم اسد ولد غلام مصطفےٰ کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا ہے17 سالہ ملزم نے ذاتی رنجش پر اذان علی کو بدفعلی کا نشانہ بنایا اور اپنا جرم چھپانے کے لئے تیز دھار آلے سے گلا کاٹ کر قتل کردیا اور ورثا کے ساتھ مغوی کو تلاش کرنے کا ڈرامہ رچاتا رہا دوران تفتیش انکشاف کرتے ہوئے مقتول اذان کو بے دردی سے تیز دھار آلے سے گردن کاٹ کر قتل کرنا تسلیم کیا، پولیس ٹیم نے بس گھنٹے میں نامعلوم ملزم کو ٹریس کرکے گرفتار کرنے پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر طارق ولایت نے شاباش دی اور سرٹیفکیٹس دیئے جانے کا حکم جاری کیا جبکہ ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے مقتول اذان علی کے ورثا نے پولیس کی تمام ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور شہر کے سیاسی وسماجی حلقوں نے بھی پولیس کی جانب سے بروقت فرائض منصبی ادا کرنے اور قاتل کو جلد گرفتار کرنے پر سراہا گیا۔

ریبہ کلاں کے قریب اینٹوں کے بھٹہ کے قریب سے 18 پاؤنڈ وزنی مارٹر گولہ برآمد

راہ گیروں نے کچی اینٹوں کے قریب مٹی کے ڈھیر میں گولہ دیکھا تو پولیس کو اطلاع دی

ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر عاصم واہلہ کی ٹیم نے مارٹر گولے کو ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ریبہ کلاں کے قریب اینٹوں کے بھٹہ کے قریب سے 18 پاؤنڈ وزنی مارٹر گولہ برآمد ہوا۔ راہ گیروں نے کچی اینٹوں کے قریب مٹی کے ڈھیر میں گولہ دیکھا تو مقامی پولیس کو اطلاع کی، جس پر ڈپٹی کمشنر نارووال نے فوری طور پر بم ڈسپوزل اسکواڈ کو موقع پر بھیجا۔ ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر عاصم واہلہ کی ٹیم نے مارٹر گولے کو ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا

ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر احتشام کی زیر صدارت ماہانہ کارکردگی اجلاس سنٹرل اسٹیشن اوکاڑہ میں منعقد ہوا۔ ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر نے کارکردگی رپورٹ جاری کرتے ہوئے بتایا کہ ریسکیو1122 اوکاڑہ کو گزشتہ ماہ کل 15206 کالز موصول ہوئی جس میں 4375 ایمرجنسی کالز تھیں۔ 7633 غیر متعلقہ اورمس کالز، 3165 معلوماتی، 21 رونگ کالز اور 12 فیک کالز تھیں۔ ایمرجنسی کال کا تناسب146 کالز فی دن تھا۔ 4375 ایمرجنسیز میں 1076 روڈ ٹریفک حادثات، 2736 میڈیکل، 62 آگ لگنے کے واقعات، 109 کرائم اور 392 متفرق قسم کے حادثات شامل تھے۔ روڈ ٹریفک حادثات میں 1125 افراد متاثر ہوئے جن میں 10 افراد زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوئے جبکہ 582 افراد کو موقع پر ہی ابتدائی طبی امداد دی گئی اور 533 متاثرین کو طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال میں منتقل کیا گیا۔ آگ لگنے کے 62 واقعات ہوئے جن میں 08 کمرشل ایریا، 13 رہائشی علاقے اور 41 دیگر ایریا پیش آئے۔ آگ لگنے کی وجوہات میں شارٹ سرکٹ (03)، گیس لیکیج (03)، دیگر (05)، کچن فائر (01)، نامعلوم (01) اور لاپرواہی (35) بنی۔ ان واقعات میں بروقت ریسپانس کرتے ہوئے تقریباً18 ملین سے زائد کی پراپرٹی کو محفوظ کیا گیا۔ ریسکیو موٹر بائیک سروس کے ذریعے 2137 ایمرجنسیز پر 3.65 کے ایوریج ریسپانس ٹائم سے بروقت ریسپانس کرتے ہوئے 2095 افراد کو مدد فراہم کی گئی۔ پیشنٹ ریفرل سسٹم کے تحت ضلع بھر سے 319 مریضوں کو بہتر طبی امداد کے حصول کیلئے منتقل کیا گیا۔ 127 مریضوں کو ضلع بھر سے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال اوکاڑہ منتقل کیا گیا جبکہ 192 افراد کو بہتر طبی امداد کے حصول کیلئے ریسکیو 1122 کے تربیت یافتہ عملہ کے زیر نگرانی میں دوسرے اضلاع کے ہسپتالوں میں منتقل کیا

ڈسکہ: چور نقدی، موٹرسائیکلیں، موبائل فونز، سائیکل اور تار چوری کرکے لے گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم چور نقدی، موٹرسائیکلیں، موبائل فونز، سائیکل اور تار چوری کرکے لے گئے میونسپل کمیٹی ڈسکہ کے دفتر سے نامعلوم چور اے سی کی تار چوری کر کے لے گئے ڈسکہ کا ظہور منڈرانوالہ کا اسامہ اور حمزہ کھرولیاں کا صابر اپنی اپنی موٹرسائیکلیں گھروں کے باہر کھڑی کرکے گئے جنہیں نامعلوم چور چوری کر کے لے گئے ڈسکہ کے اصغر کے بیٹے کے سکول بیگ سے نامعلوم چور موبائل فون چوری کر کے لے گئے ڈسکہ کا سبحان بازار شاپنگ کرنے گیا تو نامعلوم چور اس کی جیب سے موبائل فون چوری کرکے لے گئے۔

تھانہ شاہبور پولیس بغیر وارنٹ اور مقدمہ کے محنت کش کے گھر چھاپہ مار

خواتین کو تھپڑ ٹھڈے مارے اہل علاقہ کا احتجاج، انصاف کا مطالبہ

پاکپتن (نمائندہ خصوصی) تھانہ شاہبور پولیس بغیر وارنٹ اور مقدمہ کے محنت کش کے گھر چھاپہ مارا خواتین کو تھپڑ ٹھڈے مارے اہل علاقہ کا احتجاج تفصیلات کے مطابق پولیس چوکی تھانہ شاہبور اوکاڑہ کا انچارج جاوید ناصر ڈرائیور الطاف اعوان بنا کسی وارنٹ یا مقدمہ کے ضلع پاکپتن کے گاؤں 56ڈی میں محنت کش زیرولد مراد قوم شیخ کے گھر رات کی تاریکی میں گھس گیا اور مقامی تھانہ بیدی میں انٹری بھی نہ کی حدود سے تجاوز کرتے ہوئے شاہبور چوکی انچارج ناصر جاوید ڈرائیور الطاف اور پانچ سپاہی چادر چار دیواری کا تقدس پامال کرگئے الطاف ڈرائیور نے خواتین سے بدتمیزی تشدد میں نمبر لے گیا موبائل اور ہزاروں روپے بھی الطاف نے اٹھالیے متاثرہ خاندان نے ڈی پی او پاکپتن آر پی او ساہیوال اور ڈی پی او اوکاڑہ سے انصاف کی اپیل کی ہے متاثرہ خاندان کا کہنا ھے وہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز سے پولیس کے اس گھناؤنے اقدام بارے انصاف کی اپیل کرتے ہیں۔

چنیوٹ: منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، متعدد دھر لئے

5 سوگرام چرس برآمد ہونے پر منشیات فروش خالد کو گرفتار کرلیا، مقدمہ درج

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن ڈرگ فری پنجاب کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری تفصیلات کے مطابق چنیوٹ پولیس کا ضلع بھر میں منشیات فروشوں کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری، تھانہ بھوانہ، تھانہ کوٹ وساوا، لنگرانہ پولیس کی کاروائیاں 29، سوگرام سے زائد چرس، شراب، ناجائز اسلحہ برآمد ہونے پر 4 ملزمان گرفتار کر لئے جبکہ تھانہ کوٹ وساوا پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 15 سوگرام چرس برآمد ہونے پر منشیات فروش خالد کو گرفتار کرلیا تھانہ بھوانہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے 14 سوگرام سے زائد چرس برآمد ہونے پر ملزم غیور کو گرفتار کرلیا اور تھانہ لنگرانہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے ناجائز اسلحہ، شراب برآمد ہونے پر 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزمان کیخلاف مختلف دفعات کے تحت مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے ڈی پی او عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ ہم اپنی نسلوں کو منشیات کی لعنت سے بچانے کیلئے ضلع بھر میں سپیشل مہم کے تحت کریک ڈاؤن جاری ہے منشیات فروشوں کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے معیاری تفتیش کے ساتھ سزائیں دلوائی جارہی ہیں۔

انصاف ہر شہری کا بنیادی حق ہے، کمشنر ساہیوال

وکلاء عوام کو انصاف کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے میں اہم کردار ادا کریں

ساہیوال (مہر عدنان سپرا) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے کہا ہے کہ انصاف ہر شہری کا بنیادی حق ہے جسے بلا تاخیر مہیا کرنا حکومت کے ساتھ ساتھ وکلاء کی بھی بنیادی ذمہ داری ہے۔ وکلاء عوام کو انصاف کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے میں اہم کردار ادا کریں تاکہ سائلین سالوں انصاف کے لئے عدالتوں کے چکر لگانے پر مجبور نہ ہوں۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں ساہیوال ڈویژن کی تمام تحصیلوں کی بارز کے صدور اور سیکرٹریز سے ملاقات کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ وکالت ایک ایسا معزز پیشہ ہے جو نہ صرف مظلوم کو انصاف دلاتا ہے بلکہ معاشرے میں قانون پر عمل درآمد کرانے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے لہذا ہر وکیل رول ماڈل ہونا چاہئے۔ انہوں نے وکلاء برادری پر زور دیا کہ وہ بارز کے انتخابات کے موقع پر سائلین کو نظر انداز نہ کریں اور تمام وقت الیکشن مہم میں صرف کرنے کی بجائے یہ کام عدالتی وقت ختم ہونے کے بعد کریں تاکہ سائلین نظر انداز نہ ہوں۔ دیپالپور بار کے عہدیداران نے کمشنر سے درخواست کی کہ اے ڈی سی ریونیو اوکاڑہ کو ہدایت کی جائے کہ وہ دیپالپور سے متعلقہ مقدمات کی سماعت کے لئے ہفتے میں ایک دن دیپالپور آیا کریں تاکہ روزانہ درجنوں وکیل اور سائلین اوکاڑہ کا سفر کرنے سے بچ سکیں جس پر کمشنر شعیب اقبال سید نے ہمدردانہ غور کا وعدہ کیا۔ کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے کہا ہے کہ انصاف ہر شہری کا بنیادی حق ہے جسے بلا تاخیر مہیا کرنا حکومت کے ساتھ ساتھ وکلاء کی بھی بنیادی ذمہ داری ہے۔ وکلاء عوام کو انصاف کی فراہمی میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے میں اہم کردار ادا کریں تاکہ سائلین سالوں انصاف کے لئے عدالتوں کے چکر لگانے پر مجبور نہ ہوں۔

سینکڑوں لٹر جعلی دودھ تلف جبکہ 200 کلو خشک پاؤڈر کیمیکل ضبط

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت انڈیا) سینکڑوں لٹر جعلی دودھ تلف جبکہ 200 کلو خشک پاؤڈر کیمیکل ضبط کرلیا گیا۔ اوکاڑہ ملزمان کو موقع سے گرفتار کرلیا گیا، تھانہ بی ڈویژن میں مقدمہ بھی درج کرلیا گیا۔ خفیہ اطلاع پر گھر میں قائم جعلی دودھ بنانے والے یونٹ پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ پاؤڈر اور کیمیکل کی ملاوٹ سے دودھ نما گاڑھا محلول تیار کیا گیا تھا۔ ٹیسٹ کے دوران دودھ مکمل طور پر جعلی اور انسانی صحت کیلئے مضر پایا گیا۔ جعلی دودھ تیار کرکے شہر اور دیہی علاقوں میں ملک شاپس پر سپلائی کیا جانا تھا۔ خوراک سے وابستہ جعلی کاروبار کرنے والوں کا مسلسل تعاقب کیا جا رہا ہے۔ صحت دشمن کو قانون کے کٹہرے میں لائیں گے۔

ایڈز کے عالمی دن کے موقع پر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال اوکاڑہ میں آگاہی واک کا انعقاد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پنجاب ایڈز کنٹرول پروگرام اے آر ٹی اوکاڑہ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی اوکاڑہ، ایکٹوہیلپ آرگنائزیشن اوکاڑہ اور نئی زندگی ٹرسٹ اوکاڑہ اور پتوکی کے اشتراک سے ایڈز کے عالمی دن کے موقع پر ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر اسپتال اوکاڑہ میں آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک کی قیادت چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی اوکاڑہ ڈاکٹر سیف اللہ وڑائچ اور میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈی ایچ کیو اسپتال اوکاڑہ نے کی۔ اس موقع پر ڈاکٹر حاجی محمد حنیف، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایکٹیو ہیلپ آرگنائزیشن، ڈاکٹر زنیرا خالد، انچارج اے آر ٹی اوکاڑہ، اور سلیم جویہ، مینیجر نئی زندگی ٹرسٹ اوکاڑہ نے شرکاء سے خطاب کیا۔ مقررین نے ایڈز کے عالمی دن کی اہمیت اور ایچ آئی وی اور جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشنز کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے شرکاء کو اس سال کے تھیم Take the Rights Path کے پیغام سے روشناس کرایا اور اس بات پر روشنی ڈالی کہ ایچ آئی وی اور ایڈز سے بچاؤ اور متاثرہ افراد کے حقوق کی پاسداری کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت ہے۔

گاڑیوں میں گیس سلنڈر رکھنے پر دو ڈرائیوروں کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پابندی کے باوجود گاڑیوں میں گیس سلنڈر رکھنے پر دو ڈرائیوروں کیخلاف مقدمہ درج پولیس اہلکار دھرم کوٹ اور کوٹ وکھل میں کھڑے تھے کہ اسی دوران ملزمان اسحاق اور حسن اپنی اپنی گاڑیاں لیکر آئے جنہیں روک کر پولیس اہلکاروں نے چیک کیا تو انہوں نے پابندی کے باوجود اپنی گاڑیوں میں غیر معیاری اور غیر قانونی گیس سلنڈر رکھے ہوئے تھے پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

ٹریفک ریگولیشن وانیٹی انکروچمنٹ جامع پلان تشکیل دیا جارہا ہے۔ محمد منشاءاللہ بٹ

سیالکوٹ ایڈمنسٹریشن سمیت تمام اسٹیک ہولڈر اسکواڈ کا حصہ ہونگے۔ فیصل اکرام چوہدری

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ وڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق کے ہمراہ اہم بیٹھک میں فیصلے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) شہر میں ٹریفک کی روانی اور تجاوزات کے خاتمہ کیلئے جامع لائحہ عمل تشکیل، ٹریفک پولیس، ٹرانسپورٹ اتھارٹی، میونسپل کارپوریشن ریگولیشن ونگ اور ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کا مشترکہ اسکواڈ بنایا جائیگا۔ ان باتوں کا اظہار اراکین پنجاب اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ، فیصل اکرام چودھری، ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال اور ڈی پی او رانا عمر فاروق کی زیر سربراہی متعلقہ اداروں کے مقامی حکام اور اسٹیک ہولڈرز کی ڈی سی آفس کمیٹی روم میں منعقدہ اجلاس میں بتائی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر، سی او میونسپل کارپوریشن افضل ملک، ڈی ایس پی سٹی طارق ڈھڈی، ڈی ایس پی ٹریفک بابر، ٹریفک انسپکٹر خرم شہزاد، سیکرٹری آر ٹی اے مظفر مختار، سابق ڈپٹی میئر چودھری بشیر، نواز بھٹی، چودھری محمد اکرم، قیصر بھٹی، حسنین بیگ اور حامد ناصر بھی موجود تھے۔ ایم پی اے محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ اس وقت ٹریفک سیالکوٹ شہر کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اس چیلنج سے نمٹنے کیلئے جہاں تمام محکموں نے اپنا کردار ادا کرنا ہے وہی پر شہریوں کی بھی یہ اولین ذمہ داری ہے کہ وہ ٹریفک قوانین کا احترام کریں اور ون وے کی خلاف ورزی اور رانگ پارکنگ سے مکمل گریز کریں۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال اور ڈی پی او رانا عمر فاروق نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ کی زیر سربراہی ٹریفک کے قوانین کی خلاف ورزی اور تجاوزات کے خلاف ایکشن اسکواڈ تشکیل دیا جائیگا جس میں ٹریفک پولیس، سٹی پولیس، ٹرانسپورٹ اتھارٹی اور میونسپل کارپوریشن کا ریگولیشن ونگ کے نوٹیفائیڈ اسپیشل اسکواڈ حصہ ہونگے۔ انہوں نے کہا ابتدائی طور پر شہر کی 5 اہم روڈ کو تجاوزات فری بنایا جائے گا جبکہ مسلم بازار اور لوہائی بازار میں واکنگ اسٹریٹس کا پائلٹ پراجیکٹ شروع کیا جائے گا جس میں دن کے اوقات کار میں ہر قسم کی ٹریفک کے داخلہ پر پابندی عائد کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا کہ ڈیفنس روڈ پر بھی دن کے اوقات کار میں ہیوی ٹریفک بند رہے گی کا بھی جلد نوٹیفیکیشن جاری کر دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں چلنے والی ٹرائی سائیکل رکشہ کی رجسٹریشن کرکے ان کو زون میں تقسیم کیا جائے گا اور زون کی خلاف ورزی کی اجازت نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اندرون شہر ٹریفک مینجمنٹ کیلئے ریلوے اسٹیشن پر پارکنگ پلازہ کی تعمیر کیلئے منصوبے بنائے جائیں گے جبکہ کشمیر روڈ پر ٹریفک پولیس کی تجاویز کے مطابق روڈ انجینئرنگ میں بہتری لائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شیل پیٹرول پمپ چوک پیری روڈ پر ٹریفک سگنلز کی تنصیب شروع ہوگئی ہے اسی طرح دوسرے اہم چوکوں میں میونسپل کارپوریشن ٹریفک سگنلز نصب کرے گی۔ ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق نے کہا کہ ٹریفک کی روانی کیلئے سیف سٹی پراجیکٹ سے بھی مدد لی جائے گی۔ انہوں نے کہا رانگ پارکنگ اور ون وے کی خلاف ورزی پر گاڑیوں کو بند کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس ڈیپارٹمنٹ نے ریلوے روڈ سے ناجائز تجاوزات کو ہٹا کر دیا ہے جس سے ٹریفک میں روانی پیدا ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 2 سو زائد اسٹنٹ/ جونیئر ٹریفک وارڈنز نئے بھرتی کیے گئے جن کی ٹریننگ جاری ہے اور جلد ہی وہ ٹریفک پولیس کو جوائن کریں گے۔

جنرل بس اسٹینڈ: کرپشن اور بدانتظامی کی آماجگاہ بن گیا

کسی اہل اور دیانتدار افسر کو تعینات کیا جائے، شہریوں کا ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) جنرل بس اسٹینڈ فیصل آباد، جو 2014 سے قبل کارپوریشن فیصل آباد کے ماتحت تھا، ان دنوں مبینہ کرپشن اور انتظامی بے ضابطگیوں کی آماجگاہ بنا ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق رانا حبیب، جو اس وقت جونیئر کلرک کے طور پر بھرتی ہوئے تھے، آج تک اسی اہم سیٹ پر براجمان ہیں اور بطور ایڈمنسٹریٹر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق رانا حبیب نے اپنے بھائی رانا شاہد کو بطور ڈیلی ویجز ملازم بھرتی کر رکھا ہے اور لاری اڈے کی یومیہ وصولیوں کے معاملات ان کے سپرد کر دیے ہیں۔ یہ وصولیاں مبینہ طور پر مختلف ریڑھیوں سے کی جاتی ہیں، جنہیں غیر معیاری اور ناقص اشیاء فروخت کرنے کی کھلی چھوٹ دے دی گئی ہے۔ رانا حبیب کے خلاف ماضی میں کرپشن کے الزامات کے تحت مقدمہ بھی درج ہو چکا ہے، لیکن اس کے باوجود ان کی طویل تعیناتی سمجھ سے بالاتر ہے۔ یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا جنرل بس اسٹینڈ فیصل آباد کے لیے کوئی دوسرا اہل ملازم موجود نہیں ہے؟ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ رانا حبیب کی جگہ کسی اہل اور دیانتدار افسر کو تعینات کیا جائے تاکہ لاری اڈے کے معاملات میں شفافیت کو یقینی بنایا جاسکے۔ فیصل آباد کے عوام نے اس معاملے پر ڈپٹی کمشنر سے فوری نوٹس لینے اور انتظامی خامیوں کو دور کرنے کی اپیل کی ہے۔ کیا فیصل آباد انتظامیہ عوام کے اس مطالبے پر عمل کرے گی یا یہ معاملہ مزید التوا کا شکار ہوگا؟

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

عاق نامہ

میرے حقیقی بیٹے عرفان ولد رمضان کا قول فعل درست نہ ہے میں اور میرے بیٹے عرفان مذکور کو منقولہ غیر منقولہ جائیداد عاق کرتے ہیں میں اور میرے بیٹے اس کے کسی قول و فعل کے ہرگز ذمہ دار نہ ہیں۔

مشتہر: بشیراں بی بی زوجہ رمضان سکنہ کھجانی سٹی ڈاک چک نمبر 541 گ ب ترہانہ تحصیل تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

بقیہ بقیہ جات 1

آئی بیرسٹر گوہر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فائنل کال کے بعد آج بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات ہوئی، جس میں اسلام آباد احتجاج واقعے پر بات ہوئی، ہم نے بانی کو مظاہرے پر معلومات فراہم کیں، اخبار اور ٹی وی کی سہولت نہ ہونے کے باعث بانی کو کوئی پتا نہیں تھا کہ اسلام آباد میں 26 نومبر کو کیا ہوا ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ جو ورکرز باہر نکلے بانی پی ٹی آئی نے انہیں خراج تحسین پیش کیا، بانی کا پیغام ہے کہ قومی اسمبلی اور سینیٹ جائیں، پارلیمنٹ میں یہ معاملہ اٹھائیں اور احتجاج کریں، آگے کے لائحہ عمل کا اعلان بانی پی ٹی آئی بعد میں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم نے خان کو رینجرز، پولیس اور پی ٹی آئی کے شہدا کا بتایا، جس پر انہوں نے سب کی شہادت پر سخت افسوس کا اظہار کیا ہے، دھرنا اور مظاہرہ اسلام آباد میں یا جہاں بھی ہو اس پر گولی نہیں چلانی چاہیے تھی، انہوں نے شدید الفاظ میں مذمت کی، زخمیوں کی تیمارداری کا حکم دیا، بانی نے تمام کارکنوں اور لیڈرز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ بیرسٹر گوہر کے مطابق عمران خان نے پارٹی کو پیغام دیا ہے اتحاد برقرار رکھو، مخالفین تفرقہ ڈال رہے ہیں، پارٹی کا صرف ایک مطالبہ ہے کہ گولی کیوں چلائی گئی، جہاں بھی تھے گولی نہیں چلنی چاہیے تھی، گولی جس طرف سے بھی چلی جس نے بھی چلائی جیسے بھی چلی، اس کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی نے پنجاب کے ایم این ایز اور ایم پی ایز کو بھی خراج تحسین پیش کیا، پنجاب کے ایم این اے، ایم پی اے مشکل دور سے گزرے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے علی امین گنڈاپور سمیت پارٹی کے دیگر رہنماؤں کی جانب سے سیکڑوں کارکنوں کی شہادت کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ ہم غیر ذمہ دارانہ بیان نہیں دیں گے، ہماری صرف 12 شہادتیں ہوئی ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق غلط خبر چل رہی تھی، بانی پی ٹی آئی اڈیالہ جیل میں بالکل ٹھیک ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ڈی چوک آنا کوئی مقصد نہیں تھا اور نہ ہی ہر لیڈر کو کہا گیا تھا کہ سب ڈی چوک پہنچیں، کسی بھی لیڈر کو اسی وقت ریلی کے ساتھ ڈی چوک آنے کا نہیں کہا گیا تھا، سب لوگ اپنی اپنی خدمات سرانجام دے رہے تھے، ایک دوسرے سے رابطے میں تھے، تفرقہ ڈالنے والے لوگ ڈی چوک کی بات کر رہے ہیں۔ بیرسٹر گوہر نے واقعے پر انکوائری کمیشن بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ جس نے گولی چلائی اس کے خلاف کارروائی کی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 2

مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یو اے ای سے پاکستان کے تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں، متحدہ عرب امارات دنیا بھر میں جدت اور ترقی کی قابل تقلید مثال ہے، یو اے ای نے قدیم روایات کی پاسداری کرتے ہوئے ترقی کی معراج حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ورک فورس نے متحدہ عرب امارات کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کیا، یو اے ای کے قومی دن پر اپنے بہن بھائیوں کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں، متحدہ عرب امارات مسلم دنیا کا اہم ترین ملک ہے، یو اے ای کی ترقی دنیا کے لئے ایک مثال ہے۔ مریم نوازشریف نے کہا کہ متحدہ عرب امارات نے آزمائش کی ہر گھڑی میں پاکستان کا پورا ساتھ دیا ہے، یو اے ای کی اقتصادی اور سفارتی حمایت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ متحدہ عرب امارات پاکستانیوں کا دوسرا گھر ہے، دونوں ممالک کے عوام کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں، یو اے ای کی مزید ترقی اور استحکام کے لئے دعا گو ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 3

سینٹرل پنجاب، جنوبی پنجاب، بلوچستان اور سندھ سمیت وفاقی سطح پر سیاسی، پالیسی اور ترقیاتی چیلنجز سے متعلق اپنے جاری اور حل طلب مسائل پر بات چیت کی گئی۔ پالیسی معاملات جیسا کہ سیلاب زدہ علاقوں کی بحالی، پانی کے انتظام کے تنازعات، زراعت اور ڈیجیٹل معیشت کو درپیش چیلنجز اور عوامی مفاد کی قانون سازی پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وفاقی حکومت سے متعلق تحفظات کے حوالے سے سیاسی، پالیسی اور قانون سازی کے معاملات پر بروقت مشاورت کی کمی اور وعدوں پر عمل درآمد نہ ہونے کو اہم رکاوٹوں کے طور پر نشاندہی کی گئی، جنہیں حل کرنا ضروری ہے۔ اجلاس کے شرکاء نے ملک میں بڑھتے ہوئے دہشت گردی کے واقعات اور نئی زمینی حقائق کے نتیجے میں درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے نئے اتفاق رائے کی عدم موجودگی پر بھی تشویش کا اظہار کیا۔ پی پی پی چیئرمین نے کمیٹی اراکین کو ہدایت کی کہ وہ سیاسی جماعتوں سے رابطہ کریں تاکہ یہ طے کیا جا سکے کہ وہ کون سے معاملات ہیں جن پر سیاسی اتفاق رائے قائم کیا جا سکتا ہے۔ کمیٹی کی سفارشات رواں ماہ کے آخر میں پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے سامنے پیش کی جائیں گی۔

بقیہ بقیہ جات 4

حوالے سے وزیر قانون آفتاب عالم نے ایکسپریس کو بتایا کہ تحریک انصاف نے 26ویں آئینی ترمیم کی مخالفت کی ہے تو اسے کیسے ہم تسلیم کر سکتے ہیں۔ کابینہ نے بھی منظوری دی ہے کہ آئینی عدالتوں کے قیام کے لئے قرارداد اسمبلی میں پیش نہیں کرنی۔ وزیر قانون کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا اسمبلی کا ایوان مکمل نہیں، مخصوص نشستوں کا فیصلہ نہیں ہوا اور سینیٹ الیکشن بھی نہیں ہوئے اس صورتحال میں نامکمل ایوان میں کیسے قرارداد لائی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 5

وژن کو میرے بھائیوں عزت مآب شیخ محمد بن زید النہیان اور عزت مآب شیخ محمد بن راشد آل مکتوم نے آگے بڑھایا ہے، پاکستان ہمیشہ سے یو اے ای کا ثابت قدم بھائی اور شراکت دار رہا ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ہم اپنے تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور انہیں باہمی طور پر فائدہ مند اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کی کوشش جاری رکھیں گے، پاکستان متحدہ عرب امارات دوستی زندہ باد۔

بقیہ بقیہ جات 6

گئی۔ درخواستوں کی سماعت اڈیالہ جیل میں ہوئی جس کے لیے تمام تفتیشی افسران کو اڈیالہ جیل پہنچنے کی ہدایت کردی گئی۔ پراسیکیوٹر امین منہاس کے مطابق تھانہ نیوٹاؤن کیس میں جسمانی ریمانڈ مکمل ہوگیا جبکہ دیگر کا آج لیا جائے گا۔ بانی چیئرمین پی ٹی آئی کے خلاف 28 ستمبر، 4 اکتوبر اور 5 اکتوبر احتجاج کے 7 کیس درج ہیں۔ عدالت میں پہلے نیوٹاؤن جسمانی ریمانڈ کیس پھر جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت ہوگی۔ جج نے کہا کہ ان دونوں کیسز کی سماعت کے بعد نئے مقدمات میں بانی چیئرمین پی ٹی آئی کی 6 کیسز میں جسمانی ریمانڈ کی درخواست سنوں گا۔

بقیہ بقیہ جات 7

سکتی۔ لاہور میں انٹرنیشنل والنٹیئر ڈے کمیونٹی ایمرجنسی ریسپانس ٹیم چیلنج 2024ء کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ والنٹیئرز کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ رانا مشہود کا کہنا ہے کہ آپ خوشحال پاکستان کا ہراول دستہ ہیں، پاکستان کی اساس پر بار بار حملے ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شام، عراق، لیبیا اور مصر کا سب سے پہلے سوشل فیبرک تباہ کیا گیا، ان کے معاشروں میں بدتمیزی کو فروغ دیا گیا۔ وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین نے کہا کہ آج ان ممالک اور ان کے نوجوانوں کا مستقبل نظر نہیں آ رہا، وہی کام پاکستان میں کرنے کی کوشش کی گئی۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ یہاں وزیر اعظم شہباز شریف نے ریسکیو 1122 کو کھڑا کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

جنگ کمیٹی، فنانس کمیٹی، لیگل کمیٹی اور ٹیکنیکل کمیٹی شامل ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پیرا کو 3 ماہ میں فنکشنل کرنے کا ٹارگٹ مقرر کردیا۔ اجلاس میں پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کے ہیڈ کوارٹر، ڈویژن، ڈسٹرکٹ اور تحصیلوں کے لئے آسامیوں کی منظوری دی گئی۔ ہر تحصیل میں سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر، انویسٹی گیشن آفیسر، سینئر سارجنٹ اور سارجنٹ تعینات کئے جائیں گے۔ اجلاس میں پیرا سٹاف کے ٹرانسفر اور ڈیپوٹیشن پالیسی کی منظوری بھی دی گئی۔ اجلاس میں انفورسمنٹ سٹیشن پر اپیل کے لئے ہیئرنگ آفیسر مقرر کرنے کی منظوری بھی دی گئی جبکہ پرکیورمنٹ پلان اور ڈی جی پیرا کے اختیارات کے تعین، پیرا کی گاڑیوں، یونیفارم، کیپ کے کلر اور برانڈنگ کی منظوری دی گئی۔ اجلاس کے دوران ہونے والے فیصلے کے مطابق پیرا کے آپریشن، پروسیجر، اینڈ ریگولیشن 2024 کا جائزہ لینے کے لئے خصوصی کمیٹی قائم کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 9

دوران جسٹس شکیل احمد نے کہا کہ ملک سلامت ہے تو ہم ہیں، پہلی ترجیح ملک ہوتی ہے، جو مسائل ہیں ان کو پارلیمان میں بیٹھ کر حل کریں۔ انہوں نے کہا کہ جب کوئی ناخوش گوار واقعہ ہوتا ہے تو ملک کا نقصان ہوتا ہے، کوئی سیکیورٹی والا زخمی ہوتا ہے تو وہ بھی اس ملک کا بیٹا ہے، عمر ایوب صاحب آپ اپوزیشن لیڈر ہیں، آپ کی زیادہ ذمے داری بنتی ہے۔ جسٹس شکیل احمد نے کہا کہ حکومت کو بھی ذمے داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے، مسائل مل بیٹھ کر حل کریں، اسی میں سب کی بہتری ہے۔ پی ٹی آئی کے رہنما عمر ایوب نے کہا کہ میں اپوزیشن لیڈر ہوں اور جوڈیشل کمیشن کا رکن بھی ہوں، میرے خلاف بہت زیادہ ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں۔ عمر ایوب کا کہنا ہے کہ یہاں تک کہ مجھ پر موٹر سائیکل چوری کی 3 ایف آئی آرز درج کی گئی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 10

اسماعیل خان وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور کے رشتے میں چچا ہیں۔ گزشتہ روز وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے پشاور میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہماری حکومت میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے، صوبے میں سی ٹی ڈی فعال ہے۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ سی ٹی ڈی کو مزید ایک ارب روپے دے رہے ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام پاکستان کے لیے قربانیاں دے رہے ہیں، شہداء کے کوٹے کو 5 سے بڑھا کر 12 فیصد سے زائد کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

حل نہیں کر رہی ہے، ہم سیاسی حکومت ہیں ایسا اقدام نہیں کرنا چاہتے ہیں، یہ آخری وارننگ ہے۔ طلال چوہدری کا کہنا ہے کہ بشریٰ بی بی کے وارنٹ نکلے ہوئے ہیں، علی امین کے بھی وارنٹ نکلے تھے، حکومت کی آنکھیں کھلی ہیں دیکھ رہی ہے کہ کون سا اشتہاری کہاں چھپا ہوا ہے۔ مسلم لیگ ن کے رہنما نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم پر جو اتحادی نہیں بھی تھے ان کو ٹیبل پر بٹھایا تھا، پی ٹی آئی مذاکرات کو ہماری کمزوری سمجھ بیٹھی۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ مسائل پر بات ہوسکتی ہے لیکن این آر او پر نہیں، ہم بلاول بھٹو زرداری کی بات غور سے سنتے ہیں ان کی نشاندہی اہم ہوتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 12

امین گنڈاپور کی زیر صدارت صوبائی کابینہ کا 18 واں اجلاس ہوا، جس میں کرم کے مسئلے کے حل کے لیے صوبائی حکومت کے لائحہ عمل پر بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ کے دوران صوبائی کابینہ کو بتایا گیا کہ کرم واقعات میں اب تک 133 قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوا ہے اور 177 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ مسئلے کے پرامن اور پائیدار حل کے لیے گرینڈ جرگہ تشکیل دیا گیا ہے، یہ جرگہ علاقے میں امن کی مکمل بحالی تک وہاں قیام کرے گا۔ صوبائی کابینہ کو بتایا گیا کہ ضلع کرم میں کچھ عناصر فریقین کے درمیان نفرت پھیلا کر حالات کو خراب کر رہے ہیں، ایسے عناصر کو دہشت گرد قرار دے کر سخت کارروائی کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ بریفنگ میں کہا گیا کہ ایسے عناصر کی نشاندہی کرکے انہیں شیڈول فور میں ڈالا جائے گا، کرم میں قائم بنکرز مسمار کیے جائیں گے اور لوگوں کے پاس موجود بھاری اسلحہ جمع کیے جائیں گے۔ اجلاس کے شرکا کو بتایا گیا کہ کرم شاہراہ کو محفوظ بنانے کے لیے مختلف مقامات پر 65 چوکیاں قائم کی جائیں گی، فرنٹیئر کانسٹیبلری کے پلاٹونز کی تعیناتی کے لیے وفاق کو مراسلہ ارسال کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کرم میں جھڑپوں میں شہید ہونے والوں کے ورثا اور زخمیوں کو مالی امداد فراہم کی جائے گی، علاقے میں ہونے والے املاک کے نقصانات کے لیے متاثرین کو معاوضے دیے جائیں گے، اس مقصد کے لیے علاقے میں سروے کا عمل جاری ہے۔ بریفنگ میں کہا گیا کہ مالی امداد اور معاوضوں کے لیے 380 ملین روپے جاری کیے گئے ہیں، ضرورت پڑنے پر مزید فنڈز بھی جاری کیے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے صوبائی کابینہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کرم کا مسئلہ دہشت گردی نہیں بلکہ بعض عناصر دو مسلکوں کے لوگوں میں نفرتیں پھیلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مقامی عمائدین ایسے شرپسند عناصر کی نشاندہی میں تعاون کریں، ایسے عناصر دہشت گرد ہیں اور ان کے ساتھ دہشت گردوں جیسا سلوک کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کرم مسئلہ زمین کا ہے، مستقل گرینڈ جرگہ جلد ہی علاقے کا دورہ کرے گا، یہ جرگہ تب تک علاقے میں رہے گا جب تک وہاں مکمل امن قائم نہیں ہوتا، پائیدار امن کے لئے علاقے میں جنگ بندی انتہائی ضروری ہے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ لوگوں کی آمدورفت کے لیے شاہراہ کو محفوظ بنانے کے لئے اقدامات کئے جائیں، ضروری ادویات کی قلت کو دور کرنے کے لیے بذریعہ ہیلی کاپٹر ادویات سپلائی کی جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 13

ہوا۔ سیکرٹری زاہد عابد نے اجلاس کے ایجنڈا کے حوالے سے بتایا۔ اجلاس میں صدر ارشد انصاری نے فیز ٹو کے حوالے سے اعتماد میں لیا اور گورننگ باڈی کی کارکردگی کو سراہا۔ اجلاس میں متفقہ قرارداد منظور کی گئی کے کے مطابق سوشل میڈیا پر پریس کلب ممبران کے اجتماعی کاز بارے بے بنیاد پراپیگنڈہ کرنے والوں کا احتساب کیا گیا۔ اجتماعی کاز کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ اجلاس میں صدر ارشد انصاری نے بتایا کہ فیز ٹو کیلئے بڑی کامیابی حاصل کی ہے، حکومت پنجاب فیز ٹو کیلئے اتفاق کر چکی ہے اور جمعرات 5 دسمبر سے کونسل ممبران پریس کلب سے فارم حاصل کر سکیں گے جبکہ نان ممبر صحافی ڈی جی پی آر سے فارم وصول کریں گے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ فارم کے ساتھ پلاٹ کے ترقیاتی کاموں کی دس فیصد ڈاؤن پیمنٹ دینی ہوگی جو کہ تقریباً ایک لاکھ بیس ہزار ہوگی جبکہ پلاٹ کے ترقیاتی اخراجات ساڑھے بارہ لاکھ ہوں گے جو کہ 5 سال میں ادا ہوں گے۔ صدر ارشد انصاری نے مزید بتایا کہ فیز ٹو کے فارم کیلئے تمام کونسل ممبران اپلائی کریں گے لیکن جو ممبران پہلے درخواست کے ساتھ روڈا کو دو ہزار روپے ادا کر چکے ہیں ان سے فارم فیس نہیں لی جائے گی تاہم جو ممبران اب درخواست دیں گے وہ ایک ہزار روپے جمع کرائیں گے اور پنجاب جرنلسٹ ہاؤسنگ فاؤنڈیشن ایکٹ کے تحت فیز ٹو میں ایسے تمام ممبران جن کو پلاٹ فیز ون میں نہیں ملا وہ تمام کونسل ممبران پلاٹ کے حقدار ہوں گے۔ صدر ارشد انصاری نے کہا کہ پنجاب حکومت کے شکر گزار ہیں کہ اس منصوبے کو شروع کیا ہے جس سے پلاٹ سے محروم پریس کلب کے کونسل ممبران کو پلاٹ مل جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ راوی سکن منصوبے میں نیوز روم، فوٹو گرافر اور سرکاری میڈیا کے صحافی شامل نہیں تھے لیکن موجودہ باڈی نے کوشش کر کے اس امر کو یقینی بنایا ہے کہ پریس کلب کے تمام کونسل ممبران پلاٹس کے اہل ہوں گے۔ گورننگ باڈی اجلاس میں قرارداد کے ذریعے فیصلہ کیا گیا کہ سوشل میڈیا پر کونسل ممبران کے ایف بلاک اور فیز ٹو کے معاملات پر بے بنیاد پروپیگنڈہ کرنے والوں کو انتباہ کیا جاتا ہے کہ پروپیگنڈہ کرکے اجتماعی کاز کو سبوتاژ کرنے کی کوشش نہ کریں، اگر اس روش کو نہ چھوڑا تو ان کے خلاف کلب آئین کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ اجلاس میں شریک تمام ممبران نے اس قرارداد کی متفقہ منظوری دی اور توقع ظاہر کی کہ ممبران سوشل میڈیا پر ذمہ داری کا مظاہرہ کریں گے۔ گورننگ باڈی نے اس امر کو سراہا کہ سال 2024 میں کلب کے مالی معاملات اور کیفے کا نظام بہتر ہوا، لائبریری کی از سرنو ترتیب ہوئی، ای لائبریری کی تکمیل آخری مراحل میں ہے جبکہ لاہور پریس کلب کی ویب سائٹ لانچ ہو چکی ہے، فیض احمد ہال میں قائم جم میں نئی اور جدید مشینری کی تنصیب سے سہولیات میں اضافہ ہوگیا ہے، کلب میں قائم مسجد کی تعمیر و توسیع کا عمل بھی جاری ہے، سولر سسٹم منصوبے کی کامیابی سے تکمیل ہو چکی ہے، ملازمین کی سال 2018 سے رکی ہوئی تنخواہ ادا کر دی گئی ہے اور کلب کی تزئین و آرائش کا کام مسلسل جاری ہے۔ گورننگ باڈی کے تمام ارکان نے ایف بلاک اور فیز ٹو کے معاملات میں مثبت پیشرفت کو بھی سراہا۔

بقیہ بقیہ جات 14

کے وسائل سے متعلق 5 دسمبر کو آل پارٹیز کانفرنس بلائی ہے۔ آل پارٹیز کانفرنس میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کو بھی بلائیں گے۔ فیصل کریم کنڈی نے مزید کہا کہ امن وامان کیلئے سب کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا، سوشل میڈیا کو نفرتوں کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 15

آئینی بینچ میں مقرر کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ جسٹس امین الدین اور میں جوڈیشل کمیشن کے ممبران ہیں، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کی تعیناتی کے لیے جوڈیشل کمیشن کا ممبر تھا۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ سنیارٹی کوئی بنیادی حق نہیں ہے، سنیارٹی سے ہٹ کر چیف جسٹس کی تعیناتی کی ماضی میں مثالیں موجود ہیں۔ جسٹس جمال مندوخیل نے کہا کہ کمیشن کے 2 ممبرز والا کیس نہیں سن سکتے، چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کی تعیناتی کے کیس میں جوڈیشل کمیشن کو بھی فریق بنایا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

کیا۔ سپیکر نے مولانا شکیل احمد مخلص کی سیاسی، سماجی و دینی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ مولانا شکیل احمد مخلص کے انتقال سے ملک ایک مخلص سیاسی رہنما اور عالم دین سے محروم ہو گیا ہے، مولانا شکیل احمد کی وفات سے پیدا ہونے والا خلا تادیر پر نہیں ہو سکے گا۔ قومی اسمبلی نے کہا کہ مولانا شکیل احمد کی سیاسی، سماجی اور دینی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، دکھ کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ سے مرحوم کے درجات کی بلندی اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی۔

بقیہ بقیہ جات 18

صدیقی کیس میں امریکا جانے والے وفد کی مالی معاونت کی سمری پر دستخط کردیے۔ اس حوالے سے ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال دوگل نے اسلام آباد ہائی کورٹ کو آگاہ کر دیا۔ نمائندہ وزارت خارجہ نے بتایا کہ وفد کے ویزوں کی درخواست وزارت خارجہ نے بھیج دی ہے، امید ہے کہ ایک ہفتے تک یہ منظور ہو جائے گی، ہم ڈاکٹر فوزیہ صدیقی کی ہر ممکن مدد کر رہے ہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے بتایا کہ ذاتی وجوہات پر سینیٹر عرفان صدیقی وفد کے ساتھ نہیں جا سکتے، حکومت کی جانب سے سینیٹر بشریٰ وفد کے ساتھ امریکا جائیں گی۔ جس کے بعد عدالت نے کیس کی سماعت 13 جنوری تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 19

ماہرین کے درمیان مذاکرات آج منگل سے شروع ہوں گے۔ پاک روس بین الحکومتی کمیشن اجلاس 4 دسمبر کو اختتام پذیر ہوگا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کی سرکاری گیس کمپنیوں کے اعلیٰ حکام بھی ماسکو پہنچ چکے ہیں۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ پاکستان اور روس کے درمیان پاکستان اسٹریم گیس پائپ لائن سے متعلق بات چیت متوقع ہے۔ یاد رہے کہ روس پر امریکی پابندیوں کے بعد پاک اسٹریم گیس پائپ لائن پر پیشرفت رکی ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات میں آئل ریفائننگ اور تیل و گیس کی تلاش پر بھی بات چیت ہوگی۔ اس کے علاوہ کمیشن اجلاس میں ریلوے رابطوں اور تجارت کے فروغ کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 20

لئے بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ پیر کو متحدہ عرب امارات کے قومی دن پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر محسن نقوی نے کہا کہ یہ دن اس عظیم ملک کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کی علامت ہے، متحدہ عرب امارات کی قیادت نے انتھک محنت اور عزم کے ذریعے اقوام عالم میں اپنا مقام بنایا ہے، پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے برادرانہ تعلقات وقت گزرنے کے ساتھ مزید مستحکم ہو رہے ہیں، یو اے ای نے ہمیشہ ہر آزمائش میں پاکستان کا ساتھ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو یو اے ای کے ساتھ تعلقات پر فخر ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تجارتی تعلقات بڑھتے روابط کا ثبوت ہیں۔ پاکستان متحدہ عرب امارات کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید بڑھانے کے لئے پرعزم ہے۔ دعا گو ہیں کہ متحدہ عرب امارات ہمیشہ ترقی کی راہوں پر گامزن رہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

نئے بلدیاتی بل کا مسودہ تیار کرلیا گیا ہے جسے منظوری کے لئے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو بھجوایا گیا تھا جس کی منظوری دیدی گئی ہے پنجاب کابینہ سے منظوری کے بعد اسے پنجاب اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ نئے نظام کے تحت بلدیاتی انتخابات جماعتی بنیادوں اور یونین کونسل کی بنیاد پر ہوں گے۔ نئے مسودے میں سابق وزیر اعلیٰ حمزہ شہباز کے دور کی تمام اصلاحات شامل ہیں جس کے تحت میونسپل کارپوریشن قائم کی جائیں گی اور میونسپل کارپوریشن کا سربراہ چیئرمین ہوگا۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ مخصوص نشستوں پر انتخاب اعلانیہ رائے شماری سے ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 22

دیا۔ خاتون لیکچرر کو ہراساں کرنے پر خاتون لیکچرر کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ خاتون لیکچرر کی شکایت پر فیصلہ سنا دیا گیا۔ وفاقی محتسب انسداد ہراسانی نے مرد پروفیسر پر 10 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 23

نامزد کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمہ قتل، اقدام قتل، دھماکا خیز مواد کے استعمال اور دہشت گردوں کی فنڈنگ سے متعلق دفعات کے تحت تھانہ سی ٹی ڈی میں درج کیا گیا ہے۔ یہ مقدمہ ایس ایچ او ائرپورٹ تھانہ انسپکٹر کلیم خان موسیٰ کی مدعیت میں بجرم دفعہ 302، 324، 353، 186، 427، 34 پاکستان پینل کورٹ، Sub:Exp%rw، ATA1- 21,F 11 .7 ,Act 1908 1997 کے تحت درج کیا گیا ہے۔ گرفتار ملزمان سے تفتیش کے بعد ان کے انکشافات کی روشنی میں افسران بالا کے حکام پر درج مقدمے میں ائرپورٹ دھماکے کے ماسٹر مائنڈ کالعدم بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) کے اہم کمانڈر بشیر احمد بلوچ اور عبدالرحمان گل کو واقعے میں اعانت جرم کے الزام میں نامزد کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 24

صوبہ ریاستی مشینری استعمال کر کے وفاق پر چڑھائی کرتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو میں سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ سیاست اور اختلاف رائے کے نام پر جلاؤ گھیراؤ کوئی سیاسی حق نہیں، سیاست افراتفری کا نام نہیں، یہ لاشوں کی متلاشی ہیں۔ ہتھیار کے استعمال کا حق صرف ریاست کے پاس ہے، اگر کوئی اور اس حق کو استعمال کرے گا تو وہ شرپسندی اور دہشتگردی ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 25

وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وی پی این سے متعلق درخواست کی تھی کہ رجسٹریشن کا وقت بڑھائیں۔ شہزادہ ارشد کا کہنا ہے کہ وی پی این صارفین کی ضرورت ہے۔ انہوں نے بتایا کہ آئی ایس پیز کے پاس ابھی انٹرنیٹ کی کم اسپیڈ کا کوئی حل نہیں ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ لوگوں کی شکایات ہیں کہ کچھ دن سے سوشل میڈیا ایپس ٹھیک نہیں چل رہیں۔ واضح رہے کہ کراچی میں انٹرنیٹ اسپیڈ تاحال سست ہونے کی شکایات سامنے آئی ہیں۔ شہر کے مختلف علاقوں میں خصوصاً واٹس ایپ میسجنگ میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ اس حوالے سے صارفین کا کہنا ہے کہ کئی علاقوں میں آڈیو، ویڈیو اور تصاویر کی ترسیل میں حد سے زیادہ وقت لگ رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

بھی مظاہرین کو گولیاں چلاتے نہیں دیکھا، حکومت اپنا ظلم چھپانے کے لئے بار بار جھوٹ بول رہی ہے۔ علاوہ ازیں اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ حکومت پاکستانی عوام اور دنیا کی آنکھوں میں دھول نہیں جھونک سکتی، جو ظلم اور بربریت موجودہ دور میں اپنائی گئی ہے اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔ ہم آج بھی کہتے ہیں مسلط کئے گئے حکمران ہوش کے ناخن لیں اور ملک کو مزید مشکلات میں نہ دھکیلا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 27

مقدمات کی سماعت کی، عدالتی عملے نے کوٹ لکھپت جیل میں ملزمان کی حاضری مکمل کی۔ دوران سماعت پراسیکیوشن کے گواہان شہادتیں قلمبند کرانے کے لئے پیش نہیں ہوئے، پراسیکیوشن نے گواہان پیش کرنے کے لیے مہلت طلب کی۔ بعدازاں عدالت نے شیر پاؤ پل پر اشتعال انگیز تقاریر اور جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات کے جیل ٹرائل میں یاسمین راشد اور شاہ محمود قریشی کی فرد جرم کیخلاف اپیلیں خارج کردیں اور جلاؤ گھیراؤ کیس کی سماعت آج (منگل) تک ملتوی کردی۔ یاد رہے کہ شاہ محمود قریشی سمیت دیگر نے مقدمہ میں فرد جرم کو عدالت میں چیلنج کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 28

میں ملزمان کی حاضری لگائی گئی، حاضری کے بعد ملزمان کو جانے کی اجازت دے دی گئی۔ بعدازاں عدالت نے مقدمات کی سماعت 16 دسمبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ بقیہ جات 29

بریگیڈئر (ر) بابر علاؤالدین نے کرتار پور راہداری کا دورہ کیا۔ بریگیڈئر (ر) بابر نے کہا کہ پوری دنیا سے سکھ یاتری کرتار پور آتے ہیں اور کرتار پور کوریڈور سے ہندوستانی سکھوں کو بغیر ویزے کے پاکستان آنے کی اجازت دی گئی ہے جس سے روزانہ کی بنیاد پر سینکڑوں سکھ یاتری مذہبی سیاحت کے ساتھ ساتھ اپنے مقدس مقامات کی زیارت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کرتار پور راہداری "دونوں اطراف کے پنجاب" کو قریب لانے میں انتہائی اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت سکھ زائرین کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنا رہی ہے۔ کرتار پور راہداری سے دوستی کے دروازے کھلے ہیں تاکہ سکھ یاتری سرحد پار سے بلا روک ٹوک اپنے مقدس مقامات کی زیارت کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے اور اس کا ثبوت پنجاب کابینہ ایک سکھ کی بطور وزیر تقرری ہے۔ بریگیڈئر (ر) بابر نے کہا کہ سکھ زائرین کی خدمت، انہیں سہولیات کی فراہمی کے علاوہ ان کی حفاظت ہمارا فرض ہے۔ حکومت سکھ کمیونٹی کے مقدس مقامات اور علاقوں کی ترقی کے ساتھ ساتھ ٹرانسپورٹ اور سیکورٹی کی بہترین سروسز فراہم کرنے کی جامع حکمت عملی پر کام کر رہی ہے۔ بریگیڈئر (ر) بابر علاؤالدین نے زیرو لائن کا دورہ بھی کیا۔ بعد ازاں بریگیڈئر (ر) بابر علاؤالدین نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال وزیر آباد کا دورہ کیا۔ سابق سیکرٹری قانون و ڈائریکٹر جنرل پاکستان جوڈیشل اکیڈمی چوہدری حسن نواز جوندہ کی خدمات کے سلسلے میں منعقدہ تعزیتی ریفرنس میں شرکت کی۔ بریگیڈئر (ر) بابر نے کہا کہ چوہدری حسن نواز جوندہ کی پاکستان اور انسانیت کے لیے خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

بقیہ بقیہ جات 30

ہے۔ کراچی کی فضا میں آلودگی 215 پرٹیکیولیٹ میٹر ریکارڈ کی گئی ہے۔ لاہور آلودہ ترین شہروں میں سر فہرست ہے جہاں کی فضا میں آلودگی 303 پرٹیکیولیٹ میٹر ریکارڈ ہوئی ہے۔ اس فہرست میں بھارتی دارالحکومت دہلی 254 پرٹیکیولیٹ میٹر آلودگی کے ساتھ دوسرے نمبر پر جبکہ بھارتی شہر ممبئی 175 پرٹیکیولیٹ میٹر آلودگی کے ساتھ چوتھے نمبر پر موجود ہے۔ ایئر کوالٹی انڈیکس کی درجہ بندی کے مطابق 151 سے 200 درجے تک آلودگی مضر صحت ہے، 201 سے 300 درجے تک آلودگی انتہائی مضر صحت ہوتی ہے، جبکہ 301 سے زائد درجہ خطرناک آلودگی کو ظاہر کرتا ہے۔ دوسری جانب کراچی میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم خشک اور رات میں موسم خنک رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کراچی میں آج کم سے کم درجہ حرارت 8.17 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران شہر قائد میں کم سے کم درجہ حرارت 17 سے 19 ڈگری سینٹی گریڈ رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ شہر میں شمال مشرق کی سمت سے ہلکی رفتار سے ہوائیں چل رہی ہیں، جن میں نمی کا تناسب 58 فیصد ریکارڈ ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

جواب طلب کرلیا۔ دوران سماعت درخواست گزار ڈاکٹر پریتم نے عدالت کو بتایا کہ ریٹائرمنٹ کے ڈھائی سال بعد میری پنشن روک دی گئی۔ ان کا کہنا ہے کہ اے جی آفس جانے پر معلوم ہوا کہ میرے خلاف اینٹی کرپشن میں کیس بنا دیا گیا ہے۔ درخواست گزار کا کہنا ہے کہ نہ تو مجھے کوئی نوٹس ملا اور نہ ہی کہیں طلب کیا گیا، 3 سال کے بعد مجھے اس کیس کا علم ہوا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

مذاکرات کے آغاز اور دیگر معاملات پر تبادلہ خیال ہوا، جرگے نے معاملے کے پرامن حل کی ہر ممکن کوشش اور صوبائی حکومت کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی۔ اس موقع پر علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ جرگہ اراکین کو علاقے میں جا کر مذاکرات کے لئے تمام سہولیات اور سپورٹ فراہم کریں گے، امید ہے گرینڈ جرگے کے ذریعے کرم کے معاملے کا پرامن اور پائیدار حل نکل آئے گا۔ ملاقات کے دوران سابق وفاقی وزیر پیر نور الحق قادری، سابق سینیٹر صالح شاہ، سابق سینیٹر سجاد خان بھی موجود تھے جبکہ سابق وفاقی وزیر گلاب جمال، سابق گورنر کے پی انجینئر شوکت اللہ، سینیٹر عبدالرزاق اور دیگر بھی شامل تھے۔

بقیہ بقیہ جات 33

معذور فرد جس کو ویل چیئر چاہیے ہوتی ان کے گھروں میں ویل چیئرز دیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معذور افراد کے علاج معالجے کیلئے مختلف قسم کے طریقہ کار کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ جس میں طبی، جسمانی، مواصلاتی، سماجی اور جذباتی اپروچ کو استعمال کر کے علاج کیا جاتا ہے۔ حکومت ان کے علاج معالجہ کیلئے ہسپتالوں میں خصوصی وارڈز کا بھی قیام کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم معذوراں کے موقع پر الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام باہمت افراد کے لیے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع تقریب میں سینکڑوں معذور افراد مرد و خواتین اور بچوں میں ویل چیئرز بھی تقسیم کی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

جبکہ دعوت ولیمہ کی تقریب 29 دسمبر کو جاتی امراء میں منعقد کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق زید حسین کے نکاح کی تقریب میں 500 مہمانوں کو مدعو کرنے کی تیاری کی گئی ہے، ولیمہ کی تقریب میں 700 مہمانوں کو مدعو کیا جائے گا۔ شادی کی تقریب میں ملکی و غیر ملکی مہمانوں کو بھی مدعو کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 35

چانسلر ایمرسن یونیورسٹی، پروفیسر ڈاکٹر رمضان پروفیسر ڈاکٹر کلثوم نقوی (سابق وائس چانسلر باچا خان یونیورسٹی) اور پروفیسر ڈاکٹر اصغر نے کانفرنس کا افتتاح کیا ابتدائی سیشن میں خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا میں موسمیاتی تبدیلیوں نے انسانی زندگی کو خطرے میں ڈال دیا ہے سب سے زیادہ خطرے صحت اور غذائی قلت کا ہے تمام حکومتیں کوشش میں ہیں کہ کس طرح غذائی قلت سے نمٹا جاسکتا ہے، ویمن یونیورسٹی روزمرہ کے مسائل سے بخوبی واقف ہے اس میں ہونے والی ریسرچ ہماری عملی زندگی کے گرد گھومتی ہے اسی عالمی تناظر میں اس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا ہے کس طرح زراعت، صحت اور غذائی تحفظ میں پائیدار ترقی ممکن ہے کانفرنس باہمی سیکھنے کے مواقع پیش کرے گی، بین الاقوامی سائنسدانوں کی طرف سے کی گئی پیشرفت ہمارے سامنے آئے گی ماہرین تعلیم حاضرین سائنس میں متنوع پیشہ ورانہ ترقی کی ضروریات کے مطابق اعلیٰ معیار کے مواد کی توقع کر سکتے ہیں کانفرنس خوراک میں تازہ ترین دریافتوں اور پیشرفت پر بات کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گی۔ فوکل پرسن ڈاکٹر فرح دیبا نے کہا کہ انسانی فلاح کے لئے صحت مند خوراک بہت ضروری ہے۔ اور خوراک ہر انسان کا بنیادی حق ہے عالمی خوراک کے نظام میں موجود چیلنجوں اور ترجیحات کے لحاظ سے اس کانفرنس کا تھیم کا انتخاب انتہائی اہم ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی کیلئے پیداوار اور قدرتی وسائل کو بہتر بنانا دونوں غذائی تحفظ اور پائیداری کے حصول کے لئے اہم پہلو ہیں اس کانفرنس کے دوررس نتائج سامنے آئیں گے کانفرنس کے پہلے روز جناح ہال اور ایل طیب بلڈنگ میں ٹیکنیکل سیشن منعقد کئے گئے جس میں 28 سے زائد ریسرچ پیپر پڑھے گئے کانفرنس کی چیف آرگنائزر ڈاکٹر طاہرہ یونس ہیں جبکہ آرگنائزر کمیٹی میں ڈاکٹر مریم زرین، ڈاکٹر راحیلہ جبین، ڈاکٹر صبا ظفر، ڈاکٹر اصلی پرویز، ڈاکٹر ام حبیبہ، ڈاکٹر راحیلہ وحید، اور مہوش بتول کاظمی شامل ہیں افتتاحی تقریب میں تمام چیئرپرسنز اور طالبات نے شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 36

کر زبردستی لیجارہے تھے۔ بچے کو اس کے گھر والوں کے حوالے کردیا گیا، اہل خانہ نے ٹریفک افسران سے اظہار تشکر کیا ہے۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر نے سیکٹر وارڈن ناصر فرقان، شاہد اور حامد عالم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ وارڈنز ٹریفک روانی کے ساتھ ساتھ مشکوک افراد پر بھی کڑی نظر رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 37

دن اس عظیم ملک کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کی علامت ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات کی قیادت نے انتھک محنت اور عزم کے ذریعے اقوام عالم میں اپنا مقام بنایا، پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے برادرانہ تعلقات وقت گزرنے کے ساتھ مزید مستحکم ہو رہے ہیں۔ وزیر داخلہ کا کہنا ہے کہ یو اے ای نے ہر آزمائش میں پاکستان کا ساتھ دیا، پاکستان کو یو اے ای کے ساتھ تعلقات پر فخر ہے، دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تجارتی تعلقات بڑھتے روابط کا ثبوت ہیں۔ محسن نقوی نے اپنے پیغام میں مزید کہا ہے کہ پاکستان متحدہ عرب امارات کے ساتھ دوطرفہ تعلقات کو مزید بڑھانے کے لئے پرعزم ہے، دعا گو ہیں کہ متحدہ عرب امارات ہمیشہ ترقی کی راہوں پر گامزن رہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

ڈاکٹر رضوان نصیر نے اس موقع پر والنٹیئرز سے خدمت انسانیت کا حلف بھی لیا۔ رانا مشہود احمد، خواجہ سلمان رفیق اور ڈاکٹر رضوان نصیر نے والنٹیئرز کے دستوں کا بھی معائنہ کیا۔ تقریب میں چین سمیت 62 ریسکیو ٹیموں نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت و ایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے تقریب کے شرکاء سے اپنے خطاب میں کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایمرجنسی سروسز کا دائرہ کار ہر یونین کونسل تک پھیلایا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں لائف سیونگ پروگرام شروع کیا گیا۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب میں ایئر ایمبولینس سروس انتہائی کامیابی سے جاری ہے۔ الحمدللہ موٹر وے پر بہت جلد ایمرجنسی سروسز کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ اس اکیڈمی میں ریسکیورز کو سیکھنے کا بہت موقع ملتا ہے۔ ڈاکٹر رضوان نصیر کی قیادت میں ریسکیو 1122 نے بہت عزت کمائی ہے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب میں بروقت ایمرجنسی سروسز فراہم کر کے قوم کو اربوں روپوں اور قیمتی جانوں کے نقصانات سے بچایا گیا ہے۔ غیر منظم گروہ کبھی بھی پاکستان کی ترقی میں حائل نہیں ہو سکتے۔ انہوں نے کہا کہ چین ہمارا عظیم دوست ہے اور چین سے آئی والنٹیئر ٹیم کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے بین الاقوامی والنٹیئر ڈے 2024 کی شاندار تقریب کے انعقاد پر سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر اور ان کی ٹیم کو مبارکباد دی۔ وزیر اعظم یوتھ اینڈ والنٹیئرز پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد نے کہا کہ وزیر اعظم میاں شہباز شریف نے 12 اگست کو نیشنل والنٹیئرز پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ خواجہ سلمان رفیق وزیر کم اور بطور ایک رضاکار زیادہ کام کرتے ہیں۔ رانا مشہود احمد نے کہا کہ ریسکیورز کی ہمت کو سلام پیش کرتے ہیں۔ ہمارے جوانوں کی ہمت نے دشمنوں کی ہر سازش کو ناکام کیا ہے۔ پاکستان انشاء اللہ ہمیشہ زندہ اور پائندہ باد ہی رہے گا۔ رانا مشہود احمد نے ڈاکٹر رضوان نصیر کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ سیکرٹری ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر نے کہا کہ خدمت انسانیت کا جذبہ بطور ایک رضاکار کے ہی شروع ہوتا ہے۔ الحمدللہ پنجاب میں فائر سروسز، فلڈ سروسز اور موٹر بائیک سروسز کامیابی سے جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 39

گئے۔ پولیس نے بتایا کہ متاثرہ خاتون کو میڈیکل کے لئے اسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 40

"دی نیشن" کے ایڈیٹر سلمان مسعود کے والد مسعود احمد کے انتقال پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعظم نے مرحوم کی بلندی درجات کی دعا اور ان کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے سلمان مسعود اور ان کے خاندان کے لئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ و ثقافت عطاء اللہ تارڑ نے انگریزی اخبار "دی نیشن" کے ایڈیٹر سلمان مسعود کے والد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

مشہود خان، سابق کونسلر چوہدری رقیب، چوہدری ولی داد، چوہدری مصطفیٰ، چوہدری وقار، محمد بن سجاد، مصطفیٰ بن سجاد سمیت علاقے کے لوگ کثیر تعداد میں موجود تھے۔ نقابت کے فرائض حافظ کامران نے سرانجام دیئے۔ پروفیسر سجاد قمر نے چوہدری ولی داد اور چوہدری مصطفیٰ کاروباری مرکز شروع کرنے پر مبارک باد دی اور کہا کہ محنت اور امانت و دیانت سے کاروبار کرنے والا شخص قیامت کے دن انبیاء کے ساتھ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عوام محنتی اور کام کرنے والے ہیں، ضرورت اس بات کی ہے کہ ان کو سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔ پروفیسر سجاد قمر نے کہا کہ حالات جیسے بھی ہوں جب کسی کی ضرورت ہوتی ہے تو فوری طور پر قانون سازی ہو جاتی ہے، تو ملکی مفاد میں قانون سازی کیوں نہیں کی جاتی۔

بقیہ بقیہ جات 42

پی جی کاروبار کے قوانین پر عمل نہ کرنے پر پہلے صرف 3 ہزار روپے جرمانہ تھا اب اسے کم سے کم 10 لاکھ اور زیادہ سے زیادہ 1 کروڑ کرنے کی تجویز ہے جبکہ سزا بھی 6 ماہ سے بڑھا کر 10 سال اور یہ جرم ناقابل ضمانت کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ اب ایل پی جی کا غیر معیاری سلنڈر یا آلات فروخت کرنے کا بھاری جرمانہ عائد ہوگا۔ اوگرا نے ملک بھر میں ایل پی جی کے استعمال میں تیزی سے اضافے کی وجہ سے بڑا فیصلہ کیا ہے۔ ایل پی جی کے قوانین پر عمل نہ ہوا تو 10 سال قید کی سزا بھی ہوگی۔ غیر معیاری سلنڈرز اور مکس گیس فروخت ہوئی تو کوئی بچ نہیں سکے گا۔ اوگرا کے نئے قوانین کی سمری حتمی منظوری کے لئے حکومت کو بھجوادی گئی اور حتمی منظوری کے بعد اس طرح عملدرآمد شروع ہوجائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 43

سکتے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور میں تاجدار ختم نبوت سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر مرکزی نائب صدر پاکستان سنی تحریک ڈاکٹر محمد شاہد حسین، صدر وسطی پنجاب پاکستان سنی تحریک علامہ طاہر رضا، علامہ ڈاکٹر مولانا راغب حسین نعیمی چیئرمین اسلامی نظریہ کونسل پاکستان، صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ صدر تحفظ ناموس رسالت محاذ، علامہ ذوالفقار مصطفیٰ ہاشمی چیئرمین محافظان ختم نبوت، علامہ قاری زوار بہادر مرکزی رہنما جمعیت علماء پاکستان، علامہ ڈاکٹر مفتی حبیب قادری، علامہ جاوید نعیم نوری، علامہ مفتی کریم خان، علامہ شیر محمد مجتبائی ڈویژن صدر پاکستان سنی تحریک لاہور اور علام مفتی عمران حنفی، علامہ محمد علی نقشبندی، ضلعی صدر پی ایس ٹی علامہ ریاض ہزاروی سمیت دیگر جید علماء کرام و مشائخ نے بھی اپنے مخصوص انداز میں خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ ختم نبوت کے آئین و قانون کے تحفظ کے لیے ہزاروں مسلمانوں نے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کیے، ہم شہدائے ختم نبوت کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں، سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ ختم نبوت ﷺ کے پہلے محافظ اول ہیں، وطن عزیز کی ترقی و کامیابی کے لیے خلفاء راشدین کی سیرت پر عمل کرنا ہوگا۔ خلفاء راشدین کے عدل و انصاف اور شاندار سنہری کارناموں سے اسلام کا چہرہ روشن ہے جبکہ ظلم وستم کرنے والے حکمران دنیا و آخرت میں رسوائی انکا مقدر ہے۔ معاشرہ میں قیام امن کے لیے عدل وانصاف بے حد ضروری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

کی۔ انہوں نے کہ مدارس بل دونوں ایوانوں سے بھاری اکثریت کے ساتھ منظور ہوا، مدارس ملک کے تعلیمی نظام کا ایک اہم حصہ ہیں اور ان کے معاملات کو قانونی دائرہ کار میں لانے کا یہ بل انتہائی اہمیت کا حامل ہے عوامی نمائندوں کی جانب سے مکمل حمایت کے باوجود صدر مملکت کا یہ اقدام نہایت افسوسناک ہے۔ ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ صدر اس بل پر فوری دستخط کرکے قومی مفاد کو مقدم رکھیں تاکہ مدارس کے حوالے سے اصلاحات کا عمل بغیر کسی تاخیر کے آگے بڑھ سکے۔

بقیہ بقیہ جات 45

ناکام ہو رہا ہے؟ عوام کے جان و مال، عزت کی حفاظت کے لیے قومی ایکشن پلان پر از سر نو اتفاق رائے پیدا کیا جائے۔ لیاقت بلوچ نے خیبر پختونخوا ملی یکجہتی کونسل کے صدر عبدالواسع، سابق وفاقی وزیر سید منیر گیلانی، مجلس وحدت مسلمین کے سیکرٹری جنرل سید ناصر شیرازی اور کرم، سدہ، پارہ چنار کے سنی اور شیعہ علماء سے رابطہ اور ملاقات کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت اور خیبر پختونخوا حکومت مجرمانہ غفلت ختم کرے اور پارہ چنار میں امن و امان کی بحالی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ گورنر کے پی کے کی طرف سے کوہاٹ میں گرینڈ جرگہ اور پشاور میں اے پی سی کا اعلان، نیز قبل ازیں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی طرف سے کوہاٹ میں کرم امن جرگہ کی کوششیں اچھی ہیں لیکن جب تک وفاقی اور صوبائی حکومتیں مشترکہ لائحہ عمل اور اقدامات نہیں کریں گی نتائج پائیدار نہیں ہوں گے۔ سنی اور شیعہ علماء سے اپیل کی ہے کہ وہ معتبرین کے نام دیں، ان کے ساتھ قومی وفد حالات کی بہتری کے لیے کردار ادا کرے گا۔ کرم، سدہ، پارہ چنار کی صورت حال پر پوری قوم کو تشویش ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ اقتصادی بحران، بدامنی، قرضوں و سود کے بوجھ اور کرپشن حکمرانوں کی عیاشیوں اور سرکاری سول و فوجی عدالتی سیٹ اپ کی مراعات اور مفت خوری کی وجہ سے گھمبیر ہو رہا ہے۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار / ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع رتوکالا

متوفی: نذیر ولد مہدی خان

وارثان: مہدی خان والد، مریم بی بی والدہ، زبیدہ بی بی بیوہ متوفی پہلے فوت شدہ۔

زندہ: محمد ارشد پسر متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا۔

دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 46

لاہور ہائیکورٹ میں دکانیں سیل کرنے کیخلاف درخواستوں پر سماعت ہوئی، جسٹس عابد عزیز شیخ نے ظفر اقبال اور دیگر دکانداروں کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزاروں کے وکیل شان سعید محسن ایڈووکیٹ نے دلائل دیئے۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ ضلعی انتظامیہ نے پرانی مچھلی منڈی کو شہر سے باہر منتقل کرنے کا فیصلہ کیا، عدالت نے مچھلی منڈی کی منتقلی کیخلاف حکم امتناعی جاری کیا، اسسٹنٹ کمشنر نے عدالتی حکم کے باوجود دکانیں سیل کیں، دکانیں سیل ہونے سے کروڑوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ عدالت انتظامیہ کو دکانیں ڈی سیل کرنے کا حکم دے۔ عدالت نے بھاٹی چوک سے پرانی مچھلی منڈی کی منتقلی کے معاملے پر دکانیں سیل کرنے کیخلاف درخواستوں پر ضلعی انتظامیہ سے جواب طلب کرتے ہوئے سماعت 3 دسمبر تک ملتوی کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 47

محکمہ خطرات اور چیلنجز کی بروقت نشاندہی سے نجکاری کی کامیابی کے امکانات بڑھیں گے، کمیٹی ہفتہ وار پیشرفت کی رپورٹیں فراہم کرکے نجکاری کے عمل میں شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنا رہی ہے۔ ایس آئی ایف سی کے تعاون سے نجکاری کے ذریعے بجلی کے شعبے میں سرمایہ کاری اور کارکردگی میں بہتری کی توقع ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

لاکھ 49 ہزار سے زائد شہریوں نے جنرل پولیس ویریفکیشن کروائی، 4333 شہریوں نے نجی ملازمین کی پولیس ویریفکیشن کروائی، 02 لاکھ 03 ہزار سے زائد شہریوں نے کرایہ داری اندراج کروایا، 27 ہزار سے زائد شہریوں نے وہیکل ویری فکیشن کروائی، 01 لاکھ 45 ہزار سے زائد شہریوں نے میڈیکولیگل سرٹیفکیٹس حاصل کئے، 74 ہزار سے زائد شہریوں نے دستاویزات کی اندراج گمشدگی جبکہ 5336 نے جرائم رپورٹ کی رجسٹریشن کروائی۔ 01 لاکھ 07 ہزار سے زائد شہریوں نے ایف آئی آر کی کاپی حاصل کی، 229 ویمن وائلنس رپورٹ درج ہوئیں، کمزور طبقات کے تحفظ کیلئے جاری اقدامات میں 93 ہزار سے افراد کو قانونی و سماجی تحفظ فراہم کیا گیا، 2896 شہریوں نے ایمپلائی رجسٹریشن (ROPE) کروائی ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پولیس خدمت مرکز سروس ڈیلیوری کا شاندار پراجیکٹ ہے، شہریوں سے حاصل فیڈ بیک کی روشنی میں پولیسنگ سروسز کو مزید اپ گریڈ کیا جارہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 49

مہنگائی 5. 8 فیصد سے 6. 8 فیصد کے درمیان رہنے کا تخمینہ لگایا تھا۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ماہ ٹماٹر، انڈے، دال مونگ، شہد اور آلو کے نرخوں میں اضافہ ہوا، گھی، مکھن، ڈرائی فروٹ، مچھلی اور کوکنگ آئل مہنگا ہوا، گندم، تیار کھانا، مشروبات، گندم کا آٹا، جوتے، الیکٹرانک کا سامان مہنگا ہوا۔ سالانہ بنیاد پر کپڑا اور جوتے 37.14 فیصد مہنگے ہوئے، ایک سال میں صحت کی سہولیات 13 فیصد، تعلیم 55.10 فیصد مہنگی ہوئیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

کرتے تھے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ گرفتار ملزمان سے 3 موٹر سائیکلیں، 4 انجن اور مختلف پارٹس برآمد ہوئے ہیں۔ گرفتار ملزمان میں عماد، مدثر، طاہر، خالد اور راشد شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق یہ ملزمان پہلے بھی پولیس مقابلے، ڈکیتی، اسلحہ اور موٹر سائیکل چھیننے کے جرائم میں گرفتار ہو چکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 51

موٹر سائیکل ملی ہے جس کے بعد واقعے کی تحقیقات کر رہے ہیں اور اوباڑو تھانے میں رپورٹ درج کر کے لاپتا افراد کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

ر 64.3789 میٹرک ٹن آٹا برآمد کیا۔ ملک بھر سے 51.35134 میٹرک ٹن چینی جبکہ 4396666 سگریٹ کے سٹاکس برآمد کیے۔ 157055 کپڑے کے تھان اور 312.18 ملین لیٹر ایرانی تیل برآمد کیا، ملک کو مشکل وقت سے نکالنے کے لیے حکومت کی جانب سے اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 53

پر کمسن بچے کا گلا کاٹ کر بے دردی سے قتل کیا اور لاش زیر تعمیر ہاؤسنگ سوسائٹی میں پھینک دی۔ پولیس کے مطابق مقتول کو ایک روز قبل بھیڑ نمبر دو سے اغوا کیا گیا، گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

ساتھ مل کر اپنی بیوی انیقہ کو تشدد کا نشانہ بنایا جس سے اس کی حالت غیر ہو گئی جسے فوری طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دوران علاج جانبر نہ ہو سکی اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش ایدھی ایمبولینس کے ذریعے پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کرکے مقتولہ کے والد شیخ شوکت کی درخواست پر تفتیش کا آغاز کر دیا مقتولہ کے والد کا کہنا ہے کہ اس کی بیٹی انیقہ کی چار سال قبل جنید غلام فرید سے شادی ہوئی تھی اور کچھ عرصہ قبل اس کے درمیان لڑائی جھگڑا شروع ہوا اور انیقہ کو تشدد کرنا معمول بن گیا کل شام مجھے بیٹی پر تشدد کی اطلاع ملی میں گھر گیا تو دیکھا کہ گھر کی بالائی منزل پر جنید کے گھر والے میری بیٹی کو تشدد کا نشانہ بنا رہے تھے جنید کی بہنوں نیلم اور کرن نے بازو جبکہ ساس عزت بی بی نے انیقہ کی ٹانگیں پکڑی ہوئی تھی جبکہ خرم راڈ کی مدد سے میری بیٹی کے جسم پر تشدد کر رہا تھا، اس حوالے سے پولیس کے کہنا ہے کہ انیقہ کی موت کیسے ہوئی اس حوالے سے تفتیش جاری ہے اصل حقائق پوسٹمارٹم رپورٹ کے بعد سامنے آئیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 55

الدین محمد الدین اور ازبکستان کے وزیر خارجہ بختیار سیدوف سے ملاقاتیں کیں۔ قازقستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ مورت نورطلیوف سے ملاقات کے دوران کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی مرکزی کمیٹی کے سیاسی بیورو کے رکن وانگ ای نے کہا کہ چین اور قازقستان جغرافیائی قربت، یکساں خیالات اور عوام کے درمیان قریبی تعلقات کے ساتھ مستقل دوست ہمسایہ ہیں۔ چینی وزیر خارجہ نے کہا کہ ہمہ جہت تعاون کو مضبوط بنانا دونوں ممالک کے مشترکہ مفادات اور عوام کی مشترکہ توقعات کے عین مطابق ہے۔ اس موقع پر قازقستان کے وزیر خارجہ مورت نورطلیوف نے کہا کہ قازقستان قومی خودمختاری اور آزادی کے تحفظ میں وسط ایشیائی ممالک کے لئے چین کی حمایت کو سراہتا ہے اور چین کو ایک قابل اعتماد، مستقل جامع تزویراتی شراکت دار اور سفارتی ترجیح سمجھتا ہے۔

بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ھرل
صاحب تحصیلدار / ریونیو آفیسر حلقہ
تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 8 شمالی

متوفی: عبداللہ خان ولد قطب دین۔

وارثان: قطب دین والد، مریم بی بی والدہ پہلے فوت شدہ، حمیدہ بی بی بعد فوت شدہ۔

زندہ: ثناء اللہ، عطاء اللہ پسران، نسرین اختر، ساجدہ بی بی دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا۔

دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 56

تھا۔ اس کی فعالیت کا دورانیہ بڑھنے سے چین اور پاکستان کے درمیان معاشی اور تجارتی تعاون میں اضافے کے ساتھ ساتھ عوامی تبادلوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس سال یکم اپریل کو مسافروں کی سطح کلیئرنس کے دوبارہ آغاز سے درہ خنجراب پر اندرون ملک اور بیرون ملک جانے والے 50 ہزار سے زائد مسافر ریکارڈ کئے گئے۔ خنجراب کسٹمز حکام کے مطابق اکتوبر کے اختتام تک درہ خنجراب سے ملک کے اندر اور باہر جانے والی گاڑیوں کی تعداد 11 ہزار سے تجاوز کر گئی۔ درآمدی اور برآمدی سامان کا حجم 40 ہزار 900 ٹن تک پہنچ گیا جو گزشتہ سال کی نسبت بالترتیب 6.42 فیصد اور 7.72 فیصد زائد ہے۔

بقیہ بقیہ جات 57

کے مطابق صبح تقریباً 6 بجے ویانا پہنچی۔ یہ روٹ ہائی نان ایئر لائنز چلا رہی ہے جس کی ہر منگل، جمعرات اور اتوار کو پرواز ہوگی۔ واپسی کی پرواز ویانا سے مقامی وقت کے مطابق دن ساڑھے 12 بجے روانہ ہوگی جو 9 گھنٹے اور 40 منٹ کے بعد اگلے دن صبح 5 بج کر 10 منٹ پر چھنگ دو اترے گی۔ چھنگ دو موسیقی، فن، ثقافت اور تعلیم کے شعبوں میں ویانا کے ساتھ شراکت داری کر رہا ہے۔ ہائی نان کی مارکیٹنگ کمیٹی کے عہدیدار ژانگ تائی فونے امید ظاہر کی کہ نئی فضائی روٹ سے چھنگ دو اور ویانا کے درمیان تبادلوں میں اضافہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 58

کاری سے قائم 149 تحقیق و ترقی (آر اینڈ ڈی) مراکز موجود ہیں۔ 2024 کے ابتدائی 8 ماہ میں بلدیہ میں غیر ملکی سرمایہ کاری سے قائم 121 بڑے تحقیق و ترقی مراکز نے تحقیق و ترقی پر 77.13 ارب یوآن (تقریباً 92.1 ارب امریکی ڈالر) کی سرمایہ کاری کی جو گزشتہ برس کی نسبت 9.29 فیصد زیادہ ہے۔ بیجنگ کی ڈپٹی میئر سیما ہونگ کا کہنا ہے کہ بیجنگ نے حکومتی امور میں تبدیلی، کاروباری اداروں کو پھلنے پھولنے اور معاشی ترقی کے اندرونی محرکات کو مضبوط بنانے کے لئے کاروباری ماحول میں بہتری کو اہم حکمت عملی کے طور پر مسلسل ترجیح دی ہے۔ مسلسل 7 برس سے بیجنگ کی بلدیاتی حکومت نے اپنے کاروباری ماحول میں اصلاحات کے منصوبے کو بہتر کیا ہے اور اس کے لئے 1 ہزار 500 سے زائد اصلاحاتی اقدامات کئے۔ پیناسونک ہولڈنگز کارپوریشن کے ایگزیکٹو نائب صدر اور چین و شمال مشرقی ایشیا کے گروپ چیف ایگزیکٹو کیٹسورو ہوما نے شنہوا کو بتایا کہ پیناسونک نے 1987 میں بیجنگ میں اپنا مشترکہ منصوبہ شروع کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 59

ہوئے فوری طور پر پوسٹ ایکسپوژر پروفیلیکسس (پی ای پی) شروع کیا۔ 28 دن کا سخت علاج مکمل کرنے کے بعد اس کا وائرس ٹیسٹ منفی آیا"۔ یہ سرگرمی یکم دسمبر کو ایڈز کے 37 ویں عالمی دن سے ایک روز قبل بیجنگ فاریسٹری یونیورسٹی میں 9 ویں نیشنل کالج سٹوڈنٹس ایڈز پریوینشن ٹاپک مقابلے کا حصہ تھی۔ ایس ٹی ڈیز (جنسی تعلق سے منتقل ہونے والے امراض) اور ایڈز سے بچاؤ کی چینی فاؤنڈیشن کے صدر سن شنھوا کے مطابق 2016 میں شروع کئے گئے قومی علمی مقابلے کا مقصد نوجوان افراد میں ایچ آئی وی/ایڈز سے متعلق آگاہی پیدا کرنا ہے۔ اس کے آغاز سے اس مقابلے میں 6 ہزار 320 یونیورسٹیاں شامل ہوئیں اور مجموعی طور پر ایک کروڑ 74 لاکھ 20 ہزار طلبہ نے حصہ لیا۔

بقیہ بقیہ جات 60

کے راستے بند ہیں، خرلاچی بارڈر کی بندش سے آمد و رفت اور تجارت بھی بند ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ انٹرنیٹ، موبائل سروس اور شاہراہوں کی بندش سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، راستوں کی بندش سے اشیاء خورد و نوش، ادویات اور پیٹرول کی قلت ہے۔ حمید حسین نے یہ بھی بتایا ہے کہ ضلع کرم میں اب تک 100 سے زخمی مختلف اسپتالوں میں زیر علاج ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 61

ہوا تو ضرور کھیلیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کلب کے پروگرام "میٹ دی پریس" میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا کہ میرے لئے اعزاز کی بات ہے لاہور پریس کلب آیا ہوں، پنجاب و لاہور بڑا بھائی ہے، لاہوری محبت کرنے والے لوگ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک کو سب سے زیادہ ضرورت ہے کہ معاشرتی لحاظ سے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا، ملک بھر میں ہمیں ہم آہنگی پیدا کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے اندرونی حالات بلاوجہ خراب نہیں اس میں بیرونی ہاتھ موجود ہیں، ہر جگہ پر کہیں نہ کہیں سازش موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم معاشی طور پر کمزور ہیں لیکن قوموں پر یہ حالات آتے ہیں، ان پر مایوس نہیں ہونا، مل کر مقابلہ کریں گے تو معاشی حالات سے جیت جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سب سے بڑی ترقی یہ ہے کہ ہماری سرحدیں محفوظ ہیں فلسطین میں کوئی ایک رات سکون سے نہیں گزار سکتا۔ انہوں نے کہا کہ، اگر سیکورٹی کا مسئلہ ہوتا تو یہاں شنگھائی تعاون تنظیم کا اجلاس سکون سے نہ ہوتا، پرندے نے بھی پر نہیں مارا اور یہ کامیاب ہوا، آئیڈیاز نمائش میں 54 ممالک کے لوگ آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ الطاف بھائی کا مسئلہ سیاست سے نہیں ریاست سے ہے، ریاست رابطہ کرے گی تو رابطہ ہو جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ایم کیو ایم پاکستان کے پاس ڈیلیوریس کا اختیار نہیں۔ جماعت اسلامی نے کراچی میں گورنر ہاؤس کے باہر دھرنا دیا تو چائے پکوڑے کھلائے تو دو دن بعد واپس چلے گئے، اگر میں خیبر پختونخوا کا گورنر ہوتا تو علی امین گنڈاپور کو گرم چائے اور پکوڑے کھلاتا۔ انہوں نے کہا کہ آئینی سربراہ ہوں اختیارات پیپلز پارٹی کے وزیر اعلیٰ کے پاس ہیں، ایک ماہ آئی جی سندھ گورنر سندھ کی بات سن لیں اگر ایک کرائم ہو جائے تو پھر مجھ سے شکایت کریں لیکن میری بات نہیں سنی جا رہی، دنیا بھر میں سٹریٹ کرائم کو کنٹرول کر لیا جاتا ہے لیکن ہمارے ہاں سب آزاد ہیں، سٹریٹ کرائم پر سب کو ساتھ بیٹھ کر مسائل کا حل نکالنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ساڑھے تین لاکھ افغانی ہیں، وارداتوں میں افغانی ملوث ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کالا باغ ڈیم پر چھوٹے بڑے بھائی کو مل کر بیٹھ کر مطمئن کرکے مسئلہ حل کرنا ہوگا، کالا باغ ڈیم کے لئے بیٹھ کر راستہ نکالنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ جو دہشتگردی ہے اس پر بھارتی فوج کی وردی ہے۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار / ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع منڈی پھلروان

متوفی: جاوید اقبال (لاولد) ولد غلام حسین۔

وارثان: غلام حسین والد، کنیز فاطمہ والدہ، طاہرہ یاسمین ہمشیرہ متوفی ہیں۔

زندہ: رفعت یاسمین بیوہ، امجد محمود برادر، عذرا بلال، خالدہ پروین ہمشیرہ متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

معذور افراد حکومت اور معاشرے کی ہمدردی کے سب سے زیادہ مستحق ہیں

ضیاء الدین انصاری

حکومت معذور افراد کی تعلیم وتربیت کے ساتھ روزگار کے کوٹے میں بھی اضافہ کرے، الخدمت فاؤنڈیشن معذور افراد کو ساڑھے چار ملین سے زائد فری وہیل چیئرز فراہم کر چکی ہے۔

لاہور سمیت پاکستان میں کوئی بھی معذور فرد جس کو وہیل چیئر چاہیے ہوگی ان کے گھروں میں وہیل چیئرز دیں گے، عالمی یوم معذوراں تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن وامیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ معذور افراد حکومت اور معاشرے کی ہمدردی کے سب سے زیادہ مستحق ہیں۔ حکومت معذور افراد کی تعلیم وتربیت کے ساتھ روزگار کے کوٹے میں بھی اضافہ کرے۔ اس وقت ملک میں ہزاروں افراد تعلیم و تربیت سے محروم جبکہ ساڑھے 6 لاکھ معذور افراد بے روزگار ہیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن معذور افراد کو ساڑھے چار ملین سے زائد فری وہیل چیئرز فراہم کر چکی ہے۔ لاہور سمیت پاکستان میں کوئی بھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

صوبائی وزیر صحت

غیر منظم گروہ کبھی بھی پاکستان کی ترقی میں حائل نہیں ہو سکتے

پنجاب میں ایئر ایمبولینس سروس انتہائی کامیابی سے جاری، الحمدللہ موٹروے پر بہت جلد ایمرجنسی سروسز کا آغاز کیا جا رہا ہے

ہمارے جوانوں کی ہمت نے دشمنوں کی ہر سازش کو ناکام کیا، پاکستان انشاء اللہ ہمیشہ زندہ اور پائندہ باد ہی رہے گا' رانا مشہود احمد

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق نے ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں بین الاقوامی والنٹیئر ڈے 2024 کی مرکزی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ وزیر اعظم یوتھ اینڈ والنٹیئرز پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد نے بطور گیسٹ آف آنر تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر سیکرٹری ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر، عالمی ادارہ صحت سے ڈپٹی ہیڈ ایلن تھام، ڈاکٹر عینی گلزار، ڈاکٹر عرفان، سجاد حفیظ اور رضاکاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سیکرٹری ایمرجنسی سروسز پنجاب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

لاہور، سرپرست الخدمت فاؤنڈیشن ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ عالمی یوم معذوراں کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ٹریفک وارڈنز کی حاضر دماغی، معصوم بچے کی جان بچا لی

ملزمان 13 سالہ بچے کو زبردستی ساتھ لیجا رہے تھے، چھوڑ کر فرار ہو گئے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں مال روڈ پر ٹریفک انسپکٹر وساتھی اہلکاروں کی حاضر دماغی نے بچے کے اغواء کی کوشش ناکام بنادی۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق نامعلوم موٹرسائیکل سوار 13 سالہ بچے کو زبردستی لے جا رہے تھے، مشکوک جانتے ہوئے پٹرولنگ آفیسر نے موٹرسائیکل کو رکنے کا اشارہ کیا تو نامعلوم موٹرسائیکل سوار بچے کو چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ مغوی بچے نے بتایا کہ اداحمز گاڑی سے مجھے نشہ آور اشیا کھلا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

یو اے ای کیساتھ تعلقات پر فخر، مزید وسعت دینے کیلئے پرعزم ہیں' محسن نقوی

قومی دن پر متحدہ عرب امارات کی حکومت، سفیر اور عوام کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاکستان کو یو اے ای کیساتھ تعلقات پر فخر ہے، مزید وسعت دینے کیلئے پرعزم ہیں۔ متحدہ عرب امارات کے قومی دن پر پیغام جاری کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ قومی دن پر متحدہ عرب امارات کی حکومت، سفیر اور عوام کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا ہے کہ قومی دن پر یو اے ای کے بہن بھائیوں کی خوشیوں میں برابر کے شریک ہیں، یو اے ای کا قومی دن پاکستان کے لئے بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ یہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

لیسکو میں بائی ڈائریکشنل گرین میٹرز پر پابندی عائد کر دی گئی

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی میں بائی ڈائریکشنل گرین میٹرز پر تاحکم ثانی پابندی عائد کر دی گئی۔ سولر سسٹم کنکشن کیلئے اے ایم آئی سمارٹ میٹرز لگانے کا فیصلہ کر لیا گیا، اے ایم آئی سمارٹ میٹر بائی ڈائریکشنل میٹر کے طور پر کام کرے گا، سمارٹ میٹر میں امپورٹ اور ایکسپورٹ یونٹس کا سافٹ ویئر انسٹال ہوگا۔ سمارٹ میٹر پر بلنگ کنٹرول روم کے ذریعے کی جائے گی۔ واجبات کی عدم ادائیگی پر کنٹرول روم سے ہی کنکشن منقطع کر دیا جائے گا، سولر سسٹم پر کنکشن کیلئے لیسکو اے ایم آئی سمارٹ میٹرز فراہم کرے گی۔

لاہور بورڈ میں 4 ماہ بعد ریگولر سیکرٹری تعینات، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) لاہور تعلیمی بورڈ میں آخرکار 4 ماہ بعد ریگولر سیکرٹری کی تعیناتی کر دی گئی جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا۔ محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ڈپٹی سیکرٹری ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ رضوان نذیر کو دو سال کیلئے سیکرٹری لاہور بورڈ تعینات کیا گیا ہے۔ کنٹرولر امتحانات زاہد میاں کے اضافی چارج میں بھی تین ماہ کی توسیع کر دی گئی، کچھ دنوں سے لاہور تعلیمی بورڈ میں سیکرٹری اور کنٹرولر امتحانات کا عہدہ خالی تھا۔

نواز شریف کے پوتے کی شادی کی تیاریاں شروع کر دی گئیں

شادی کی تقریبات 24 دسمبر سے شروع ہوں گی، ولیمہ جاتی امراء میں ہوگا

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیر اعظم نواز شریف کے پوتے زید حسین نواز کی شادی کی تیاریاں شروع ہو گئیں۔ حسین نواز کے صاحبزادے زید حسین کی شادی کی تقریبات 24 دسمبر سے شروع ہوں گی۔ ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ مہندی ڈھولک کی تقریب 24 دسمبر کو ہوگی، زید حسین نواز کا نکاح 25 دسمبر کو ہوگا۔ جاتی امراء میں 26 دسمبر قوالی نائٹ کا اہتمام ہوگا، زید حسین کی 27 دسمبر کو سہرابندی ہوگی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

ویمن یونیورسٹی ملتان میں زراعت، صحت اور غذائی تحفظ میں پائیدار ترقی بارے تیسری بین الاقوامی کانفرنس شروع

کانفرنس خوراک میں تازہ ترین دریافتوں اور پیشرفت پر بات کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم فراہم کرے گی

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں زراعت، صحت اور غذائی تحفظ میں پائیدار ترقی بارے تیسری بین الاقوامی کانفرنس شروع ہوئی جس میں سو سے زائد ملکی اور غیر ملکی ماہرین زراعت شرکت کر رہے ہیں۔ ترجمان کے مطابق ویمن یونیورسٹی کے شعبہ بائیو کیمسٹری اور بائیو ٹیکنالوجی کے زیر اہتمام زراعت اور صحت اور غذائی تحفظ بارے تیسری انٹرنیشنل کانفرنس کا آغاز ہو گیا جو دو روز جاری رہے گی۔ پہلے روز مہمان خصوصی وائس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

SUSTAINABLE DEVELOPMENT IN AGRICULTURE, HEALTH AND FOOD SECURITY

ویمن یونیورسٹی ملتان میں زراعت، صحت اور غذائی تحفظ میں پائیدار ترقی بارے تیسری بین الاقوامی کانفرنس کے شرکا کا گروپ فوٹو

صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اطلاعات کا سلمان مسعود کے والد کی وفات پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے انگریزی اخبار "دی نیشن" کے ایڈیٹر سلمان مسعود کے والد مسعود احمد کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے والد کے انتقال پر سلمان مسعود کے ساتھ اظہار ہمدردی کرتے ہوئے مرحوم کے لئے دعائے مغفرت کی۔ صدر مملکت نے مرحوم مسعود احمد کے ورثا کیلئے صبر جمیل کی بھی دعا کی۔ اپنے بیان میں وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے انگریزی اخبار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

سپیکر قومی اسمبلی کی قومی دن کے موقع پر متحدہ عرب امارات کی قیادت اور عوام کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے متحدہ عرب امارات کے 53 ویں قومی دن کے موقع پر متحدہ عرب امارات کی قیادت اور عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات نے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان کی قیادت میں ترقی کی بے مثال منازل طے کی ہیں، یو اے ای کا انتہائی تیزی سے ترقی کی منازل طے کرنا قابل تحسین ہے۔ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے مابین تاریخی برادرانہ تعلقات موجود ہیں۔ پیر کو اپنے بیان میں سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان متحدہ عرب امارات کے ساتھ اپنے تاریخی برادرانہ تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے۔

International Volunteer Day
2024
EMERGENCY SERVICES ACADEMY

لاہور، وزیر صحت وایمرجنسی سروسز پنجاب خواجہ سلمان رفیق ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں ورلڈ والنٹیئر ڈے کی مرکزی تقریب کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

رحیم یار خان: نوکری کا جھانسہ دیکر خاتون سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

پہلے اسپتال میں نوکری دلوائی، اچھی ملازمت کا جھانسہ دے کر ساتھی ملزم کے پاس لے گیا

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان میں نوکری کا جھانسہ دے کر خاتون سے زیادتی کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق مرکزی ملزم کا ساتھی فرار ہو گیا، زیادتی کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن کے مطابق پہلے اسپتال میں نوکری دلوائی، اچھی ملازمت کا جھانسہ دے کر ساتھی ملزم کے پاس لے گیا۔ متاثرہ خاتون کا کہنا ہے کہ ملزمان زرعی کالج کے ایک مکان میں لے گئے، شور مچانے پر ملزمان فرار ہو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

چھوٹے صوبوں کا قیام ملکی استحکام کے لیے ضروری ہے، پروفیسر سجاد قمر

فوری طور پر آئینی کمیشن تشکیل دیا جائے، صوبہ ہزارہ سمیت دوسرے انتظامی صوبے قائم کیے جائیں، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) صوبہ ہزارہ تحریک کے مرکزی کوآرڈینیٹر پروفیسر سجاد قمر نے کہا ہے کہ چھوٹے صوبوں کا قیام ملکی استحکام کے لیے ضروری ہے، فوری طور پر آئینی کمیشن تشکیل دیا جائے اور صوبہ ہزارہ سمیت دوسرے انتظامی صوبے قائم کیے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے ترنول ڈھوک حمیدہ میں خیبر اسلام آباد ہوٹل کی افتتاحی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چوہدری رضا محمد، چوہدری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

قومی ایکشن پلان پر ازسرِنو اتفاقِ رائے پیدا کیا جائے' لیاقت بلوچ

وفاقی حکومت اور خیبرپختونخوا حکومت مجرمانہ غفلت ختم کرے

پارہ چنار میں امن وامان کی بحالی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ نے فوجی جوانوں اور افسران کی شہادتوں پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کا خاتمہ قومی سلامتی کے لیے ناگزیر اور پوری قوم اس پر متفق ہے۔ دہشت گردی کا نیٹ ورک مضبوطی سے فعال کیوں ہو گیا ہے؟ قومی ایکشن پلان کیوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

صدر مملکت مدارس رجسٹریشن بل پر فوری دستخط کریں' جے یو آئی

تمام تر تحفظات کے باوجود جے یو آئی جمہوری عمل میں اپنے حصے کی ذمہ داری نبھاتی رہے گی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر محمود، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تجابی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مدارس رجسٹریشن بل پر دستخط میں مزید کوئی تاخیر برداشت نہیں صدر فوری بل پر دستخط کریں، تمام تر تحفظات کے باوجود جے یو آئی جمہوری عمل میں اپنے حصے کی ذمہ داری نبھاتی رہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

ختم نبوت کا آئین وقانون ہمارے اکابرین کا تحفہ ہے' ثروت اعجاز قادری

ہم عقیدہ ختم نبوت ﷺ کے تحفظ کے لیے اپنی جانیں قربان کرنے سے کبھی دریغ نہیں کریں گے

جنہوں نے ختم نبوت کیلئے جنگ لڑی ان شہدا کو کبھی نہیں بھول سکتے' علامہ بلال سلیم قادری ودیگر کا خطاب

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے سربراہ محمد ثروت اعجاز قادری، مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ بلال سلیم قادری نے کہا ہے کہ ختم نبوت کا آئین و قانون ہمارے اکابرین کا تحفہ ہے، ہم عقیدہ ختم نبوت ﷺ کے تحفظ کے لیے اپنی جانیں قربان کرنے سے کبھی دریغ نہیں کریں گے، جنہوں نے ختم نبوت کیلئے جنگ لڑی ان شہدا کو کبھی نہیں بھول

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

انسانی جانوں کو بچانے کیلئے ایل پی جی کے قوانین سخت کرنے کا فیصلہ

غیر معیاری سلنڈر وآلات فروخت کرنے والوں کے لیے ناقابل ضمانت سزا تجویز

جرمانہ 3 ہزار سے بڑھا کر کم از کم 10 لاکھ اور زیادہ سے زیادہ 1 کروڑ، سزا 6 ماہ سے 10 سال ناقابل ضمانت ہوگی

لاہور (این این آئی) ایل پی جی انڈسٹریز ایسوسی ایشن پاکستان کے چیئرمین عرفان کھوکھر نے کہا ہے کہ اوگرا نے غیر معیاری ایل پی جی سلنڈروں کی فروخت روکنے اور انسانی جانوں کو ضائع ہونے سے بچانے کے لئے ایل پی جی کے قوانین سخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس میں سزائیں اور جرمانہ کئی گنا بڑھا دیا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ایل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

لاہور، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ سے ملاقات میں درخواستوں پر ریلیف کے احکامات جاری کر رہے ہیں

بھاٹی چوک میں مچھلی کی دکانیں سیل کرنے کیخلاف درخواستوں پر ضلعی انتظامیہ سے جواب طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بھاٹی چوک سے پرانی مچھلی منڈی کی منتقلی کے معاملے پر دکانیں سیل کرنے کیخلاف درخواستوں پر ضلعی انتظامیہ سے جواب طلب کر لیا۔ بھاٹی چوک سے پرانی مچھلی منڈی کی شہر سے باہر منتقلی کے معاملے پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

ڈسکوز کی نجکاری کے لیے ایس آئی ایف سی کو مرکزی کردار دینے کا فیصلہ

ابتدائی طور پر اسلام آباد، گوجرانوالہ اور فیصل آباد کی ڈسکوز کی نجکاری کا فیصلہ کیا گیا

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) حکومت کی جانب سے تین بہترین کارکردگی دکھانے والی پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کی نجکاری کے لیے اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ ڈسکوز کی نجکاری کے عمل کو تیز کرنے کے لیے ایس آئی ایف سی کو مرکزی کردار دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ابتدائی طور پر حکومت کے ماتحت 52 فیصد آئی پی پیز میں سے اسلام آباد، گوجرانوالہ اور فیصل آباد کی ڈسکوز کی نجکاری کا فیصلہ کیا گیا۔ نجکاری کے عمل کو کامیاب بنانے کے لیے اسٹیئرنگ کمیٹی کی تشکیل کے ذریعے سنجیدہ اقدامات کیے جا رہے ہیں، اسٹیک ہولڈرز کو آگاہ کرنے اور خدشات دور کرنے کے لیے جامع حکمت عملی تیار کی جا رہی ہے۔ کمیٹی کی جانب سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری کا سینئر صحافی سلمان مسعود کے والد کے انتقال پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے سینئر صحافی سلمان مسعود کے والد کے انتقال پر اظہار افسوس کیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے سینئر صحافی سلمان مسعود اور ان کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا مغفرت کی۔

گلستان جوہر میں سیوریج کا پانی جمع ہے جس کی وجہ سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے

پنجاب پولیس کے خدمت مراکز شہریوں کو ڈیجیٹل خدمات کی فراہمی میں مصروف عمل

رواں سال کے دوران 23 لاکھ 70 ہزار شہریوں نے خدمت مراکز سے پولیسنگ سروسز حاصل کیں' عثمان انور

پولیس خدمت مرکز سروس ڈلیوری کا شاندار پراجیکٹ ہے، شہریوں سے حاصل فیڈ بیک کی روشنی میں پولیسنگ سروسز کو مزید اپ گریڈ کیا جا رہا ہے

لاہور (کرائم رپورٹر، خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر پنجاب پولیس کے خدمت مراکز صوبہ بھر میں شہریوں کو پولیسنگ خدمات کی باآسانی فراہمی میں مصروف عمل ہیں، لاہور سمیت صوبہ بھر میں ہر ماہ لاکھوں شہری پولیس خدمت مراکز سے ایک درجن سے زائد پولیسنگ خدمات سے مستفید ہو رہے ہیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ رواں سال کے دوران 23 لاکھ 70 ہزار شہریوں نے خدمت مراکز سے پولیسنگ سروسز حاصل کیں۔ 06 لاکھ 56 ہزار سے زائد شہریوں نے کریکٹر سرٹیفکیٹ حاصل کیے، 10

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

نومبر میں مہنگائی 4.9 فیصد کی سطح پر آ گئی' ادارہ شماریات

حکومت نے مہنگائی 5.8 فیصد سے 8.6 فیصد کے درمیان رہنے کا تخمینہ لگایا تھا

لاہور (این این آئی) ادارہ شماریات کے مطابق نومبر میں مہنگائی کی سالانہ شرح حکومتی تخمینے سے بھی کم رہی اور مہنگائی 4.9 فیصد کی سطح پر آ گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق اکتوبر نومبر 2023 میں 29.2 فیصد تھی، نومبر 2024 میں شہری علاقوں میں مہنگائی 5.2 فیصد، دیہی علاقوں میں 3.4 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔ گزشتہ ماہ مہنگائی میں 0.5 فیصد کا معمولی اضافہ ریکارڈ کیا گیا، نومبر میں مہنگائی 4.9 فیصد کی سطح پر آ گئی جبکہ حکومت نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

لاہور، پنجاب پولیس نے بھتہ خوری کے مقدمہ میں 3 برس سے مطلوب خطرناک اشتہاری مجرم کو سعودی عرب سے گرفتار کر کے پاکستان منتقل کر دیا

بلوچستان میں موسم خشک اور سرد، آسمانی بجلی سے 2 افراد جاں بحق

قلات، خضدار (این این آئی) بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک اور سرد رہے گا جبکہ بارکھان، قلات، خضدار، قلعہ عبداللہ، ژوب، بیلہ، نصیر آباد، جھل مگسی اور بولان میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ ادھر آسمانی بجلی گرنے سے خضدار اور مستونگ میں خاتون سمیت دو افراد جاں بحق جبکہ تین زخمی ہوئے تھے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بیشتر علاقوں میں آج بھی بارش کا امکان ہے۔

ہیوی ٹریفک کے شہر میں داخلے کے اوقات پر عمل درآمد کیا جاتا ہے' ڈی آئی جی ٹریفک کراچی

کراچی (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک احمد نواز چیمہ کا کہنا ہے کہ ہیوی ٹریفک کے لیے شہر میں داخلے کے اوقات پر عمل درآمد کیا جاتا ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے ڈی آئی جی ٹریفک احمد نواز چیمہ نے کہا کہ سپر ہائی وے موٹروے کی حدود میں آتی ہے۔

راولپنڈی، ڈپٹی ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر عمران لائیوسٹاک فارمر سے گفتگو کر رہے ہیں

بنوں: مارٹر گولہ پھٹنے سے 2 بھائیوں سمیت 3 بچے جاں بحق

بچوں نے ویرانے میں پڑا مارٹر گولہ اٹھا لیا تھا جو دھماکے سے پھٹ گیا، لاشیں ہسپتال منتقل

بنوں (این این آئی) بنوں کے علاقے جانی خیل میں مارٹر گولہ پھٹنے سے 2 بھائیوں سمیت 3 بچے جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق بچوں نے ویرانے میں پڑا مارٹر گولہ اٹھا لیا تھا جو دھماکے سے پھٹ گیا۔ تینوں بچوں کی میتیں اسپتال منتقل کر دی گئی ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ علاقے میں سرچنگ جاری ہے۔

کراچی: موٹر سائیکل لفٹنگ گینگ گرفتار کر لیا گیا

پولیس نے جہانگیر روڈ انکوائری آفس کے قریب کارروائی کر کے موٹر سائیکل لفٹنگ میں ملوث 5 ملزمان کو گرفتار کیا

کراچی (این این آئی) کراچی کی جمشید کوارٹرز پولیس نے موٹر سائیکل لفٹنگ گینگ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس نے جہانگیر روڈ انکوائری آفس کے قریب کارروائی کر کے موٹر سائیکل لفٹنگ میں ملوث 5 ملزمان کو گرفتار کیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان مختلف علاقوں سے موٹر سائیکلیں چوری کرنے کے بعد ان کے پرزے کھول کر فروخت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

گھوٹکی شہر سے محنت مزدوری کر کے گھر جاتے ہوئے دو نوجوان لاپتا

گنے کے کھیت سے موٹر سائیکل ملی ہے جس کے بعد واقعے کی تحقیقات کر رہے ہیں' پولیس

گھوٹکی (این این آئی) اوباڑو میں محمد پور لنک روڈ سے گھر جاتے ہوئے دو نوجوان لاپتا ہو گئے۔ نوجوانوں کے ورثاء نے اغوا کا شک ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ رات دونوں افراد گھر آ رہے تھے کہ اس دوران لاپتا ہو گئے، دونوں افراد شہر سے محنت مزدوری کر کے واپس آ رہے تھے۔ پولیس کے مطابق گنے کے کھیت سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

مستحکم معیشت کی خاطر اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

ملک بھر سے 869 کپڑے کے تھان اور 0.26 ملین لیٹر ایرانی تیل برآمد

لاہور (این این آئی) مستحکم معیشت کی خاطر اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے حکومتی اداروں کا ملک بھر سے 6826 سگریٹ کے سٹاکس، 869 کپڑے کے تھان اور 0.26 ملین لیٹر ایرانی تیل برآمد کیا گیا۔ یکم ستمبر 2023 سے اب تک ملک بھر سے 13471.5 میٹرک ٹن کھاد او

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

مغلپورہ میں سسرالیوں کے مبینہ تشدد سے بہو جان کی بازی ہار گئی

شوہر نے اپنی والدہ اور بہنوں کے ساتھ مل کر اپنی بیوی انیقہ کو تشدد کا نشانہ بنایا

لاہور (کرائم رپورٹر) مغلپورہ میں سسرالیوں کے مبینہ تشدد سے بہو جان کی بازی ہار گئی، پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لیے منتقل کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا۔ مقتولہ کے والد کا کہنا ہے کہ اس کی بیٹی کو اس کے شوہر، ساس اور دو نندوں نے بدترین تشدد کر کے قتل کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مغلپورہ کے علاقے میں شوہر نے اپنی والدہ اور بہنوں کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

پی ٹی آئی احتجاج میں ہلاکتوں پر غلط رپورٹنگ، پاکستان کی برطانوی نشریاتی ادارے سے شکایت

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی احتجاج میں ہلاکتوں سے متعلق غلط رپورٹنگ پر پاکستان نے برطانوی نشریاتی ادارے سے شکایت کی ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے احتجاج کے دوران ہلاکتوں کے حوالے سے غلط رپورٹنگ پر حکومت پاکستان نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینیجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	افتخار احمد شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایوان کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

افغانستان سے یا پاکستان میں ہونیوالی دہشتگردی کے پیچھے بھارتی فوج کی وردی ہے' کامران ٹیسوری

26 نومبر کی رات کو قتل عام کا دعوی کرنے والے مرنے والوں کے لواحقین کو لے آئیں فی کس 20 لاکھ امدادی رقم خود فراہم کروں گا

عمران خان جس حال میں ہیں اس کے ذمہ دار خود ہیں، پی ٹی آئی والے مس کال اور رانگ کال پر ڈی چوک گئے' گورنر سندھ کی گفتگو

لاہور (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ افغانستان سے یا پاکستان کے اندر ہونے والی دہشتگردی کے پیچھے بھارتی فوج کی وردی ہے، عمران خان جس حال میں ہیں اس کے ذمہ دار وہ خود ہیں، اسلام آباد میں 26 نومبر کی رات کو قتل عام کا دعوی کرنے والے مرنے والوں کے لواحقین کو لے آئیں فی کس 20 لاکھ روپے کی امدادی رقم خود فراہم کروں گا، ایک ماہ آئی جی سندھ گورنر سندھ کی بات سن لیں اگر ایک کرائم ہو جائے تو پھر مجھ سے شکایت کریں لیکن میری بات نہیں سنی جا رہی، اگر بھارت چیمپئنز ٹرافی کھیلنے کی خواہش رکھتا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

کرم: ایک اور زخمی دم توڑ گیا، ہلاکتیں 131 ہو گئیں

ضلع بھر میں 10 روز بعد تمام تعلیمی ادارے کھل گئے' ڈپٹی کمشنر

کرم (این این آئی) ضلع کرم میں فائرنگ کے واقعے میں زخمی ہونے والا ایک اور شخص دم توڑ گیا۔ اسپتال ذرائع کے مطابق 12 روز کے دوران فائرنگ کے واقعات میں 131 افراد جاں بحق اور 186 زخمی ہو چکے ہیں۔ اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر کا کہنا ہے کہ ضلع بھر میں گزشتہ شام سے فائر بندی پر عمل درآمد جاری ہے، ضلع بھر میں 10 روز بعد تمام تعلیمی ادارے کھل گئے۔ ایم این اے حمید حسین نے کہا ہے کہ پشاور پاراچنار روڈ سمیت آمد و رفت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

شامی فوج کا 400 سے زائد عسکریت پسندوں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ

دمشق (شنہوا) شامی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے حلب اور ادلب کے شمالی صوبوں میں باغیوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے روسی افواج کی مدد سے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 400 سے زائد عسکریت پسندوں کو ہلاک کر دیا۔ فوج اور مسلح افواج کی جنرل کمانڈ کے پیر کو جاری کردہ ایک بیان کے مطابق فضائی، میزائل اور توپ خانے کے حملوں میں دہشت گردوں کے 5 کمانڈ مراکز اور گولہ بارود کے 7 ڈپو تباہ کر دیے۔

اسلام آباد، صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے یورپی یونین کے لئے اعزازی صدارتی مشیر چوہدری نصیر احمد ملاقات کر رہے ہیں

چین نے ایڈز کی تشخیص کے بعد روک تھام کے اقدامات میں اضافہ کر دیا

بیجنگ (شنہوا) ایک یونیورسٹی کے طالب علم نے صرف 30 منٹ میں یاد کی گئی طبی معلومات کو دوبارہ بیان کرتے ہوئے بتایا کہ "ایک پولیس افسر کو افراتفری کے دوران غلطی سے ایچ آئی وی کے شکار منشیات فروش نے نوچ لیا تھا"۔ طالب علم نے مزید بتایا کہ "اس افسر نے طبی مشورے پر عمل کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

بیجنگ میں کاروباری ماحول کی بہتری سے غیر ملکی سرمایہ کاری کا فروغ

مسلسل 7 برس سے بیجنگ کی بلدیاتی حکومت نے اپنے کاروباری ماحول میں اصلاحات کے منصوبے کو بہتر کیا ہے

بیجنگ (شنہوا) چینی دارالحکومت بیجنگ نے اپنے کاروباری ماحول کو مسلسل بہتر بنایا ہے جس سے غیر ملکی سرمایہ کاری کے مرکز کے طور پر اس کی کشش مستحکم ہوئی ہے۔ بیجنگ میں 252 کثیر القومی کمپنیوں کے علاقائی صدر دفاتر اور غیر ملکی سرمایہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

چین کے صوبے سیچوان سے ویانا کے لئے نئے براہ راست فضائی روٹ کا آغاز

چھنگ دو (شنہوا) چین کے جنوب مغربی صوبے سیچوان کے دارالحکومت چھنگ دو سے آسٹریا کے دارالحکومت ویانا کو منسلک کرنے والے براہ راست فضائی روٹ کا آغاز کیا گیا ہے۔ منتظمین کے مطابق چھنگ دو تیان فو بین الاقوامی ہوائی اڈے سے اتوار کی علی الصبح 2 بج کر 49 منٹ پر پرواز روانہ ہوئی جو 10 گھنٹے 20 منٹ کی مسافت کے بعد مقامی وقت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

سنکیانگ میں چین-پاکستان سرحدی بندرگاہ سارا سال فعال رہے گی

فعالیت کا دورانیہ بڑھنے سے چین اور پاکستان کے درمیان معاشی اور تجارتی تعاون میں اضافہ ہوگا

ارمچی (شنہوا) چین کے شمال مغربی سنکیانگ ویغور خود مختار علاقے میں چین-پاکستان سرحد پر واقع درہ خنجراب کا زمینی بندرگاہ پورا سال فعال رہے گی۔ سطح سمندر سے تقریباً 5 ہزار میٹر بلند درہ خنجراب چین اور پاکستان کے درمیان بڑا تجارتی مرکز اور جنوبی ایشیا اور یورپ کی اہم راہداری ہے۔ انتہائی بلندی اور سخت موسمی حالات کے باعث درہ خنجراب اس سے پہلے اپریل سے نومبر تک کھلا رہتا تھا جبکہ دسمبر سے مارچ تک بند رہتا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

چینی وزیر خارجہ کی قازقستان، تاجکستان اور ازبکستان کی اپنے ہم منصبوں سے ملاقاتیں

ہمہ جہت تعاون کو مضبوط بنانا دونوں ممالک کے مشترکہ مفادات اور عوام کی مشترکہ توقعات کے عین مطابق ہے' چینی وزیر خارجہ

چھنگ دو (شنہوا) چین کے وزیر خارجہ وانگ یی نے چین کے جنوب مغربی شہر چھنگ دو میں 5 ویں چین وسطی ایشیا وزرائے خارجہ اجلاس کے بعد قازقستان کے نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ مورت نورتلیوف، تاجکستان کے وزیر خارجہ سراج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی گندم کی کاشت بارے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اعلان تقرری

ABC CERTIFIED
قوت

محسن عرفان
تحصیل رپورٹر پھالیہ
0300-7527568

مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔
ادارہ